| خواص سورہ کوثر | ۶۴۸ | نقش برائے دفع اثر آسیب و سحر (جانب مشرق میں لٹکایا جائے) | ۷۰۱ |
| خواص سورہ کافرون | ″ | نقش برائے وسعت رزق از غیب۔ (فریم کرکے گھر میں لٹکایا جائے یا گلے میں ڈالا جائے)۔ | ۷۰۲ |
| خواص سورہ نصر | ″ | نسخہ اکسیر برائے ازالہ اثر آسیب و سحر (گلے میں ڈالا جائے) از مجربات حضرت مولانا احمد علی پنجگوری۔ | ۷۰۳ |
| خواص سورہ لہب | ۶۴۹ | نوشتہ دربیتے دھد آسیب ظاہر شود۔ | ۷۰۴ |
| خواص سورہ اخلاص | ″ | برائے خرید و فروخت مکان / دکان | ″ |
| خواص سورہ فلق | ۶۵۰ | برائے ازالہ بخار | ۷۰۵ |
| خواص سورہ ناس | ″ | برائے ندامت نوشتہ بسوزد | ۷۱۱ |
| نقش تمام کلام مجید کا | ″ | برائے استخارہ بر سر نہد | ″ |
| نقش کلام اللہ مع تمام بسم اللہ کے۔ | ۶۵۱ | برائے اجراء دکان خرید و فروخت بسیار کردد یکے بدکان بزد و دیگر در جنس | ″ |
| دلہن کی خوبصورتی میں اضافہ اور دوسرے خواص کیلئے | ۶۵۲ | عمل برائے استخارہ | ۷۱۲ |
| نقش مالک الملک ذوالجلال والاکرام۔ | ″ | برائے عزت وھیبت در قلوب مردان | ۷۱۳ |
| خواص اسمائے حسنیٰ تجلیات ربانی وجمال رحمانی۔ | ۶۵۳ | نماز استسقاء | ۷۱۴ |
| خواص اسمائے مقدسہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم | ✓ ۶۹۷ | نماز کسوف وخسوف | ″ |
| برائے حل مشکلات طریقہ خواندن مسبعات عشر | ۶۹۹ | دوران وضو دعائیں اور ان کا حکم | ۷۱۵ تا ۷۲۰ |
| | | بقیہ عملیات حضرت لاہوری رحمہ اللہ حضرت | ۷۲۱ تا ۷۳۶ |
| | | مولف کے اسناد | ۷۴۶ تا ۷۵۸ |

# تعارف

## خزینۃ الاسرار مجربات علماء و مشائخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد

اس کتاب کا نام خزینۃ الاسرار مجربات علماء و مشائخ رکھا گیا ہے جو قرآن و حدیث کے علاوہ بھی متعدد کتب بلکہ پچپن کتب کا لب لباب ہے جس میں (۱) حیوٰۃ الحیوان مصنفہ علامہ دمیریؒ (۲) مجربات امام غزالی (۳) مجربات امام سیوطی (۴) آکام المرجان فی غرائب الاخبار واحکام الجان مصنفہ قاضی بدر الدین (۵) شمس المعارف مصنفہ علامہ بونیؒ (۶) اصلی جواہر خمسہ کامل مصنفہ قدوۃ الکاملین حضرت شیخ محمد غوث گوالیاریؒ (۷) فتاوٰی شامی مصنفہ علامہ شامیؒ سے استفادہ کیا گیا ہے۔ غرضیکہ خزینۃ الاسرار مجربات علماء و مشائخ عملیات کے مشہور و معروف خورد و کلاں کتب کا لب لباب اور خلاصہ ہے۔ خزینۃ الاسرار تین حصوں پر مشتمل ہے اور تینوں حصوں کو یکجا کر کے ایک حسین و جمیل جلد میں بند کر دیئے ہیں ویسے ہر حصہ الگ بھی دستیاب ہے۔ تینوں حصوں کا مختصر تعارف ملاحظہ فرمادیں

(۱) حصہ اول بنام مجربات مشائخ جس میں اکابر علماء دیوبند کے ممتاز ترین شخصیتوں کے مجربات قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح علماء باطن مشائخ عظام کے مجربات بھی بطور تبرک شامل کر دیئے گئے ہیں۔

(۲) حصہ دوم کا نام گنجینۂ مجربات رکھا گیا ہے جس میں بڑے بڑے بزرگان دین عاملین کرام اور مشائخ عظام، علماء کرام کے روز آزمودہ ورد و وظائف و تعویذات کا تذکرہ ہے

(۳) حصہ سوم کا نام مجربات عاملین کاملین رکھا گیا ہے جس میں پاکستان کے ممتاز ترین عامل کامل محترم جناب محی الدین قریشیؒ کے روزمرہ کے زوداثر ورد و وظائف اور مجربات تعویذات جن کو انہوں نے بذریعہ مؤکلین جنات جمع کر دیئے تھے۔ عاجز واثیم از حضرت قریشی کے مجاز ہونے کے بعد ان مجربات کو جو ڈاکٹری اور طبی اصولوں کے مطابق تحریر کئے گئے ہیں کتابی شکل میں لانے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ مجربات عاملین کاملین کے اندر انسانی جسم و جسد کے ہر ہر جزو کے امراض کیلئے الگ الگ ورد و وظائف اور شرعی تعویذات تجویز کر دیئے گئے اور بعض اعضاء و جوارح کی جائز تصاویر بھی دی ہوئی ہیں۔ دیگر ہر عضو کے علاج کے لئے کئی تعویذات تجویز کر دیئے گئے بلکہ تمام اعضاء و جوارح کے جمیع امراض کیلئے کئی تعویذات و وظائف کو نمبرواری سے درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ بوقت ضرورت اگر ایک نمبر کا تعویذ و وظیفہ تیر بہدف ثابت نہ ہو تو دو نمبر کا انشاء اللہ یقیناً تیر بہدف ثابت ہوگا۔ اسی طرح سے اگر ضرورت پڑی تو دوسرا نسخہ تیسرا نسخہ الخ بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ چونکہ مؤکلین حضرات کے نمبرواری سے مجربات ہیں اسلئے انشاء اللہ تعالیٰ حتماً ان میں اثرات نمایاں طور پر پائے جائیں گے اس لئے علاج کا یہ طریقہ کار مؤکلین جنات کے نزدیک بہت ہی مشہور و معروف اور مقبول و مرغوب ہے، اول تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی نسخہ سے تشفی اور تسلی ہوگی

اور دیگر نسخہ جات کے استعمال کرنے کی نوبت ہی نہیں آئیگی. حضرت قریشیؒ کی اس بیاض میں بالکل ترتیب تھی عاجز واثیم نے از ابتداء تا انتہاء اس میں ترتیب قائم کر کے پھر آیتوں کی نشاندہی کر کے پارہ سورہ اور رکوع متعین کر دیئے اور موکلین جنات عاشقین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دلبر اور دلآویز عربی اشعار جو بیاض میں غلط سلط اور بے ڈھنگا اور بلا ترتیب کے تحریر تھے ان تمام عربی اشعار کو راقم الحروف نے جمع کر کے صحیح اور درست کر دیئے جس کو حضرت قریشی صاحب دیکھ کر بہت خوش ہوئے. حضرت قریشی صاحب کی بیاض مٹ کر غائب ہو گئی اور مجھ سے ایک نقل طلب کی بندہ نے ان کے لئے ایک نقل بھیج دی، مگر دوبارہ معلوم ہوا کہ نقل کو بھی شیاطین نے مٹا دیا. الحمدللہ وہ بیاض عاجز کے پاس تاا کنون بالکل محفوظ ہے. اور بار بار آپ نے اس بیاض کے چھاپنے کی خواہش ظاہر کی الحمدللہ ثم الحمدللہ عاجز واثیم نے کافی اضافے کے ساتھ بیاض مکمل کر کے اپنی ضخیم کتاب بنام خزینۃ الاسرار، مجربات علماء و مشائخ کا مستقل ایک جزء بنا دیا تاکہ مجربات مشائخ کی برکت سے اس کی افادیت پر چار چاند لگے اللہ تعالیٰ کی بڑی سپاس گزاری ہے کہ کتاب چھپ کر منظر عام پر پہنچ کر ہدیۂ ناظرین ہے. باری تعالیٰ سے دعاء ہے کہ وہ اس کتاب کو مؤلف اور قارئین کرام کی نجات کا ذریعہ اور وسیلہ بنا دے

نوٹ: اس کتاب کے مضامین جمع کرتے وقت کامل وضوء کا اہتمام کیا گیا ہے لہٰذا بلا وضوء کے نہ کتاب کو ہاتھ لگانا مناسب اور نہ اس سے تعویذ لکھنا جائز۔ فقط

ملتمس دعاء:

مولانا حاجی احمد علی بن شاہ دوست پنجگوری

خلیفۂ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا حافظ

غلام حبیب صاحب مدیر دارالعلوم حنفیہ چکوال



بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم، اما بعد

راقم عاجز واثیم اپنے حضرت شیخ، مرشد عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب نقشبندی مجددی کے مجرب فرمودہ چند ورد و وظائف اور اپنے اکابر علماء سلف کے مجرب عملیات و تعویذات و وظائف کو سپرد قلم کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے تاکہ امت مسلمہ کو سلف صالحین کے معتبر شدہ عملیات و وظائف سے فائدہ حاصل ہو جائے۔

ایک تو عام عاملین کے اوراد و وظائف، عملیات اور تعویذات ہوتے ہیں اور دوسرے علماء ربانیین کہ درحقیقت ظاہری اور باطنی طور پر عامل شریعت ہیں ان دونوں کے عملیات میں زمین و آسمان کا فرق ہے. جو حضرات عامل شریعت نہیں ان کے تعویذات میں وہ قوت باطنی نہیں پائی جاتی جو عامل شریعت کے عملیات و تعویذات میں پائی جاتی ہے. باقی تعویذ و نقش بذات خود تاثیر نہیں رکھتے. ہاں حکم ربی ہو گا یقیناً اس میں اثر پایا جائیگا. اسلئے عامل ہمہ تن باری تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو، عاجزی و انکساری کو اپنا شیوہ بنائے اور ساتھ ساتھ مریض کے حق میں دعا گو اور دعاء جو بھی ہو اور رضائے الٰہی ہر وقت مد نظر ہو، ہر قسم کے دعوے سے اجتناب کرے. صاحب نسبت ہونا ضروری ہے تاکہ قانع بن کر طمع و لالچ کے مرض سے محفوظ ہو. دیگر تعویذ لکھتے وقت حدث اکبر اور حدث اصغر سے پاک ہونا از حد ضروری ورنہ اثر نمودار نہ ہوگا۔ فقط دعا گو اور دعاجو

احمد علی بن شاہ دوست

خلیفۂ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## مجرب عمل حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ یٰسٓ شریف پڑھیں اور ہر مُبِین پر پہنچکر سات بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اول آخر درود شریف کیساتھ پڑھیں

## مُجرّب عملیات و تعویذات

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ
سابق مہتمم دار العلوم دیوبند

### نقش برائے فتح مقدمہ وغیرہ بر دشمن و تسخیر حکام (بہت مجرب ہے)

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۹۴ | ۹۷ | ۱ |
| ۹۶ | ۲ | ۷ | ۹۵ |
| ۳ | ۹۹ | ۹۲ | ۶ |
| ۹۳ | ۵ | ۴ | ۹۸ |

یا اللہ جل جلالہ بہ برکت این نقش ہر بلا دفع شود
جملہ حکام مسخر شوند۔



## برائے دردِ زِہ (بچہ کی ولادت کے لئے)

یہ تعویذ لکھ کر عورت کے ہاتھ میں دیدے انشاء اللہ تعالےٰ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

| | |
|---|---|
| ز | ب |
| ھ | ط |
| ج | د |

## دیگر برائے ولادتِ طفل

ایک نقش لکھ کر حاملہ عورت کو کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ ہوگا۔
خَلَقَ النفس مِنَ النفس خَلَقَہَا وَالّتی مَافی بَطنہا

## بچہ کو ضد اور رونے سے باز رکھنے کا عمل

اس عبارت ذیل کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ ضد، شرارت اور رونے سے باز رہے گا۔

ط ط ط ط ط ط ط ھی ھی ھی ھی ھی ھی قدوس قدوس
قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس باسم فلان بن فلان

نوٹ: پہلے فلاں کی جگہ بچے کا نام اور ابن کے بعد فلاں کی جگہ بچے کے باپ کا نام لکھے

## برائے عقیمہ (بانجھ)

(حصولِ اولاد کے لئے)

حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر اجودھنی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ یہ کلمات کاغذ کے سات ٹکڑوں پر لکھے اور ہر روز ایک ٹکڑا کاغذ

شکر کے ساتھ باوضو بانجھ عورت کو کھلائے انشاءاللہ لڑکا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سرجمع سرسرجمع | سرسرشر سر جمع |

# مجرب عملیات

## حضرت الحاج سید عابد حسین صاحب دیوبندی

**برائے فراخی رزق**

مندرجہ ذیل عمل خلوص نیت اور حصول مقصد کے لئے تیر بہدف ہے لیکن اکل حلال اور صدقِ مقال، نیز ظاہری و باطنی طہارت ضروری ہے۔ درود شریف گیارہ مرتبہ، سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم اکتالیس مرتبہ۔ بعد ازاں اکتالیس بار یہ دعا پڑھے یَا اللّٰهُ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لِیْ اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔

مذکورہ دعا کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

**تعویذ برائے تپ ولرزہ (سردی کے بخار کے لئے)**

| | | | |
|---|---|---|---|
| هاروت | هاروت | گس | ل |
| ماروت | ماروت | مع | ف |
| ۲۰۵۸ | ۷۸۶ | یاشافی | یاکافی |

یا شافی الامراض شفا عطا فرما مریض کو تپ ولرزہ وغیرہ سے

مندرجہ بالا تعویذ مریض کو اس طرح پہنایا جائے کہ اس کے گلے سے ملا ہوا رہے



# عملیات

## حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ

**برائے ادائے قرض**

الم نشرح پوری سورۃ اکیس مرتبہ بوقتِ مقررہ پڑھے انشاءاللہ قرض سے جلد خلاصی ہوگی۔

**نقش برائے آسیب زدہ - ہاتھ میں یا گلے میں باندھے**

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶ بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

۱۱۱۵ ۱۱۱۱

**نقش برائے آسیب زدہ (جلانے کے لئے)**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

## فتیلہ آسیب از منقولاتِ حضرت مولانا محمد اسحٰق صاحبؒ

جن فتیلوں سے آسیب جل جاتا ہے ایسے فتیلوں میں یہ عبارت بڑھا دینا چاہئے اگر نہ گریزد سوختہ شود

فرعون بے عون — ہامان شرمار
عاد ثمود نمرود — ابلیس کلہم
فی النار

## نقش برائے استحاضہ (لکھ کر پلائیں)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَلَامٌ | قَوْلاً | من | رب |
| قَوْلاً | من | رب | رحیم |
| مِن | رب | رحیم | مشکل |
| رَبّ | رَحِیم | مشکل | کشاید |

نوٹ: جن فتیلوں سے آسیب جل کر راکھ ہو جاتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں ملاحظہ ہوں۔

## فتیلہ آسیب زدہ مریض کے دھونی دینے کے لئے

کاما من خفت موازینہ فامہ ھاویہ وما ادرٰک ماھیہ نارحامیۃ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | العجل | ۱۹ | ۱۷ | ۲۶ | ۸ | ۲۹ | ۱ | العجل | اللہ |
| باق | العجل | ۲۱ | ۱۱ | ۱۴ | ۲۸ | ۱۲ | (۶) | العجل | باق |
| من | العجل | ۱۳ | ۲۲ | ۱۶ | ۲۴ | ۷ | ۱۰ | العجل | من |
| کل | العجل | ۲۷ | ۴ | ۳ | ۲۰ | ۱۵ | ۵ | العجل | کل |
| فان | العجل | ۱۶ | ۲ | ۹ | ۱۸ | ۲۳ | ۲۵ | العجل | فان |

اس نقش کے فتیلہ کو نیلے رنگ کے سوتی کپڑے میں لپیٹ کر مریض کو بوقت گھبراہٹ دھونی دیں



## برائے مسحور و جنّات ۔ سات رات تک مندرجہ ذیل فتیلہ جلانا ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۲ | ۳ | ۱۳ |
| ۵ | ۷ | ۶ | ۸ |
| ۹ | ۱۱ | ۱۰ | ۱۲ |
| ۴ | ۱۴ | ۱۵ | ۱ |

یہ نقش فتیلہ برائے بھوت، آسیب وغیرہ کے لئے کڑوے تیل و دیہ میں ڈال کر چراغ میں آسیب زدہ کے سامنے روشن کرے انشاء اللہ مریض صحت یاب ہوگا۔

# مُجرّب عملیاتِ

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مہاجر مدنی قدس سرہٗ

## بچوں کی بدخوابی، دودھ نہ پینا اور زیادتی گریہ سے نجات کیلئے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمْ بچے کے گلے میں باندھیں

## برائے ردِّ سحر

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرُ الْقَاھِرُ الْقَائِمُ الْکَافِیْ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ

شَرِّ عَدُوٍّ وَّهُوَ اَقْوٰى مِنِّيْ يَا رَبِّ هُوَ اَقْوٰى لِيْ مِنْهُ مریض خود اپنے اوپر دم کرلے یا دوسرا پڑھ کر اس پر دم کردے تعداد ایک سو گیارہ بار بوقت دفع ہر بلا اور ردِ سحر کے لئے بہت ہی نافع ہے ۔

## مرضِ لاعلاج کے لئے

سفید طشتری پر سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ لکھا جائے اور آبِ زمزم میں گھول کر قبل طلوعِ آفتاب چالیس دن متواتر مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کامل طور پر صحتیاب ہوگا۔

## بے روزگاری یا قرض کی شکایت دور کرنے کیلئے

یَا مُغْنِیُ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے ۔

## مقدمہ وغیرہ کی پریشانی

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ بعد نماز عشاء پانچسو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے ۔

## سنگین مقدمہ میں کامیابی کے لئے

کچہری یا عدالت میں جانے سے قبل تین یا سات مرتبہ سورہ قریش پڑھ کر سینہ پر دم کرے اور پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر اندر قدم رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی ۔



# عملیات حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

## ہر مقصد کے لئے یہ تعویذ

ہر مقصد کے لئے یہ تعویذ لکھ کر دیں

۵ ۱۱۱ ج ‡ ۱۱۱ ھ ٥

## نقش برائے ہر مرض

نقش برائے ہر مرض حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رح و حضرت مولانا رفیع الدین صاحب رح

ح ++ ۱۱۱۱ ھ ٥

۱۱۱۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں

# عملیات و تعویذاتِ

## حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

## سر کا اور دانت کا درد اور ریاح کے لئے

ایک پاک تختی پر پاک ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر یہ لکھو اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّیْ اور میخ کو زور سے الف پر دباؤ اور درد والا

اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ پر رکھے اور تم ایک دفعہ الحمد آخر تک پڑھو اور اس سے درد کا حال پوچھو اگر اب بھی درد ہو رہا ہو تو اسی طرح ب کو دباؤ غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو انشاء اللہ تعالےٰ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا یہی عمل دیگر تمام اقسام کے درد کے لئے کارآمد اور شافی وکافی ہے

## سر کا درد خواہ آدھا سیسی کا یا دوسری طرح کا

آیت ذیل لکھ کر درد کے موقع پر باندھ دیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ (پوری سورت) لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا هُمْ يُنْزِفُوْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۔

## سکر درد کی مجرب جھاڑ

ایک پرچہ پر بسم اللہ پوری لکھ کر اس کے نیچے موٹے قلم سے حرف (س) لکھے اور اس کے پہلے شوشہ پر میخ گاڑ کر کسی لکڑی سے بسم اللہ پڑھ کر سات مرتبہ اس میخ پر لکڑی مارے چند مرتبہ ایسا کرنے سے بہت نفع ہوگا۔ مجرب ہے

## مرضِ ناسور کا علاج

اگر کوئی شخص مرضِ ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے اس کے علاج سے ڈاکٹر اور طبیب عاجز ہیں۔ اس کے واسطے عمل



ایک فقیر کا فرمودہ ہے بہت مجرب ہے وہ یہ ہے کہ اول کچی زمین پر مریض مصلٰی بچھا کر سجدہ میں پڑ کر عجز وانکساری کے ساتھ بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے اور پھر یہ اسماء بہت کثرت سے پڑھنا شروع کرے جس حالت میں بھی ہو بیٹھا ہو لیٹا ہو ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ چند روز میں خود بخود بہت نفع ہوگا۔ کئی آدمیوں کو اس سے نفع ہو چکا ہے وہ اسماء یہ ہیں

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

## سانپ. بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا

ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جائیں اور قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں انشاء اللہ تعالےٰ بہت ہی فائدہ ہوگا

## باؤلے کتے کا کاٹ لینا

آیت اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا تک ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روز اس شخص کو کھلانا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہڑک نہ ہوگی۔

## ہر وقت بیداری کے لئے قرآنی ٹائم پیس

اگر وقتِ مقررہ پر اٹھنے میں دشواری ہو تو مندرجہ ذیل آیت ایک

مرتبہ پڑھ کر سورہے (یہ عمل شب و روز دونوں کے لئے ہے) انشاء اللہ تعالیٰ وقتِ مقررہ پر ضرور بیدار ہوگا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا o قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا o قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا o پ ۱۶ آخیر سورہ کہف ع ۱۲

نوٹ: یہ ایک مرتبہ پڑھ لے جس وقت کو ذہن میں متعین کر دیگا کہ وقتِ مقررہ پر بیدار ہوجاؤں انشاء اللہ سو فیصد یقینی طور پر ضرور بیدار ہوجائیگا۔

## برائے سہولتِ نکاح

بعد نمازِ عشاء یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ گیارہ سو گیارہ بار اول و آخر درود شریف چالیس روز تک متواتر پڑھے اور اس کا تصور کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود بر آویگا۔ چالیس دن سے پہلے کام ہوجائے تب بھی چالیس دن پورے کرے، چھوڑے نہیں

## ناف کے ٹلنے کے لئے

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

اس نقش کو ناف پر باندھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |



## تسخیرِ حکام کے لئے مجرب ہے

اس اسماء کو حاکم کے سامنے پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرم ہوجائے گا یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ

## حُکّام کو نرم کرنے کا عمل

ان چاروں حروف کو اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر حاکم کو سلام کرے اور فوراً مٹھی بند کرے حاکم مطیع ہو انشاء اللہ تعالیٰ

الٓف۔ یٓا۔ سیٓن۔ میٓم

## برائے اصلاحِ زوجین مجرب ہے

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے کے لئے یہ لکھ کر دے یا دم کرکے کھلادے یا پلادے انشاء اللہ فوراً محبت ہوگی مجرب ہے۔ ناجائز جگہ اس کا استعمال کرنا نقصان کا باعث بنتا ہے یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ اَلِّفْ بَیْنَ فلان ابن فلان وفلانہ بنت فلان کما الفت بین موسیٰ وھارون مَثَلُ کَلِمَةٍ طَیِّبَةٍ کَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ اَصْلُھَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُھَا فِی السَّمَآءِ تُؤْتِیْٓ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّھَا وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَذَکَّرُوْنَ

نوٹ: اس میں فلان ابن فلان کی جگہ پر شوہر کا نام لکھے اور فلانہ

بنت فلاں کی جگہ پر بیوی کا نام لکھے

## استخارہ مجرّب

اول گیارہ سو مرتبہ اسم الرَّحِیۡمُ پڑھے اور بعد ختم ڈیڑھ آنہ دس پیسے نئے کی شیرینی بچیوں میں تقسیم کرے اور یہ نیت کرے کہ اس کا ثواب اولیاء اللہ کو پہنچے بس اب اس کے عامل ہو گئے۔

بوقتِ ضرورت ایک پرچہ پر صرف الرَّحِیۡمُ لکھ کر رات کو سر کے نیچے رکھے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں جو معاملہ دیکھنا ہوگا ضرور معلوم ہو جائے گا۔ (مجرب ہے)

## مجرّب عملیات

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمہ اللہ

سابق محدث دار العلوم دیوبند

### برائے ادائے قرض

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

مندرجہ بالا دعا کو اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھی جائے

### برائے قوت حافظہ

مندرجہ ذیل آیات زعفران سے چینی کی طشتری پر تحریر کریں اور



جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَكَذٰلِكَ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡكَ رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا مَا كُنۡتَ تَدۡرِیۡ مَا الۡكِتٰبُ وَلَا الۡاِیۡمَانُ وَلٰكِنۡ جَعَلۡنٰہُ نُوۡرًا نَّہۡدِیۡ بِہٖ مَنۡ نَّشَآءُ

### برائے اضافہ شیر دودھ میں اضافہ کے لئے

دودھ میں اضافہ کے لئے زیرہ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ یَا رَزَّاقَ الطِّفۡلِ الصَّغِیۡرِ پڑھ کر دم کردیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیدیں

### تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ یعنی تنخواہ

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲۲ | ۹۴ | ۱۱۴ |
| ۱۰۲ | ۱۱۰ | ۱۱۸ |
| ۱۰۶ | ۱۲۶ | ۹۸ |

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور ترقی ہوگی۔ (مجرب ہے)

## مُجرّب عملیاتِ

حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب مدرس دار العلوم دیوبند

### آسیب بالسحر وغیرہ کے معلوم کرنے کا طریقہ

نیلا دھاگہ سوت کا سات تار مریض کے

قد کے برابر لیکر اس پر سات مرتبہ یہ آیت قبل از مغرب پڑھے وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ
یہ نیلا دھاگہ رات کو مریض کے سرانے یا تکیے کے نیچے رکھا جائے صبح پھر ناپا جائے اگر بڑھ جائے تو آسیب کی علامت ہے۔ گھٹ جائے تو سحر کی۔ اور اگر برابر رہے تو عام مرض ہے

**مجرب برائے کشائش رزق** حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کوئی وقت معین کر کے ہر روز اسی مقررہ وقت پر ۱۱۰۰ مرتبہ یا باسط پابندی سے پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

**کشائش رزق کے لئے** طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

**مجرب شدہ برائے ادائے قرض** اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

**برائے منظوری درخواست وعرضی** لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی یعنی سیاہی کے خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَ الصَّابِرِيْنَ نَصْرًا وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَيْهِ يُسْرًا كَلَّا اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِىْ عِلِّيِّيْنَ

## نقش برائے مقہوری اعداء

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | ھ | ا | ق |
| ا | ق | ر | ھ |
| ق | ا | ھ | ر |
| ر | ھ | ق | ا |



## بچے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ
یہ لکھ بچے کے گلے میں ڈال دیں

## جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیئے اس کا علاج

یہ آیات لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں
شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

## برائے گریہ طفل

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَاَنْتُمْ سَامِدُوْنَ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا
یہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالا جائے۔

## دفع متلی وقے واضطراب قلب

مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہے انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف دور

ہو جائے گی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیٹے عبداللہ کے، عبداللہ بیٹے ہاشم کے، ہاشم بیٹے عبدمناف کے

## نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھ لے خواب اور نیند میں بکواس اور بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی۔ وہ نام یہ ہیں
اَللّٰہُ اَلْغَفَّارُ۔ اَلْوَہَّابُ۔ اَلْقَہَّارُ۔ اَلْفَتَّاحُ۔ اَلْقُدُّوْسُ۔ اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ۔ اَلشَّہِیْدُ۔ اَلصَّمَدُ۔ اَلْمَلِکُ۔ اَلْعَظِیْمُ۔ اَلْکَرِیْمُ اَلْاَکْرَمُ

## برائے قوتِ حافظہ اور دفعِ نسیان کے لئے

تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۲۰۸ میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آیۃ الکرسی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھ کر چاٹنا اور سات مرتبہ لکھ کر چاٹنے کا عمل کرنا بہت نافع اور مفید ہے۔

## برائے تحصیلِ علم اور امتحان طلبہ

یا علیم تعلمت بالعلم والعلم فی علم علمک یا علیم اس دعا کو صبح کی نماز کے بعد پچیس مرتبہ باقی نمازوں کے بعد تین تین مرتبہ پڑھا کریں۔

## ایضاً امتحان میں کامیابی کے لئے

بعد نماز صبح سو مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ



کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پابندی سے پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

## زہر خوردہ کا علاج

جس شخص نے کوئی زہر کھا لیا ہو اس کو مندرجہ ذیل نقش اور دعا لکھ کر پانی میں گھول کر پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ زہر اثر نہ کریگا

| | | | |
|---|---|---|---|
| طہ | طہ | طہ | طہ |
| طہ | طہ | طہ | طہ |
| طہ | طہ | طہ | طہ |
| طہ | طہ | طہ | طہ |

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۤءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

# عملیات

## حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمن صاحب عثمانی قدس سرہ

سابق مفتی اعظم دار العلوم دیوبند

## برائے درد سر

| | |
|---|---|
| ھو | ھو |
| ھو | ھو |

اس تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہوگا۔

## برائے تپ ولرزہ

ع ططط ططط ططط

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھیں۔ جس وقت سردی سے بخار شروع ہو اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہنچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلائیں تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلائیں پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھیں اول تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب گھول کر پلا دیں۔ اسی طرح تین روز عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی روز کامیابی ہوگی۔ اگر اول دن ہی بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں باندھا رہنے دیں بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنوئیں یا دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔

# عملیات

## حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہ

## گنڈہ برائے آسیب

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت کچا ڈیڑھ گز لمبا لیکر اکتالیس بار آیت ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس کے اندر دم کرکے بند کردیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا (پ۳۰ سورۂ طارق)



## گنڈہ برائے حفاظتِ حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لیکر سورہ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مُبین پر ایک گرہ لگا کر دم کردیں پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں کُل سات گرہیں ہوں گی حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔

## گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس تار لیکر سورہ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ پوری اکیس بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا ہے پھر الٹی طرف سے گرہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ایک بار دم کردے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ باذن اللہ بہت آرام ہو جائے گا

## برائے حفاظت از مار و کژدم وغیرہ جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ

گیارہ بار صبح اور شام اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جائے

لیکن اعتقاد کامل کا ہونا از حد ضروری ہے

## ایضاً برائے حفاظت از جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار صبح و شام پڑھا کریں

## ازالہ سحر

سات پتے بیری کے لیکر ان کو پیسیں اور سات کنوؤں نلوں کا پانی لے اور اس میں گھول لیں اس پانی پر اکیس اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور اس پانی کے تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور بقیہ سے مریض غسل کریں۔ غسل کا پانی ایسی جگہ گھر سے باہر دفن کر دیں جہاں ناپاکی (پیشاب پاخانہ) نہ گرتے ہوں۔ یہ عمل چودہ دن کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکمل افاقہ ہوگا غسل صبح کو قبل زوال کیا جائے۔

## عملیات

حضرت مولانا شاہ عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

## تعویذ برائے چیچک

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالدیں اور سوا روپے تعویذ لینے والا بنامِ خدا خیرات کرے (اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)



یا حافظ — یا حفیظ



اللہ شافی — اللہ کافی

## تعویذ برائے حفاظت از ہیضہ

اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے اور تعویذ باندھنے والے کی طرف سے سوا روپے خیرات کر دے۔ تعویذ یہ ہے

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیاء
ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجددی الف ثانی
رضی اللہ تعالیٰ عنہما از شر بلائے وبا نگہ دار
اللہ شافی اللہ کافی

## تعویذ برائے حفاظت اطفال

اس سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈالدے۔ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت میں رکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ کُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

# مجرب عملیات و تعویذات

## شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

## مایوس العلاج مریض اور تپِ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کیلئے مفید عمل

نماز عصر کے بعد سورۂ مجادلہ (پارہ ۲۸ کے شروع کی سورت) تین بار پڑھ کر ہر مرتبہ مریض پر پھونکا کریں یہ بھی متواتر چالیس روز تک عمل میں لائیں۔ یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنیؒ کے تجربہ میں رہا ہے اور الحمدللہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوتے ہیں۔

## سحر کے دفعیہ کا عمل

سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر "جادو بر سرِ جادوگر" موٹے حروف میں لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہے اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں اس طرح سے کہ کاغذ مذکورہ اس مریض کے سینہ پر رہے۔

## ردِ سحر کا عمل

جاری پانی دریا یا نہر کا یا سات کنوؤں کا پانی ایک مٹکا بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ فلق اور



سورہ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ (بچے ہوئے) پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس دن تک یہ عمل کریں آیات یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (۸۲)

سورۂ یونس کی آیت ۸۱-۸۲

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ (سورہ اعراف)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

سورہ طٰہٰ

نوٹ: یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

## جادو و سحر سے شفا کا عمل

کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو، مندرجہ ذیل آیات ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے۔ چالیس دن متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں۔ جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن

پکتا ہے اس میں ابتداء سے نمک نہ ڈالا جائے جب سالن پک جائے
تو مریض کے لئے علحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے
میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیات حسب ذیل ہیں
وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ
تَكْتُمُونَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ
الْمَوْتٰى وَيُرِيكُمْ آيٰتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

## دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ
حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ اور آیت إِنَّ لَكُمْ
فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَ
دَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشّٰرِبِينَ با وضو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر
پھونکیں اور نمک ارہر کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں انشاء اللہ
تعالے سو فیصد کامیابی ہوگی۔

## تنگ دستی اور قرض سے سبکدوشی کیلئے

(۱) بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ بار پڑھ
کر ذیل کی دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں
یَا وَهَّابُ هَبْ لِي مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ إِنَّكَ أَنْتَ
الْوَهَّابُ اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ مداومت
کریں۔

## تنگدستی دور کرنے کا عمل

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بعد نماز صبح | سورۃ | إِذَا جَاءَ | نَصْرُ اللّٰهِ (آخر تک) | ۲۱ | مرتبہ |
| بعد نماز ظہر | " | " | " | ۲۲ | " |
| بعد نماز عصر | " | " | " | ۲۳ | " |
| بعد نماز مغرب | " | " | " | ۲۴ | " |
| بعد نماز عشاء | " | " | " | ۲۵ | " |

اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیے مداومت پر انشاء اللہ تعالے
ضرور کامیابی ہوگی۔

## تنگدستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ
اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ
وَكِيلًا پر پہنچا کریں تو پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ پڑھا
کریں انشاء اللہ تعالے تنگدستی رفع ہو جائے گی۔ یہ عمل دائمی ہونا چاہیے

## قرضہ کی ادائیگی کے لئے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ
عَمَّنْ سِوَاكَ روزانہ کسی وقت ایک تسبیح یعنی ایک سو مرتبہ
پڑھ لیا کریں۔

## مزاروں پر حاضری کے وقت مسنون طریقہ کیا ہے

قبرستان میں پہنچنے، ایصالِ ثواب کرنے والا پُشت قبلہ کی طرف کرے اور رُخ چہرہ صاحبِ مزار کی طرف۔ پھر یہ پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ وَاِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَکُمْ اَجْمَعِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارُ۔ پھر درود شریف تین بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۂ اخلاص بارہ بار۔ درود شریف تین بار پڑھ کر صاحبِ مزار کو بخش کر اس کے تمام گرد و پیش کے مدفونین کے لئے دعائے مغفرت کریں۔ یہ ہے مسنون طریقہ۔

## تقریر میں زبان کھلنے کے لئے

چھوٹے مجمعوں میں خود بخود کھڑے ہو جایا کریں۔ تقریر سے پہلے سات پانچ یا تین دفعہ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ اور رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کیجئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اعانتِ خداوندی شاملِ حال ہوگی نیز خالی کمرہ بند کر کے یہ تصور کرتے ہوئے کہ مجمع حاضر ہے تقریر کرنے کی مشق کچھ دنوں کی جائے۔ البتہ مضامین کو غور سے



مطالعہ کیا جائے اور جس موضوع پر تقریر کرنی ہو اگر ممکن ہو تو اولاً تنہائی میں اس پر دو تین مرتبہ یا کم از کم ایک دفعہ تقریر کر لی جائے۔ الفاظ کی چمک دمک کی طرف متوجہ ہونا سخت غلط ہے۔ نیت کی درستی ضروری ہے۔ اپنی شہرتِ تقریر، لوگوں کی واہ واہ، ریا و سمعہ وغیرہ مقصود نہ ہونی چاہیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے انشاء اللہ تعالیٰ اعانت ہوگی۔ ڈرنا اور مرعوب ہو کر پیش قدمی سے جھجکنا سخت غلطی ہے۔

# مُجَرَّبْ عَمَلِیَاتِ

حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق شیخ الادب و الفقہ دار العلوم دیوبند

## برائے گمشدہ چیز یا شخص

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

کوری ٹھیکری پر یہ نقش لکھے اور دوسری طرف گمشدہ شئ یا شخص کا نام لکھے دو پتھروں کے درمیان کونڈے سے بند کر کے رکھ دے انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی

## ایک نایاب تعویذ از بعض عارفین

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے اگر قتل و غارت

بھی ہو رہی ہوگی اور وہاں سے گزریگا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے مرد سیدھے بازو پر باندھے اور عورت اُلٹے (بائیں) بازو پر باندھے اگر گلے میں باندھ لے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ بہت ہی مجرب ہے۔ وہ نقش محترم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۵۶۱۱ | ۱۶۵۶۲۵ | ۱۶۵۶۲۱ | ۱۶۵۶۱۸ |
| ۱۶۵۶۲۲ | ۱۶۵۶۱۷ | ۱۶۵۶۱۲ | ۱۶۵۶۲۴ |
| ۱۶۵۶۱۶ | ۱۶۵۶۱۹ | ۱۶۵۶۲۷ | ۱۶۵۶۱۳ |
| ۱۶۵۶۲۶ | ۱۶۵۶۱۴ | ۱۶۵۶۱۵ | ۱۶۵۶۲۰ |

# عملیات

## حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ سابق مفتی دارالعلوم دیوبند

### حافظہ تیز ہونے کے لئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دم کرکے طلوع آفتاب کے وقت پئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا

### حفاظتِ اولاد کے لئے

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچے محفوظ رہیں گے۔

### کھیتی کی حفاظت کے لئے

ایک سو مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر کھیت میں دفن کر دے تو کھیتی تمام آفات سے محفوظ رہے اور اس میں برکت ہو انشاء اللہ تعالیٰ

## برائے حُبّ مجرّب عطا فرمودہ حضرت مفتی اعظم ہند مولانا عزیز الرحمٰن صاحبؒ

نوٹ: ان اسماء کو مغرب و عشاء کے درمیان لکھے اور محبت کا نام اور اس کی والدہ کا نام مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور گھر میں دفن کرے

۹۱۹ ۱۱۱۱۱۱ سحہا و یا مرید اجعلہا ما اللاخذ حتی تاتی فلانة بنت فلانة الی فلان بن فلان وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ۔ عجل اللہ الوحا للہ الطور انہم سابقون

### ایضًا للحبّ

یکتب یوم الاحد ویلقیہ فی النار۔ صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح عح عح عح انس لہ تراہنا ای الآ الحق اماز عار العجل العجل مہدسہ فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان

# مُجرّب عملیّاتِ حضرت مولانا مفتی دین محمد صاحبؒ

## برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر تعداد میں درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ

## برائے دردِ سر

ازالۂ دردِ سر کے لئے چودہ مرتبہ یَا وَهَّابُ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرلے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑے انشاء اللہ تعالیٰ درد فوری جاتا رہے گا۔

## تسکینِ قلب اور نیند کے لئے

لِبَعْدَ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی۔

## رشتہ اور نسبت میں کامیابی کے لئے

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص اس کی نسبت کے لئے پیغام نہ دیتا ہو تو وہ تازہ وضو کرکے دو رکعت نفل پڑھے



اور نماز سے فارغ ہو کر اپنے مقصد کو پیشِ نظر (دل میں) رکھتے ہوئے سو مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ میں مقصد پورا ہو جائے گا۔ کم از کم ایک ماہ عمل جاری رکھے۔

## امتحان میں کامیابی کے لئے

اگر کسی طالب علم کو نتیجۂ امتحان کے بارے میں تشویش ہو تو وہ تین روز ایک نشست میں روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھے اور گیارہ ہزار مرتبہ یَا حَسِیْبُ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ نتیجہ حسبِ مراد نکلے گا

## چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے اگرچہ چور گھر میں داخل بھی ہو جائیگا تو مالی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا۔

## ازالۂ تفکرات کی دعا

روز و شب میں ایک سو ایک مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

## نظرِ بد کے ازالہ کے لئے

یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کیا جائے یا زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالا جائے مَا اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ (پ ۱۳ ع ۲ سورہ یوسف)

# مُجرّب متفرّق عملیّات وتعویذات
# از بیاض محمد شاہ صاحب پھلتی

## برائے شناخت مرض

اگر مرد ہے تو اس کا رات کا چادر یا کرتہ اور اگر عورت ہے تو اس کا اوڑھنا دوپٹہ وغیرہ لے کر پہلے اس کو ناپے اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر اس پر دم کر دیں

(۱) سورہ فاتحہ ۳ مرتبہ
(۲) آیۃ الکرسی " "
(۳) شروع سورہ صافات تا لازب ۱ "
تینوں قُل، قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد - قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَق قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ایک ایک مرتبہ
(۴) قُلْ لَّا اَمْلِکُ پوری آیت ایک بار سورۂ اعراف پ ۹ تا یؤمنون - اور دوبارہ ناپے اگر ایک انگل گھٹے یا بڑھے اثرِ ہمزاد ہے



اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثرِ شیطان ہے - تین یا چار انگشت گھٹے یا بڑھے تو اثرِ سحر ہے

## برائے ازالہ اثرِ جادو و سحر

یا اللّٰہ یا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ

جس پر سحر یا جادو کا اثر ہو تو اس عزیمت کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر اکتالیس روز نہار منہ صبح کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر اتر جائے گا اگر کوئی مریض باہر کا ہو تو اکتالیس نقش لکھ کر بھیجدیں -

## علاجِ سحر مکمّل

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیْنَ قَالُوْآ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی

آیاتِ مذکورہ بالا کو گیارہ مرتبہ تازہ پانی پر پھونک کر اس پانی میں سے تین گھونٹ مریض کو پلادیں اور باقی ماندہ سے مریض کو نہلادیں نہاتے وقت پانی کو سر پر ڈالا جائے یہ بھی عمل کم از کم گیارہ دن تک کرے -

۲- آیت مذکورہ بالا ایک ہزار ایک مرتبہ لاہوری نمک پر جو کہ پسا ہوا ہو پڑھ کر دم کریں - اور مریض کو کھانے میں چالیس دن تک

کھلادیں

٣- وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَأْتُمْ فِيهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ - آیتِ مذکورہ بالا کو اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر پھونکے اور مریض کو روزانہ یہی پانی پلادیں یہ عمل اور پانی ہر صبح کو تجدید کرلیا کریں

## برائے آسیب زدہ بے حد مجرب است

این نقش آیۃ الکرسی درگلو بند یا در بازو، مجرب است
برائے حب الزوجین بمشک و زعفران نوشتہ بر بازو بندد۔

| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٥١٦ | ٣٥١٩ | ٣٥٢٣ | ٣٥٠٩ |
| ٣٥٢١ | ٣٥١٠ | ٣٥١٥ | ٣٥٢٠ |
| ٣٥١١ | ٣٥٢٤ | ٣٥١٧ | ٣٥١٤ |
| ٣٥١٨ | ٣٥١٣ | ٣٥١٢ | ٣٥٢٣ |

فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

الٰہی بحرمت ھٰذا النقش فلاں بن فلاں را از آسیب و بھوت وغیرہ محفوظ دار

## برائے جملہ امراض بخوراند مجرب است

## برائے ھمہ امراض این نقش مفید است

این نقش سورۃ فاتحہ مفید است بر کاغذ یا طشتری چینی نوشتہ و شستہ بخوراند مجرب است

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ٥ |

تحت شرکل بلاد و شو



## برائے ہر مرض

برائے ہر مرض این نقش بسم اللہ اور حب الزوجین کے لئے باندھیں اور پینے کے لئے دے اور بخار کے واسطے اگر دے تو اوپر آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھے اور نیچے فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٩٦ | ١٩٩ | ٢٠٢ | ١٨٩ |
| ٢٠١ | ١٩٠ | ١٩٥ | ٢٠٠ |
| ١٩١ | ٢٠٤ | ١٩٧ | ١٩٤ |
| ١٩٨ | ١٩٣ | ١٩٢ | ٢٠٣ |

## مجرب برائے ازالہ مرض غیر اہل الاسلام

یہ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر پلاسٹک میں لپیٹ کر تین ٹکڑے کپڑے میں سی کر غیر مسلم اپنے سیدھے بازو پر یا گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے مرض کا ازالہ ہوجائے گا۔

| |
|---|
| اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ |
| اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْكُفْرُ ظُلْمَةٌ |

## مجرب برائے ازالہ مرض

تین پیپل کے پتوں پر کٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ لکھ کر تین روز

ایک ایک پتہ چبادے انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے تینوں پتوں پر پورا لکھا جائے کوئی حرف باقی نہ رہے۔

(عملِ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

## تعویذ مجرب برائے دردِ زہ

اس نقش کو لکھ کر عورت کے داہنے ہاتھ پر رکھ دے اور عورت اس کو غور سے دیکھے جلد لڑکا پیدا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ نقش یہ ہے

ج ح خ ط ظ ع ق ق ی ک ل
۲ ا شم د ہ ہ ا س و ل و

## برائے آسیب زدہ بے حد مجرب است

این نقش آیت کرسی در گلو بند دیا در بازو مجرب است و برائے حبِ زوجین بمشک و زعفران نوشتہ بر بازو بندد۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵۰۹ | ۳۵۲۲ | ۳۵۱۹ | ۳۵۱۶ |
| ۳۵۲۰ | ۳۵۱۵ | ۳۵۱۰ | ۳۵۲۱ |
| ۳۵۱۴ | ۳۵۱۷ | ۳۵۲۴ | ۳۵۱۱ |
| ۳۵۲۳ | ۳۵۱۲ | ۳۵۱۳ | ۳۵۱۸ |

فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

الٰہی بحرمۃ ھٰذا النقش فلان بن فلان را از آسیب و بھوت وغیرہ محفوظ دارد



## برائے دفعِ مسان

جن کے بچے اکثر تلف اور ضائع ہو جاتے ہیں یعنی جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہو جاتا ہے اور وہ سوکھ کر کانٹے کی طرح ہو جاتے ہیں اور پھر مر جاتے ہیں۔ ان کا علاج مندرجہ ذیل ملاحظہ فرماویں (مجرب ہے) اس نقش کو آٹے کے دھوؤں میں دھو کر گرم توے پر ڈال کر اس کی دھونی والدہ اور بچہ دونوں کو دیں

اس نقش کو دھو کر زن و طفل دونوں کو پلائیں۔

آ۱۱۱ ح H ۱۱ ۱۱ ما — آ۱۱۱ H ۱۱ ۱۱ ۹ع

فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

## برائے نظرِ بد حیوانات

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ الخ

آٹے کے پیڑے پر دم کریں اسی طرح دو مرتبہ کریں اور حیوانات کو کھلائیں۔

## برائے دردِ سر دردِ چشم و آشوبِ چشم این نقش مجرب است از حد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ یا بدوح | ۶۰۲ یا بدوح | ۱۱ یا بدوح | ۸ یا بدوح |
| ۱۲ یا بدوح | ۷ یا بدوح | ۲ یا بدوح | ۶۰۱ یا بدوح |
| ۶ یا بدوح | ۹ یا بدوح | ۴۴ یا بدوح | ۳ یا بدوح |
| ۶۰۳ یا بدوح | ۴ یا بدوح | ۵ یا بدوح | ۱۰ یا بدوح |

فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَّرِیْضًا اَوْ بِہٖٓ اَذًی مِّنْ رَّاْسِہٖ فَفِدْیَۃٌ مِّنْ صِیَامٍ اَوْ صَدَقَۃٍ اَوْ نُسُکٍ

# مُجرّب عملیاتِ قاری عبدالرحمٰن صاحب مرادآبادی

## برائے رحم دلی حاکم و برائے روزگار مجرّب ہے

یہ نقش آیت کریمہ وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ کا ہے بوقت پیشی روبروئے حاکم یا عدالت تعویذ مذکورہ اپنے پاس رکھے بازو پر باندھے یا دوپٹہ میں باندھ لے یا پگڑی میں رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ اس نقش کے اصل اعداد ١۵٠١ ہیں

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۷۵ | ۳۷۸ | ۳۸۱ | ۳۶۷ |
| ۳۸۰ | ۳۶۸ | ۳۷۴ | ۳۷۹ |
| ۳۶۹ | ۳۸۳ | ۳۷۶ | ۳۷۳ |
| ۳۷۷ | ۳۷۲ | ۳۷۰ | ۳۸۲ |

## مصیبت سے نجات کے لئے

حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو اس آیت کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت دور ہو جائیگی اول آخر ایک ایک تسبیح درود شریف کی اور پانچسو مرتبہ اس دعا کو پڑھا کرے۔



# مُجرّب عملیاتِ

## از بیاضِ حضرت مولانا عبدالحفی دائمی صاحب رحمۃ اللہ

## دریافتِ دزد چور معلوم کرنا

برگِ ترنج لاکر ہر ایک پر اس آیت کو لکھے اور ہر ایک متہم (جن پر چوری کا الزام ہو تہمت اور شبہ ہو) کا نام آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلادے۔ چور کے شکم (پیٹ) میں درد ضرور شروع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ السارق وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللهِ

نوٹ: برگِ ترنج سے مراد ترنج کے پتے

## برائے کامیابی در مقدمہ مجرّب ہے

از حضرت مولانا عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ

اس نقش کی زکوٰۃ یہ ہے کہ مقدمہ والے سے پچاس روپے لئے جائیں تب فائدہ ہوگا ورنہ فائدہ کچھ نہ ہوگا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳۷۵ | ۳۷۴ | ۳۷۹ | | |
| | ۳۸۰ | ۳۷۶ | ۳۷۲ | |
| | | ۳۷۳ | ۳۷۸ | ۳۷۷ |

## نقش برائے روزگار

یہ نقش روزگار کے واسطے بازو میں یا گلے میں باندھے اور دکان کے واسطے بھی مفید ہے ایک صندوق گلہ (پیسوں کی پیٹی) میں رکھے اور ایک نقش دکان میں لگائے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣١٦٤ | ٣١٦٧ | ٣١٧٣ | ٣١٥٧ |
| ٣١٧١ | ٣١٥٨ | ٣١٦٣ | ٣١٦٨ |
| ٣١٥٩ | ٣١٧٥ | ٣١٦٥ | ٣١٦٢ |
| ٣١٦٦ | ٣١٦١ | ٣١٦٠ | ٣١٧٤ |

## نقش دردِ سینہ وصحتِ دل وجگر

یہ نقش دردِ سینہ، صحتِ دل وجگر کے لئے انتہائی مفید ہے

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨٢ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٨١ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٨٠ |
| ١٠ | ٧٩ | ٤ | ١٥ |

## نقش دافع نظرِ بد

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٤٧٧ | ٤٨٠ | ٤٨٤ | ٤٧٠ |
| ٤٨٣ | ٤٧١ | ٤٧٦ | ٤٨١ |
| ٤٧٢ | ٤٨٦ | ٤٧٨ | ٤٧٥ |
| ٤٧٩ | ٤٧٤ | ٤٧٣ | ٤٨٥ |



## زن وشوہر میں محبت کے لئے

یہ نقش زن وشوہر کے واسطے مفید ہے۔ ایک نقش اپنے پاس (زن یا شوہر جس کو ضرورت ہو) رکھے اور ایک نقش درختِ انار میں لٹکا دے تاکہ ہوا سے ہلے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٠٠٩ | ٦٠١٣ | ٦٠١٦ | ٦٠٠٢ |
| ٦٠١٥ | ٦٠٠٣ | ٦٠٠٨ | ٦٠١٤ |
| ٦٠٠٤ | ٦٠١٨ | ٦٠١١ | ٦٠٠٧ |
| ٦٠١٢ | ٦٠٠٦ | ٦٠٠٥ | ٦٠١٧ |

## نقش آسیب ومرض کے واسطے

یہ نقش آسیب کے لئے ہے۔ ایک سر میں، ایک بازو اور ایک گلے میں باندھیں۔

## ایضاً برائے سحر وجادو

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٤ | ١٧٠ | ١١٧٧٥ | ٧ |
| ١١٧٧٤ | ٨ | ١٣ | ١٨ |
| ٩ | ١١٧٧٧ | ١٥ | ١٢ |
| ١٦ | ١١ | ١٠ | ١١٧٧٦ |

## برائے مرضِ ناسُور

اگر کوئی شخص مرضِ ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے۔ اس کے علاج سے اکثر اطباء و ڈاکٹر عاجز ہیں۔ اس لئے یہ عمل ایک فقیر کا حل فرمودہ ہے۔ بہت مجرب ہے۔ وہ یہ ہے کہ اول کچی زمین پر مریض مصلٰی بچھا کر سجدہ میں پڑ کر نہایت عجز و انکساری کے ساتھ بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے اور پھر یہ اسماء بہت کثرت سے پڑھنا شروع کرے جس حالت میں بھی بیٹھا ہو یا لیٹا ہو ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں انشاء اللہ تعالیٰ خود بخود نفع ہوگا وہ مبارک اسماء یہ ہیں:

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

## برائے ذہن وقوتِ حافظہ

سورۃ اعلیٰ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے یا کسی سے لکھوا کر باندھ لے (موم جامہ کرکے) ذہن اور حافظہ قوی ہوگا۔

## بچے کا رونا

مندرجہ ذیل نقش چار عدد لکھیں ایک بچے کے گلے میں ڈالیں اور تین نقش تین روز تک پانی یا ماں کے دودھ میں گھول کر پلائیں بچہ چپ ہو جائیگا۔ نیز آسیب جادو اور نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۹ | ۲۲ | ۱ |
| ۲۱ | ۲ | ۷ | ۲۰ |
| ۳ | ۲۴ | ۱۷ | ۶ |
| ۱۸ | ۵ | ۴ | ۲۳ |



## عملیاتِ حضرت مولانا عبدالغنی پھولپوریؒ

## رفعِ قبض باطنی اور دفعِ ظلمت کیلئے مجرب ہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کے ورد کو تین سو ساٹھ بار اول و آخر درود شریف تین تین بار کے ساتھ پڑھنا شروع کر دے انشاء اللہ تعالیٰ قلب انوار سے بھر جائے گا۔

## دشمن کی شکست کے لئے

نقشِ ذیل بازو پر باندھنا دشمن کو شکست دیتا ہے اور مغلوب کرتا ہے ظالم کے شر سے حفاظت کے لئے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | ھ | ا | ق |
| ا | ق | ر | ھ |
| ق. | ا | ھ | ر |
| ھ | ر | ر | ا |

## مظلوم کی فتح اور کامیابی کے لئے

حکام دنیا کے سامنے یہ نقش عمامہ یا ٹوپی میں رکھ کر جانا بفضلہ تعالیٰ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳۷۵ | ۳۷۴ | ۳۷۹ | | |
| | ۳۸۰ | ۳۷۶ | ۳۷۲ | |
| | | ۳۷۳ | ۳۷۸ | ۳۷۷ |

## ظاہری وباطنی فتوحات کے لئے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ آٹھ سو بار ہر روز پڑھنا عجیب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری وباطنی فتوحات اس کی برکت سے کھل جاتے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالقادر جیلانیؒ نے غنیۃ الطالبین میں اس ورد کو بہت مجرب لکھا ہے۔ بعض کا قول اس کے اسم اعظم کے متعلق بھی ہے۔

## ناف ٹلنے کا عمل

ناف ٹلنے کا یہ عمل نہایت مجرب ہے الم ترکیف آخر تک دس بار اول آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پہلے ناف پر دم کریں پھر ہاتھ پر دم کر کے تمام بدن پر مَل لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔

# عملیات حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

## مچھروں سے حفاظت کے لئے

اگر کہیں مچھروں کی کثرت ہو تو چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں پر چپکا دیں انشاء اللہ سب بھاگ جائیں گے

" ١٢ ١٢ ١١ "

## سہولت ولادت کے لئے

دردِ زہ کے وقت عورت کے بائیں ران پر یہ لکھ کر باندھنے سے ولادت



بالکل ہی سہولت سے ہوگی وہ دعا یہ ہے یَا خالق النفس من النفس ویا مُخرِجَ النفس من النفس خلصها ولادت کے فوراً بعد اس دعا کو کھول کر پاک جگہ میں دفن کردیں

## کتے کے کاٹے کا زہر ختم کرنے کیلئے

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا مجرب ہے۔ اب ج ا ع ۃ ہ د ب ا ب اللہ

## دردِ سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھا جائے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا مجرب ترین عمل ہے د م ہ م ل ہ

## دمہ کے مریض کے لئے

سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے۔ بہت مفید ہے۔

## عمل برائے استخارہ

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یَا بَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ یَا کَاشِفَ الۡغَرَائِبِ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بوریہ پر سو جائے۔ غسل کرنا اور کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا اس میں ضروری ہے۔

ے خشخاش اور سونف ایک ہی مقدار میں کوٹ کر صبح و شام ایک ایک چمچ استعمال کیا جائے۔ کافی فائدہ ہوگا

# عمل برائے استخارہ

بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی اور حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ اور اپنے باپ دادا کی روح کو پہنچائے اس کے بعد سورہ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اور پندرہ مرتبہ یہ پڑھے یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْحَالِ الْفُلَانِیْ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے سو جائے

# عملِ استخارہ

اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے خواب میں ہر بات کا جواب ملیگا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۸۸۳ | ۱ |
| ۸۸۲ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۸۸۵ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۸۸۴ |

# عملِ خاص

## از حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ

## وسعتِ رزق کے لئے خاص ورد

وسعتِ رزق کے لئے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلے کا یہ



ایک خاص ورد ہے۔ بعد نماز عشاء گیارہ سو بار یَا مُغْنِیُ (گیارہ تسبیح) پڑھیں اور سورہ مزمل سات بار روزانہ پڑھیں کہ ہر پانچوں نمازوں کے بعد ایک بار اور صبح کی سنت اور فرض کے درمیان دو بار پڑھیں۔ اس طرح دن رات میں سورہ مزمل سات بار ہوگی۔ اگر صبح کی سنت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکے تو فرض کے بعد تین بار سورہ مزمل پڑھ لے۔

# عملیاتِ متفرقات از علماء کرام

## عملیات برائے مسان

نوٹ: مسان یہ ایک مرض ہے جو بچوں کو عام طور سے لاحق ہو جاتا ہے جس کو سوکھے کا مرض کہا جاتا ہے جس سے بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے بعد روزانہ سوکھتا ہوا چلا جاتا ہے اور سوکھے ہوئے کانٹے کی طرح بن جاتا ہے اور پھر زیادہ زندہ نہیں رہتا رفتہ رفتہ موت کا شکار ہو جاتا ہے اس کا اکسیر علاج یہ ہے کہ اس نقش کو لکھ کر تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مسان کے مرض سے شفاء کاملہ عاجلہ پائے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۶۲۴۷ | ۱ |
| ۶۲۴۶ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۶۲۴۹ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۶۲۴۸ |

## برائے مسان

ترکیب :۔ یہ نقش مسان اور آسیب والے کے لئے بھی مفید اور مجرب ہے دونوں مریضوں کے لئے چاہے وہ مسان کا ہو یا آسیب کا چالیس روز برابر ہر روز کاغذ پر لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر نہار منہ صرف فجر کے وقت پلائے انشاء اللہ تعالےٰ مسان والے بچے اور آسیب والے مریض کو شفا ہوگی ۔ مسان والے بچے کو نقش گھول کر اس کا پانی پلائیں اور نقش کے کاغذ کو ہر روز بحفاظت رکھتے رہیں اور چالیس روز پورے ہونے پر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیں اور آسیب والا مریض نقش کو دھو کر اس کے کاغذ کو چبا کر اوپر سے وہ پانی پی لے ۔ ہر روز یہی عمل کرے مجرب ہے ۔

بحق ما اللہ العلی العظیم

## برائے مسان

ترکیب : اس نقش کو لکھ کر مسان والے بچے کے گلے میں ڈالدے ۔ انشاء اللہ تعالےٰ مسان کی شکایت جاتی رہے گی ۔

من جميع العلل والأمراض والأسقام والأوجاع والكلام السوء والنصب كل عارض من العوارض
النارية والهوائية والمائية والأرضية والحرية والنهارية والشيطانية والروحانية
والإنسية والجنية ونعوذ بما أعذت به إبراهيم خليلك من النار ونوحا من الماء وهودا
من الهواء وصالحا من رجفة الأرض يا أكرم الأكرمين ويا عالم السر الخفي ويا من هو
أعلم ما تحت الثرى يا واحد يا شاهد يا مشهود يا مقدم يا مؤخر يا قائم يا راشد يا غفور
يا رحيم يا رؤوف بحق آدم وصفوته وبحق إبراهيم وخلته وبحق موسى وكلماته وبحق عيسى
ونعمته وبحق محمد صلى الله عليه وسلم تسليما كثيرا دائما ومحبته وبحق أبي بكر الصديق
رضي الله عنه وشيبته وبحق عمر الفاروق رضي الله عنه وعدله وبحق عثمان بن عفان رضي
الله عنه وحيائه وبحق سيدنا علي رضي الله تعالى عنه وشجاعته وسلطته وبحق هذه الحروف
والأسماء العظيمة لعن من علق عليه هذا الكتاب بسر وبجبر العنين ودمع الزنى ونجس العابد
واحفظه من شر الريح الأحمر وأخرجها من بدنه بعزة الله رب العالمين بجلال الله رب العالمين
وبعهد الله وميثاقه وبحق كهيعص وبحق حمعسق وجعلنا من بين أيديهم سدا ومن خلفهم
سدا فأغشيناهم فهم لا يبصرون وبحق مائة ألف وأربعة وعشرين ألف نبي أولهم آدم
وآخرهم محمد المصطفى صلى الله عليه على جميع الأنبياء والمرسلين وبحق لا إله إلا الله محمد
رسول الله صلى الله عليه اخرج أيها الريح الأحمر من هذا البدن وبحق هذه الأسماء وعقدت
بحق طه ما أنزلنا عليك القرآن لتشقى إلى قوله الحسنى وعقدت بحق تبارك الذي بيده الملك وهو
على كل شيء قدير وبحق والنجم إذا هوى إلى قوله فكان قاب قوسين أو أدنى وعقدت بحق الرحمن علم
القرآن خلق الإنسان علمه البيان وبحق هل أتى على الإنسان حين من الدهر إلى قوله سميعا
بصيرا وعقدت بحق إنا أنزلناه في ليلة القدر وعقدت بحق قل هو الله أحد إلى آخرها وعقدت
مائة وأربعة عشر سورة سرجاده اذا انده ابن لمن کرب بکربنا بدنا بعدنیا متر عوتا الله يا حي يا قيوم يا
ذا الجلال والإكرام وبحق محمد المصطفى صلى الله عليه وسلم إن الله مع الذين اتقوا والذين هم
محسنون ولا حول ولا قوة إلا بالله العلي العظيم وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله و
أصحابه الطاهرين الطيبين وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين اللهم اشفني

وَبِمَا اٰتَيْتَ وَكَلَاءَتِيْ بِلَدَآئِتِ وَعَافِنِيْ بِرَبِّكَ لَا زِلْتَ وَاَدِمْ عَلَيَّ مِنْ نَّوَاتِرِ نِعْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ جَمِيْعَ
الْاَسْقَامِ وَالْاَمْرَاضِ وَجَمِيْعَ الْعِلَلِ وَالثِّقْلِ وَالْاَوْجَاعِ وَالْاَنْجَاسِ وَالْاَدْنَاسِ وَالْبِرْسَامِ وَاكْفِنِيْ شَرَّ
الْاَشْرَارِ وَالْغَمِّ وَالْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالسِّجْنِ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ شَرَّ الْوَحْشِ وَالْهَوَامِ وَمُشَاحَنَةِ الْعَوَامِ وَشَرَّ
السُّلْطَانِ وَالْقَحْطِ وَالْغَلَاءِ وَالزَّلَازِلِ وَالْوَبَاءِ وَهَدْمِ الْبِنَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ كَيْدَ
الْفُجَّارِ وَمَا اخْتَلَفَ عَلَى اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ طَوَارِقِ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ رَبِّ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ
وَاَنْتَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں سب تعریف اس کو خاص ہے اور اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں عظمت بڑی شان والا اور بہت عزت والا اور بہت مہربان ہے اس چیز سے جس سے میں ڈرتا اور خوف کرتا ہوں اور بڑی شان والا ہے اور سب تعریف اس کو ہے بہت بہت اور پاک ہو صبح و شام اور ... سے جو ... ہے. کفایت کرنے والا ہے ... دینے والا ہے اس اللہ کے نام سے جس کے نام کی برکت سے کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی نہ زمین میں نہ آسمان میں اور وہ سننے اور دیکھنے والا ہے اور ہم اتارتے ہیں قرآن سے شفا اور رحمت ایمان والوں کے لیے اور نہیں بڑھاتا ظالموں کو مگر نقصان میں ... والا ہوں اور تو معاف بخشنے والا ہے میں پناہ پکڑتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کا تو نے حکم کیا ہے اور ... پناہ چاہتا ہوں اس کے ساتھ اس چیز سے جس سے ... اور تمہارے رب اور پیدا کرنے والے فیصلہ کر دیا ہے اور اس خدا کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جو تمہارا اور میرا رازق اور حفاظت کرنے والا ... والا ... کو جانے اور انسانوں کو رزق دینے والا ہے میں پناہ، بچتا ہوں اس سے کل آفتوں تکلیفوں ... بیمار ... گزار ... جنون ... ہر طرح سے ... کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں، اے صاحب شان اور بخشش اور صاحب ملک ... اور وفات ... عزت اور غلبہ ہے ... بڑی شان، اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے، اے بے کسوں کے جائے پناہ، اے مسکینوں پر رحم کرنے والے، اے عظمت اور غلبہ ... اور احسان ... اے احسان والے، اے غالب کہ تیرے غلبہ کو کوئی نہیں روک سکتا، اے وہ جو پناہ دیتا ہے اور خود کسی کی پناہ میں نہیں آ سکتا، وہ اپنی عظمت پر ... ہے حکیم ہے حکمت ... ہے ... میں اس کی پناہ مانگتا ہوں اپنی بدن کی تکلیف سے اور اپنے دائیں بائیں اور آگے پیچھے اور کل طرف ... کے پہنچنے کی تکالیف اور ... کی برائی سے اور ... بیماری سے ... یا دھڑ میں خون یا گوشت ... اور ... میں ... جب کسی کام کو کرنا چاہتا ہے ... کا حکم دیتا ہے تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور ... عظمت والا ہے ...



والے منہ دو نفع دینے والے اے بلاتی اور انصاف کرنے والے اے انصاف کو ساتھ قائم اے پکارنے والوں کی پکار کو جواب دینے والے اور شاکر، اے موجود، اے پھیرنے والے، اے راستی اور حضرت کرنے والے، اے پیدا کرنے والے اور سخت پکڑنے والے اور اے زبردست قوت والے اور غلبہ کے ساتھ غالب اور زبان میں ذکر کیے گئے اے ہر نفس پر جو کچھ کہ اس نے کیا قائم کرنے والے اے اور پھیرے کو عدد کرنے والے اور ... اور جلدی کرنے والے، اور کل حاکموں سے بڑھ کر حکم کرنے والے اور جلدی حساب لینے والے، اور پرہیزگاروں کے والی، اور بہت سے والی سارے گزروں کے سارا دن اور رات کو دن پر چڑھانے والے اور دن کو رات پر غلبہ دینے والے، اور آیات کو تابع کرنے والے، ہر سرکش شیطان کو بھگا کر کھانے والو، اور اچھے والی اے اچھے مددگار، اے اچھے مددگار اور اچھے رزق دہندہ، اور غریبوں کو رزق دینے والے اور ایمانداروں کے جائے امید اور فریادیوں کے فریاد سننے والے اور جانوں کے معبود، اور گنہگاروں کے گناہوں سے درگذر کرنے والے اور توبہ کنندہ جس کو پسند کرتے والے، اور اچھے بخشش کنندہ، اور اچھے وارث و حافظ، اور روز جزا کے مالک، اور فریاد کو غمگسار، اور غریبوں اور مسکینوں کو دوست رکھنے والے اور ذلیلوں کے عزت دینے والے اور مغلوبوں کو حمایت دینے والے اور آنکھوں اور پہلوں کے معبود اور فرد جانا کہ ایک تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رغبت کی اور تیری ہی طرف کو چلتا ہوں مجھ اور میری اولاد اور کل مومنین و مسلم مردوں اور عورتوں کو بخش دی اور مغفرت کر اس کی جو ... کو باندھ اور اس کو ہر قسم کی مرضوں اور دکھوں تکلیفوں سے اور آگ، ہوا، پانی و خاک کی مرضوں اور خطرات اور زمین اور جو ... شیطانوں، جن اور انسانوں کی روحوں اور حادثات سے رکھ اور اس کو پناہ دے کہ جیسا تو نے حضرت ابراہیم کو آگ، نوح علیہ السلام کو پانی، ہود ... صالح کو زمین کے زلزلے سے محفوظ کیا اور ... بڑھ کر گرمی کر تپنے اور ... بھیجا ... اور زمین کے ... کی چیزوں سے بچا، اور ... آدم آدم اور اس کی برگزیدگی اور ابراہیم اور اس کی دوستی اور موسیٰ اور اس کی کلام اور عیسیٰ اور اس کے آسمان پر جانے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کی محبت اور ابوبکر اور ان کے بزرگی اور حضرت عمر اور ان کے عدل اور حضرت عثمان اور ان کی سخاوت اور حضرت علی اور ان کی بہادری اور ان حروف اور عظیم الشان اسماء کے حق سے اس شخص کو جو اس رکعے کو باندھے آنکھوں کی اور سر اور جوڑوں کی درد سے محفوظ رکھ اور سرخ ... کی برائی سے اور نکال دے ان تکلیفات کو اور جانوں کے پیدا کنندہ کی عزت اور جلال اور اس کے کلمہ میثاق اور حروف مقطعات کی برکت سے اور ہم نے کر دی ان کے آگے دیوار اور ان کے پیچھے ... ہر ... ان کو ... نہیں دیکھ سکتے اور ان ایک ... ہزار نبی کی برکت سے جن کے پہلے حضرت آدم اور آخر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ساتھ حق کلمہ طیبہ کے نکلیا اور اس کو ...

الاقدار والهم والغم والغرق والحرق اللهم اكفني شر الوحش والهوام ومناحسة العوام وشر
الشيطان والقحط والغلاء والزلازل والوباء وهدم البناء وشماتة الاعداء اللهم اغنني كيد
الفجار وما اختلف على الليل والنهار ومن طوارق الانس والجان الا طارقا يطرق منك بخير
ونعوذ بك من شر كل دآبة انت اخذ بناصيتها ان ربي على صراط مستقيم رب عليك توكلت
وانت حسبي ونعم الوكيل نعم المولى ونعم النصير ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں سب تعریف اللہ کو خاص ہے اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اللہ بڑی شان والا اور بہت عزت والا اور بہت مہربان ہے اس چیز سے جس سے میں ڈرتا اور خوف کرتا ہوں اور بڑی شان والا ہے اور سب تعریف اللہ کو ہے بہت بہت اور پاک ہے صبح و شام اللہ کے نام سے جو شفا دینے والا ہے۔ کفایت کرنے والا ہے عافیت دینے والا ہے اس اللہ کے نام سے جس کے نام کی برکت سے کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی نہ زمین میں نہ آسمان میں اور وہ سننے اور دیکھنے والا ہے اور ہم اتارتے ہیں قرآن سے شفا اور رحمت ایمان والوں کے لیے اور نہیں بڑھاتا ظالموں کو مگر نقصان میں اور اگر میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ شفا بخشنے والا ہے میں پناہ چاہتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کا تو حکم کر چکا ہے اور دونوں بڑے سیاہ شر سے میں پناہ چاہتا ہوں اور اس کے سامنے اس چیز سے جس کا اللہ تمہارا رب اور پیدا کنندہ نے فیصلہ کر دیا ہے اور اس خدا کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جو تمہارا اور سب کا رازق اور حفاظت کنندہ نطفہ بدلنے والا صورتوں کو بنانے اور انسانوں کو رزق دینے والا ہے میں پناہ مانگتا ہوں سب کی آفتوں تکلیفوں بری بیماریوں کمزوریوں جنون جذام برص بہری ہر طرح کے ہر مرض سے میں اپنے اور اس بچے کے جننے والی کے لیے تمام آفتوں کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں۔ اے بہت شان والے بزرگی والے صاحب ملک اور عظمتوں کے اور عزت جس کی بیحد عزت اور غلبہ ہے تو پاک ہے کیسی بلند ہے تیری شان اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کنندہ اے بے کسوں کے جائے پناہ اے مسکینوں پر رحم کرنے والے اے عظمت اور غلبہ بزرگی اور احسان والے رب غلبہ والے احسان والے غالب کہ تیرے غلبہ کو کوئی نہیں روک سکتا اے وہ ذات جو پناہ دیتا ہے اور خود کسی کی پناہ میں نہیں ہے وہ اپنی عظمت سے پہچانا جاتا ہے جو حکیم ہے حکمت کے ساتھ مشہور ہے وہ پاک ہے میں اس کی پناہ مانگتا ہوں اپنے بدن کی تکلیف سے اپنے دائیں بائیں اور آگے پیچھے اور کل طرف اور بچے کی تکالیف اور سرخ ہوا کی برائی سے اور بری بیماری سے جو نقصان پہنچائے بال اور ہڈی میں خون یا گوشت پٹھوں یا چربی۔ اور رگوں اور جوڑوں میں وہ پاک ذات ہے جب کسی کام کو کرنا چاہتا ہے تو ہو جا کا حکم دیتا ہے تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور بڑی حکمت والا ہے۔ اے پیدا کرنے والے ابتدا کرنے والے پھیر لانے والے۔ اے غالب بلند کرنے والے بخشنے والے مدد کرنے والے سارے کل کام بنانے

والوں کی پکار کا جواب دینے والے اے شمار کرنے والے اے موجود۔ اے پھیرنے والے۔ اے ... اور حضرت کرنے والے اے پیدا کرنے والے اے سخت پکڑنے والے اور سخت زبردست قوت والے اے غلبہ کے ساتھ غالب اور زبانوں میں ذکر کیے گئے اے ہر نفس پر جو کچھ کماتا ہے قائم کرنے والے اے امید کو پورا کرنے والے اے ہر شہید۔ اے جلدی کرنے والے۔ اے کل حاکموں سے بڑھ کر حکم کرنے والے اے جلدی حساب لینے والے۔ اے پرہیزگاروں کے والی۔ اے بھیدوں والے۔ اے کمزوروں کے مددگار اے رات کو دن پہ چڑھانے والے اور دن کو رات پر غلبہ دینے والے۔ اے ہاتھی کو تابع کرنے والے۔ ہر سرکش شیطان کو پیچھا کرانے والے۔ اے اچھے والی اے اچھے مددگار۔ اے اچھے مددگار اور اچھے رزق دینے والے۔ اے غریبوں کو رزق دینے والے اور اے امیدواروں کے جائے امید اے فریادیوں کی فریاد سننے والے اور جانوں کے معبود۔ اے گناہگاروں کے گناہوں سے درگذر کرنے والے اور توبہ کرنے والوں کو پسند کرنے والے۔ اے اچھے بخشش کنندہ۔ اے اچھے وارث حافظ۔ روز جزا کے مالک۔ اے ... غمگسار غریبوں اور مسکینوں کو دوست رکھنے والے اے ذلیلوں کو عزت دینے والے اے مردوں کو حیات دینے والے اے اگلوں اور پچھلوں کے معبود اور روز جزا کے مالک تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔ تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رجوع کیا اور تیری ہی طرف کو چلتا ہوں ... اور رب العالمین اور کل مومنین و مسلمین ... اور محمد ... کی ... جو اس کو باندھے اور اس کو ہر قسم کی مرضوں تکلیفوں ... آگ۔ ہوا۔ پانی و خاک کے مارضوں اور حشرات الارض اور ... ناپاک شیطانوں جن اور انسانوں کی روحوں سے حفاظت میں رکھ اور اس کو پناہ میں رکھ جیسا تو نے حضرت ابراہیم کو آگ۔ نوح علیہ السلام کو پانی سے ... صالح کو زمین کے زلزلے سے محفوظ رکھا اور سب سے بڑھ کر کرم کرنے والے اور پوشیدہ بھیدوں کو جاننے والے۔ اور زمین کے نیچے کی چیزوں سے باخبر اے مہربان ... آدم اور اس کی برگزیدگی اور ابراہیم اور اس کی دوستی۔ اور موسیٰ اور اس کی کلام اور عیسیٰ اور اس کی آسمان پر جانے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کی محبت اور ابوبکر اور ان کے بڑھاپے اور حضرت عمر اور ان کے عدل اور حضرت عثمان اور ان کی سخاوت اور حضرت علی اور ان کی بہادری اور ان عربوں۔ اور عظیم الشان اسماء کے حق سے اس شخص کو جو اس بچے کو باندھے آنکھوں کی اور سر اور جوڑوں کی درد سے محفوظ رکھ اور سرخ ہوا کی برائی سے اور نکال دے ان تکلیفات کو اور جانوں کے پیدا کنندہ کی عزت اور جلال اور اس کے کلمہ میثاق اور حروف مقطعات کی برکت سے اور ہم نے کر دی ان کے آگے دیوار اور ان کے پیچھے روک پس ڈھانک دیا ہم نے ان کو پس وہ نہیں دیکھتے۔ اور ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی کی برکت جن میں سے پہلے حضرت آدم اور آخری حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ساتھ حق ... کے ... اور اس مدنی سورتوں کی برکت سے ... یہ قرآن نازل نہیں کیا ... برکت آیت برکت والا ہے وہ جس کے قبضہ میں ... ہر چیز پر قادر ہے اور ساتھ حق ستاروں اور جس کو وہ سجدہ کرتے ہیں کی قسم کی برکت

## باب چھوٹے بچوں کے امراض کے بیان میں

بچوں کی ام الصبیان کا علاج۔ اسکو جدہ۔ شہاقۃ۔ الحرہ۔ ام الشیل الحنفہ بھی کہتے ہیں اسکے ساتھ نام ہیں اور ساتھ عہد ہیں اگر کسی بچہ کو دیکھو کہ اسکو قے و دست لگے ہوئے ہیں اور آنکھیں اندر کو گئی ہیں تو جان لو کہ اسکو یہی بیماری ہے اور اسکا علاج یہ ہے کہ قطران در روغن درخت عرعر اسکے سر پر ملیں اور اسماء ذیل پڑھتے جائیں نیز یہی اسماء اس کے ہر دو کان میں پڑھ کر دم کریں اسماء یہ ہیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عِیْسٰی عَیْنِیًّا وَمُوْسٰی نَجِیًّا وَمُحَمَّدٌ نَبِیًّا اِذْ تَقَنَّعَ اَیَّتُھَا اللَّیْلُ بِالَّذِیْ تَمُرُّ اِذْ رَہِیًّا مَکَانًا عَلِیًّا وَبِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایضاً (جدہ) بچہ کو کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں ملا کر چٹائیں شفا ہو جاوے ایضاً بچے کے سر پر تیل ملیں اور اسماء ذیل پڑھتے جائیں اور یہی اسماء لکھکر اس کے گلے میں لٹکائیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ ترجمہ گذر چکا قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّھْدِیْ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَا اَحَدًا وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْھُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۞

اور آیت انا دہ وہ کمانوں کا بلکہ اس سے بھی قریب تھا اور آیت رحمن نے قرآن سکھلایا۔ انسان کو پیدا کیا اور اسکو بیان کرنا سکھلایا اور سارے برکت سورۃ ... برابر سورۃ قدر اور سورۃ اخلاص اور سارے برکت ایک سو چودہ سورتوں کے تحقیق انسان اگر کسانہ ہے جو پرہیزگاری اختیار کریں اور وہ نیکی کرنیوالے ہوں اور اسکے لئے شفا ہے راحت دی اور اپنی دوا سے علاج کرا اور اپنی سببی ہوئی مصیبت سے عافیت دی اور حفاظت میں اندر رہ اور امیر کل بیمار ہوں کہ درد ... نقصانوں مصیبتوں قبیلوں وحشی جانوروں حشرات الارض اور آدمی کی شرارت شیطانوں کی بدی ... مکان ہے کہ ... فاجروں کے مکروں ... شرارت سے جسیر رات آتا ہے اور جن وہ رحمان آئے جانیوالوں سوائے اس ... کے جو بہتری طرف ... لیکر آتے اور ... جو باؤں کو جسپر ... شرارت اور بدی سے بچاؤ رکھ ... سیر ... اور ... اور ... اور ... اچھا مددگار ہے ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ... سرگوشی کرنیوالے اور محمد صلعم نبی ... اور ... اور حسین نے زمین و آسمانوں کو موجود ہونے کا حکم دیا انہوں نے کہا کہ ہم حاضر ہیں ... تو ... عنقریب کفایت کرے گا تجھکو ان سے اللہ اور وہ سننے اور دیکھنے والا ہے ۔



## باب اس شخص کا علاج جو خون اور پیپ کا بول کرتا ہو

ترہ تیزک کے پتے پانی میں خوب پکائیں پھر صاف کرکے اس میں شہد اور گھی ملا کر استعمال کریں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔ ایضاً ککڑی (پنجابی میں ککڑی کو تر کہتے ہیں) کے پتے پانی میں پکا کر بقدر برداشت طبع یہ پانی پینا اس مطلب کے واسطے بہت مفید ہے: ایضاً تخم گاجر بقدر ایک مثقال سفوف بنا کر ہر روز پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ سات دن تک کریں۔

## باب خروج مقعد (کانچ نکلنا) کے علاج میں

علاج مازو بقدر ۵ تولہ لیکر بہت سے پانی میں جوش دیں پھر اس میں پھٹکڑی بقدر ایک تولہ ملا دیں۔ اور کسی بڑے برتن میں ڈال کر مریض کو اس میں بٹھلا دیں۔ چند روز تک ایسا ہی کرتے رہیں یہاں تک کہ کانچ کا نکلنا موقوف ہو جاوے ایضاً ریش بڑھ (درخت بڑھ کی داڑھی) جلا کر راکھ بنا دیں پھر آرد ماجو۔ آرد مائیں خرد ایک ایک مساوی ملا کر سب کو سرکہ میں گوندھ کر مقعد پر طلا کیا کریں اور غذا میں سرکہ ملا لیا کریں ایضاً مرغ کی چربی سے مرم (کانچ) کی تدہین کرتے رہنا اس مرض کو زائل کر دیتا ہے۔

## باب وجع خصیتین (درد خصیہ) کے علاج میں

درد خصیہ و مثانہ قروح مثانہ کا علاج بیل کا پتہ موضع ماؤف پر طلا

کریں ایضاً سرکہ کسی شیشی میں ڈال کر اس میں ایک زندہ بچھو ڈالدیں اور شیشی
کو چند روز دھوپ میں رکھیں تاکہ بچھو اس میں حل ہوجائے پھر اس سے مالش
کیا کریں ایضاً کھجور کی گٹھلی کا آٹا، تخم خطمی ہر ایک مساوی سرکہ میں پیس کر ضماد
کریں ایضاً کرنب کے پتے جلا کر انڈے کی سفیدی میں پیس کر موضع ماؤف پر طلا
کریں ایضاً ورق سداب ورق اونٹ کٹارا کو پانی میں جوش دیکر اس پانی سے
خصیوں کو دھویا کریں۔ ایضاً روغن زیتون میں ایک زندہ بچھو ڈال کر دھوپ
میں رکھیں یا اکیس روز کے بعد صاف کرلیں پھر اس سے ذکر و خصیہ پر مالش کریں
نیز اس کو آنکھ میں ڈالنے سے آنکھوں کا چوندھیا پن دور ہوجاتا ہے ایضاً آرد
باقلا پکا کر پہلے جائے مخصوص پر روغن گل کی مالش کریں پھر وہ آٹا کسی کپڑے پر
لگا کر لیپ دیں۔

## باب ذکر و فروج کے درد و زخم کے علاج میں

توتیا ہندی (نیلا توتیہ) کو پیس کر دس دفعہ پانی میں دھوئیں۔ پھر روغن چنبیلی
و عرق گلاب میں ملا کر مالش کیا کریں۔ ایضاً تخم السی باریک پیس کر عرق گلاب
میں ملا کر طلا کریں بس مفید ہے ایضاً ان کے زخموں کا علاج مرتک سہاگہ دونوں
کو پیس کر سرکہ میں ملائیں اور تھوڑا آگ پر گرم کرکے اس سے مالش کیا کریں۔

## باب بواسیر کے علاج میں

بواسیر جمع ہے باسور کی۔ یہ ایک قسم کی (رگیں) ہوتی ہیں جو مقعد کے
کنارے کے گوشت پر پیدا ہوجاتی ہیں اس سے مقعد میں خارش پیدا ہوتی ہے۔
جس سے اس جگہ پر ایک آگ سی لگی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کا اثر رطوبت
سمیہ کے سبب سے سارے جسم میں پھیل جاتا ہے جس سے تنگی نفس۔ سانس کا پھولنا۔
پست ہمتی شکستہ دلی پیدا ہوتی ہے اور اس سے رنگ زرد۔ بدن سست۔
تہبیج چہرہ و چشم ہوجاتا ہے۔ پھر یہ رگیں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ سیالہ (بہنے والی)
جامدہ (نہ بہنے والی) اور سبب ان کا دو ردی خلطیں ہوتی ہیں، جو ردی غذا کے
فضلوں سے پیدا ہوتی ہیں ایک تو فضلہ مائیہ یعنی وہ ردی خلط ہے جو جگر
سے گردوں کی طرف لیسدار سفید پانی کے ساتھ اترتی ہے اور یہ بواسیر سیالہ
کا سبب بنتی ہے۔ دوسری وہ ردی خلط ہے جو جگر سے طحال کی طرف سیاہ
خون کے ساتھ نازل ہوتی ہے۔ اور یہ بواسیر جامدہ کا موجب ہوتی ہے۔ بواسیر
سیالہ کا علاج یہ ہے کہ تھوم و نمک کوٹ کر شہد میں ملائیں اور ضماد کریں اور
نہار وقت شہد میں تھوم ملا کر استعمال کیا کریں۔ یہ قسم بہ نسبت جامدہ کے علاج
کو جلدی قبول کرتی ہے۔ جامدہ کا علاج قطع ہے۔ مگر اس میں خطرہ ہے اور ماہر
و حاذق حکماء کا کام ہے اس واسطے نسخہ ذیل کا استعمال کریں۔ نوشادر۔ زرنیخ
و نورہ ناآب رسیدہ (چونا) ہر ایک مساوی لیکر باریک پیس لیں پھر مسوں پر
نشتر لگا لگا کر دوائے مذکورہ ان پر چھڑکتے جائیں۔ یہ دوائی ان کے اندر گھس
جائے گی اور ان کو کھائے گی اگر درد ہو اور برداشت نہ ہوسکے تو گرم گھی سے
ٹکور کریں جب درد کی تسکین ہوجائے تو پھر وہی کام کریں اور درد کی حالت
میں ٹکور کرتے جائیں یہاں تک کہ تمام مسے کٹ جائیں پھر نمک دھتوم پیس کر

اس پر ضماد کریں ایضاً تھوم. زنجبیل. سداب ہر ایک مساوی کو باریک کرکے شہد میں ملا کر کھانے اور مسوں پر ضماد کرنے سے ہر دو قسم کی بواسیر سیال و جامدہ دور ہو جاتی ہے. غذا اس مرض میں چوزہ مرغ کا شوربا اور گندم کی روٹی ہونی چاہیئے اور ہر ایک ترش چیز اور سرد و تر اغذیہ و ادویہ سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

**بواسیر ریحی کا علاج** پہلے مسہل لیں پھر تریاق جسکا ذکر معجونات کے بیان میں آئے گا استعمال کریں ایضاً پہلے مسہل لیں اس کے بعد لعاب بہدانہ میں شکر سفید ملا کر چند روز تک استعمال کرتے رہیں۔

## باب عرق النساء (رینگن واو) کے علاج میں

یہ ایک قسم کا درد ہوتا ہے جو ران سے لیکر قدم تک پہونچتا ہے اس کا سبب برودت و یبوست کی کثرت ہوتی ہے. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے واسطے عربی دنبہ کی الیہ (چکی) گلا کر پینے کا حکم کیا کرتے تھے. تین روز میں مریض اچھا ہو جاتا ہے. حضرت انس کہتے ہیں کہ میں نے یہ دوائی ایک ہزار تین سو آدمی کو بتلائی سب اچھے ہو گئے اور اگر دنبہ کی چکی شہد اور روغن زرد ملا کر استعمال کریں تو زیادہ مفید ہے ف اس مرض کے علاج کا کلیہ قاعدہ یہ ہے کہ اخلاط ردیہ فضلات فاسدہ کو بدن سے خارج کریں اور اس کے واسطے سب سے عمدہ طریقہ قے کرانا ہے جب بدن صاف ہو جاوے تو خردل یا یاسمین بری کو کھوٹ کر ران بلکہ ساری ٹانگ پر ضماد کرنا چاہیئے سب سے زیادہ مفید دوائی اس مرض میں درباس ہے اس کے بعد جنگلی چنبیلی ہے. اس کے کندھک آملہ سار ہے ان اشیاء کو مریض

کو حمام میں داخل کرنے کے بعد اس کے موضع ماؤف پر ضماد یا طلا کرادیں بعض حاذق حکماء کا قول ہے کہ شیطرج ہندی اس مرض میں سب سے عمدہ علاج ہے اس کی لکڑی کوفتہ بیختہ کرکے اس میں چربی ملا کر ران پر بلکہ ساری ٹانگ پر ضماد کریں پھر مریض کو حمام میں لیجاویں جب پسینہ آنے لگے اور مریض عضو میں لذع محسوس کرنے لگے تو اس دوا کو اتار دیں اور عضو کی روغن گنجد سے مالش کریں اور ٹانگ کسی موٹے گاڑھے کپڑے میں لپیٹ دیں اگر مریض کو اٹھا کر حمام میں داخل کریں گے تو وہ اپنے پاؤں پر چلتا ہوا نکلے گا اگر بالفرض کچا درد باقی رہ جاوے تو ایک ہفتہ کے بعد پھر یہی تدبیر کریں ایضاً خردل و چربی کا ضماد بھی اسی ترکیب سے یہی فائدہ دیتا ہے. فرفیون. چربی بھی اسی تدبیر بالا سے اس مرض میں مفید ہے ایضاً بکری کی مینگنی سرکہ میں پکا کر طلا کرنا بھی عرق النسا کے واسطے مفید ہے ایضاً جوز الطیب کا عرق ایک مثقال پینا بھی اس میں نہایت مفید ہے ایضاً مجیٹھ بقدر دو درہم کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں ملا کر استعمال کرنا بھی ہر ایک کی وجع المفاصل کو ضائع کرتا ہے خصوصاً عرق النساء کو تو نہایت فائدہ کرتا ہے. ایضاً پودینہ ہندی گھونٹ کر طلاء کرنے سے عرق النساء کو دور کرتا ہے ایضاً دانہ حرمل بقدر ½ مثقال ہر روز پانی کے ساتھ پھانکنا بارہ روز میں فائدہ کرتا ہے ایضاً قشر درخت جوز ہندی (اخروٹ کا چھلکا) یاسمین بری (جنگلی چنبیلی) ہر دو مساوی کوٹ کر بیمار جگہ پر طلاء کریں رات ساری رہنے دیں صبح کے وقت دوا دور کر دیں اس جگہ سے ایک قسم کا پانی بہتا ہو گا پھر اس پر گرم گھی سے تکور کریں اور کسی مرہم سے زخم کو بھر دیں ایضاً کعب (ٹخنہ) کے

چار انگل اوپر داغ دینے سے بھی کمال فائدہ ہوتا ہے ایضاً کسی قسم کی بوسیدہ ہڈی لیکر خوب باریک کرکے اس میں سانپ کی چربی ملادیں اور بیس روز تک درد کی جگہ پر ملتے رہیں ایضاً چمگادڑ کے گوشت کو کسی روغن میں پکاکر اس تیل کی مالش کریں ایضاً شجرہ مریم خشک کریں اس میں بقدر ایک درہم آرد گندم میں ملاکر اس کی روٹی کھایا کریں صحیح و مجرب ہے۔

## باب فالج (اورنگ) کے علاج میں

فالج کے معنی یہ ہیں کہ انسان کا تمام بدن یا ایک حصہ بے حرکت ہوجاتا ہے اس کا سبب برودت و یبوست کی کثرت ہوتی ہے **علاج** پہلے مسہل سوداء دیں۔ پھر روغن زیتون۔ روغن کنجد میں نمک تھوم مصطگی ملاکر آگ پر چڑھائیں جب ادویہ کا اثر تیل میں آجاوے تو اس سے مریض کے بدن پر خوب زور سے مالش کریں اور غذا وہ کھاویں جو ہم نے سکتہ کے باب میں ذکر کی ہے[1] مالش کے بعد مریض کے بدن پر کپڑا اڑھادیا کریں یہی علاج کئی دفعہ کرتے رہیں انشاءاللہ شفا ہوجاوے گی۔

## باب برص کے علاج میں

**تعریف:** یہ ایک قسم کی سخت سفیدی تمام بدن میں یا اس کے بعض حصہ میں ہوتی ہے جو تمام بدن میں سرایت کرجاتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ تمام بدن گھیر لیتی ہے۔ یہ نہایت ردی اور مزمن بیماری ہے اس کا سبب خلط

[1] سکتہ کے باب میں ان چیزوں کا ذکر ہے دودھ چاول، مرغ کا گوشت، روغن زرد، شہد اور شوربے کھلائیں۔ باقی چیزوں سے پرہیز (بحوالہ مجرباتِ امام سیوطی ص۸۳)

بلغمی کی کثرت ہوتی ہے جو بدن میں مستحکم ہوجاتی ہے **علاج** پہلے بلغم کا مسہل لیں پھر بڑا پیاز خاکستر گرم میں بھونیں اور اس کا پانی نچوڑ کر اس میں تخم ترب کو خوب پیسیں اور رکھ چھوڑیں اور موضع ماؤف پر مالش کریں ایک رات دن مالش کے بعد پھر گرم پانی سے غسل کیا کریں اگر ایک ہفتہ تک اچھا ہوجائے تو فبہا ورنہ پھر مسہل لیں پھر اسی دوا کی مالش کریں اس طرح ہر ہفتہ یا ماہ میں دو دفعہ مسہل لیا کریں اور مسہل لیکر طلاء کریں یہاں تک کہ آرام ہوجائے اور غذا اس حالت میں عمدہ گندم کی روٹی اور ایک سالہ دنبہ کا گوشت جس میں گرم مصالح خوب پڑے ہوئے ہوں استعمال کیا کریں نیز ہر روز شہد اور تھوم ملاکر کھایا کریں اس تدبیر سے بہت جلد آرام ہوجاوے گا ایضاً حنظل کی جڑ۔ جال کی جڑ ہر دو مساوی دونوں کو خوب پیس کر سیاہ گائے کے دودھ میں ملادیں اور بکری کو ذبح کرکے اسکی گرما گرم جلد اتار کر اس میں وہ دودھ ڈالدیں اور خوب ملاکر اس میں سے تھوڑا سا پی جائیں اور باقی بدن پر ملکر دھوپ میں بیٹھ جائیں اور اس جلد کو مریض کو پہنادیں انشاءاللہ ایک دن میں اچھا ہوجاوے گا ایضاً جنگلی چنبیلی کی جڑ۔ اکاس بیل حنظل کی جڑ سب کو خشک کرکے باریک پیس لیں پھر شہد خالص میں گوندھ لیں اور ہر روز بقدر ایک درہم کھایا کریں ایضاً ابابیل کا گوشت لیکر اس میں تھوڑا سا چونہ اور روغن لگادیں اور دھوپ میں رکھ دیں یہاں تک کہ خشک ہوجاوے پھر روغن زیتون کسی کوزہ میں ڈال کر اس میں وہ سوکھا گوشت ڈالدیں اور کوزے کو کسی کوڑے میں دفن کردیں ایک ہفتہ کے بعد نکال کر اس میں دخردل (راتی)، رگڑ کر برص پر لگایا کریں ایضاً تخم اطریلال (کاگ جنگا)، جال

(دن کا درخت) سرکہ تیز۔ شہد کاگ جنگا اور جال کی جڑ کو سرکہ و شہد میں رگڑیں
اور برص کی جگہ کو رگڑ کر اس پر وہ طلا کریں ایضاً زعفران پیس کر گندھک
محلول میں شامل کریں اور برص کی جگہ پر طلا کریں اسی روز آرام ہو جاوے گا
ایضاً شیطرج ہندی۔ مجیٹھ۔ تخم ترب ہموزن سب کو سرکہ میں گھوٹ کر برص پر
طلا کریں اور دھوپ میں بیٹھیں پھر غسل کر ڈالیں ایضاً زنگار۔ شہد رنگا کو شہد
میں حل کر کے برص کی جگہ کو گرم پانی سے دھو کر طلا کریں۔ انشاءاللہ آرام ہو جاوے
ایضاً زرنیخ۔ توتیا۔ تخم ترب سب ہموزن باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا دیں
اور برص کی جگہ کو رگڑ کر طلا کریں تین روز میں آرام ہو جاوے ایضاً زنگار تخم ترب
تخم بابچی سب ہموزن باریک پیس کر سرکہ تیز میں ملا دیں اور برص کی جگہ کو کسی کپڑے
وغیرہ سخت چیز سے رگڑ کر طلا کریں ایضاً تخم پنوار کو سیاہ گائے کے بول میں
ڈبو دیں اور چالیس روز تک کسی گڑھے میں دفن کر رکھیں پھر نکال کر خوب باریک
پیسیں پھر اس میں شہد ملا کر برص پر طلا کریں انشاءاللہ سات دن میں آرام ہو جاوے
ایضاً برص کا علاج کتابت سے اسماء ذیل کاغذ پر لکھ کر ان کو پانی سے دھوویں
اور اس پانی سے غسل کریں اسماء یہ ہیں کہیعص حمعسق کو تین گھڑی رات گذرے
ہوئے لکھے۔

## باب جذام کے علاج میں

علامت اس مرض کی یہ ہے کہ آواز میں صوت وغنہ ہوتی ہے یعنی آواز تیز
ہو جاتی ہے اور باوجود اس کے ناک میں بولتا ہے۔ یہ بیماری ناک کے اطراف
کو کھا لیتی ہے انگلیوں کا گوشت کم ہو جاتا ہے طبیعت میں یبوست آجاتی
ہے۔ حرارت ردیہ کا غلبہ ہو جاتا ہے سبب اس کا مادہ سوداء کا مستحکم ہونا ہوتا ہے
علاج اس کا چھ ماہ تک ممکن ہے اس کے بعد ایک سال تک مشکل ہے اس کے بعد
محال ہے۔ پس جب ان علامتوں میں سے کوئی علامت ظاہر ہونے لگے تو علاج کی
طرف متوجہ ہو جانا چاہیئے اور سب سے پہلے خلط سوداوی کا استفراغ کرنا چاہیئے
پھر معجون ذیل کا استعمال کرنا چاہیئے۔ توم مقشر۔ کنوار گندل کا گودہ ہر ایک
مساوی ہر دو کو پیس کر روغن زرد۔ شہد خالص میں ملائیں اور آگ پر قوام معتدل
کریں اور اس میں بقدر برداشت طبع سوتے وقت استعمال کریں غذا اس حالت
میں چوزہ مرغ کا شوربہ اور گندم کی روٹی اور شہد و روغن زرد ہونی چاہیئے اور
اس کے ماسوا پرہیز کرنا چاہیئے اور ہر ہفتہ میں ایک دفعہ ایک مہینہ میں دو دفعہ
مریض کی قوت وضعف کے موافق اسہال لیا کریں کہتے ہیں کہ اگر صرف شہد خالص و
روغن زرد عمدہ ہر ایک مساوی لیکر ان میں گائے کا تازہ دودھ ملا کر پیا کریں تو اس
مرض اور ہر ایک سوداوی مرض کو رفع کرتا ہے ایضاً حرمل کا پودا سارا کا سارا مع
جڑوں وغیرہ کے اکھاڑ کر پانی میں جوش دیں اور اس پانی سے نہایا کریں اور سر پر
بہت پانی ڈالا کریں شفا ہو جاوے گی ایضاً معجون ذیل کا استعمال کریں کہ نہایت
مفید ہے۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ کشنیز۔ کلونجی۔ گندم بریان۔ نخود بریان۔ خشخاش
سمسم۔ بادیان۔ فلیفل۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ اندرجو۔ جوزالطیب۔ توم۔ الائچی خورد
حرمل۔ صعتر۔ جرکستان۔ نانخواہ۔ چرونجی ہر ایک ایک حصہ زعفران ½ حصہ شہد
خالص۔ زیتون۔ روغن زرد۔ سرکہ ہر ایک مساوی ادویہ ماقبل کو خستہ بیختہ کر کے
باقی اشیاء سائرہ میں ملا کر کسی روغن دار برتن میں ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں

رکھ چھوڑیں پھر اس سے بقدر ایک اوقیہ ہر روز صبح کے وقت کھانا شروع کریں جذام کے علاوہ یہ معجون تخیل العقل، کثرت سوداء و بلغم، جرب، دیدان، ربح، درد جگر، ورم طحال، وسواس کو بھی فائدہ کرتی ہے۔

## باب جنون و وسواس کے علاج میں

حکیم جالینوس کا قول ہے کہ گدھے کا دماغ کھانا صاحب جنون کو کمال فائدہ دیتا ہے نیز مرغ کے سر کی کلغی (تاج) کا بخور (دھونی دینا) بھی اس مرض میں مفید ہے ایضاً سویہ کوٹ کر پانی میں پکائیں اور وہ پانی مریض کو پلائیں امید ہے کہ تین یا سات روز کے پینے سے نفع بین معلوم ہوگا ف جو شخص شیطان الرجیم کے سوسے سے بچنا چاہے اسے چاہیئے کہ دعا ذیل پڑھتا رہا کرے دعا یہ ہے[1] یَا اَللّٰہُ الرَّقِیْبُ الْحَفِیْظُ الرَّحِیْمُ یَا اَللّٰہُ الْحَیُّ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الرَّؤُوْفُ الْکَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ حُلْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ عَدُوِّیْ دیگر غزالی کی خاتم جس کا ذکر گذر چکا ہے[1] اور آیۃ الکرسی اور آیت[2] اَلَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طَآئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ ایک سونے یا چاندی یا تانبے یا قلعی کے برتن میں لکھ کر پانی میں مٹاکر اور حل کر کے تین

---

[1] ترجمہ: اے اللہ نگہبان وحفاظت کرنے والے اے اللہ زندہ رکھنے والے نرمی کرنے والے عظمت والے مہربان و فضل کرنے والے اے اللہ زندہ اور قائم رکھنے والے خود ہمیشہ قائم رہنے والے ہر نفس پر اس چیز کے ساتھ جو کچھ کہ اس نے کمایا میرے اور میرے دشمن کے درمیان حائل ہو جا۔ [2] ترجمہ: پرہیزگار لوگوں کو شیطان کی طرف سے جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اللہ کو یاد کرتے ہیں تو ان کو بصیرت حاصل ہو جاتی ہے۔

[1] خاتم غزالی یہ ہے ←

| | | |
|---|---|---|
| ب | ط | د |
| [illegible] | ھ | ج |
| [illegible] | ا | [illegible] |

روز صبح خالی پیٹ پئیں۔

## باب احتلام کے دفع کرنے میں

اس مرض میں اگر مریض سوتے وقت سورہ والسماء والطارق پڑھ لیا کرے تو احتلام سے محفوظ رہے۔ ایضاً اگر سوتے وقت انسان اپنے دائیں ران پر آدم اور بائیں ران پر حوا لکھ لیا کرے تو کبھی احتلام نہ ہو۔

## باب بہت جننے والی عورت کے بیان میں

اگر عورت حاملہ ہونا نہ چاہے تو چاہیئے کہ ایک درہم کافور کھا جاوے پھر کبھی بچہ نہ جنے ایضاً خصی دنبے کا بول پینے سے عورت کو حمل نہیں ٹھہرتا ایضاً گدھے کے کان کی میل پینے سے بھی حمل نہیں قرار پکڑتا ایضاً اگر عورت نعناع کے پتے اپنے پاس رکھے تو جب تک پتے اس کے پاس رہیں گے حمل نہیں ہوگا ایضاً اگر عورت کاسنی کے پھولوں کو پانی میں گھوٹ کر حیض کے بعد پی جاوے تو حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت خرگوش کا دل نعناع کے ساتھ پاس رکھے تو حاملہ نہ ہو ایضاً تخم ارنڈ کا حلوہ بنا کر کھانے سے بھی حمل قرار نہیں پکڑتا ایضاً اگر عورت سیاہ تلوں کو اپنے حیض میں تر کر کے کھا جاوے تو حاملہ نہ ہو ایضاً اگر مرد جماع کے وقت تھوڑی سی افیون احلیل کے منہ میں رکھ کر جماع کرے تو نطفہ فاسد ہو جائے اور تولید کے قابل نہ رہے ایضاً اگر منجیٹھ پکا کر اس کا پانی نہار پیا جاوے تو ہرگز حمل نہ ٹھہرے۔ ایضاً اگر تھوڑی سی پھٹکڑی پانی میں حل کر کے مرد اپنے ذکر پر طلا کرے یا عورت

تھوڑی سی پھٹکڑی پیس کر فرج میں رکھدے اور پھر مقاربت کریں تو حمل نہ ہو۔ ف جس عورت سے بحرمت جماع کیا جاوے وہ عقیمہ (بانجھ) ہو جاتی ہے ایضاً اگر مرد و عورت جماع سے پہلے روغن سے تدہین کرلیا کریں تو حمل نہ ٹھہرے ایضاً اگر رو سیاہ مرغی کے پتہ کو ذکر پر طلا کر کے جماع کیا کرے تو عورت کبھی حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت جماع کے وقت ملح اندرانی کا حمول کرلیا کرتے تو کبھی حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت کسی بچے کے اس دانت کو جو زمین پر نہ گرا ہو کسی کپڑے میں باندھ کر پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت ایک دانہ سندورس کھا جاوے تو کبھی حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت مہینے حیض کے بعد خچر کا بول پی لیا کرے تو حمل رہ جاوے ایضاً سداب دنعناع کا پانی پینے سے بھی عورت کو حمل نہیں ہو سکتا ایضاً اگر سرطان بیسکر گدھی کے دودھ سے ٹکیہ بناویں اور عورت کے بائیں بازو پر باندھیں تو جب تک وہ بندھا رہے گا عورت حاملہ نہ ہوگی ایضاً اگر عورت آنکھ بند کر کے ارنڈ کا ایک دانہ نگلجاوے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہو ایضاً اگر چمگادڑ کا سر عورت کے سر کے نیچے رکھا جاوے تو اس روز حمل قبول نہ کرے ایضاً اگر عورت اونٹ کے منہ کی جھاگ (جگالی) جو مستی کے وقت اس کے منہ سے نکلتی ہے پی جاوے تو ہرگز حاملہ نہ ہو ایضاً چمگادڑ کو ذبح کر کے اس کے پیٹ کی آلائش دور کریں اور باقی کسی تکیہ میں بھروا کر عورت بطور سرہانہ استعمال کیا کرے جب تک وہ تکیہ اس کے سر کے نیچے رہا کرے گا وہ حاملہ نہ ہوگی



## باب اس بات کے معلوم کرنے میں کہ آیا عورت حاملہ ہے یا نہیں

صاحب الخواص نے لکھا ہے کہ اگر معلوم کرنا چاہیں کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں تو عورت کو چاہیئے کہ ایک دانہ ثوم چھیلکر اس میں چند جگہ سوئی سے چھیدے اور رات کے وقت اندام نہانی میں رکھکر سو جاوے اگر صبح کے وقت اسکی بو منہ سے آوے تو جان لے کہ حاملہ نہیں ہے ورنہ حاملہ ہے اگر یہ معلوم کرنا چاہیں کہ حمل نر ہے یا مادہ تو عورت کے ہر دو ٹخنوں کو دیکھیں اگر وہ صاف اپنی اصلی حالت پر ہوں تو حمل نر ہے اگر سبز ہو گئے ہوں تو جان لو کہ مادہ ہے دیگر اگر عورت کا دائیں طرف بھاری ہو تو نر ہوگا اور اگر بائیں طرف بھاری ہوگا تو مادہ ہے ف اگر عورت خرگوش نر کا پنیر اس کے دو خصیہ کے ساتھ کھا جاوے تو لڑکا جنے اور خرگوش مادہ کا پنیر کھاوے تو لڑکی پیدا ہو صاحب خواص کا قول ہے اگر وہ عورت جسکو حمل نہ ٹھہرتا ہو یہ معلوم کرنا چاہے کہ میرا حمل کبھی ٹھہرے گا یا نہیں تو اسے چاہیئے کہ زراوند حرج کو گائے کے پتہ میں پیس کر حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک رات حمول کرے اگر صبح کو اس کا ذائقہ مونہہ میں معلوم کرے تو جان لے کہ حاملہ ہو جاوے گی ورنہ نہیں۔

## باب حمل نہ ہونے کے علاج میں یعنی حمل ٹھہرانے کے بیان میں

یاد رہے کہ حمل کا نہ ٹھہرنا کئی وجوہات سے ہوتا ہے کبھی تو رحم میں کسی قسم کی گرہ پڑ جاتی ہے۔ کبھی رحم کا منہ منقلب ہو جاتا ہے۔ کبھی رحم اپنی جگہ سے اونچا ہو جاتا

ہے. اگر رحم میں بخرہ پڑگئی ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ پھول کلفہ خشک کر کے اس کو جوش میں پکائیں اور تھوم ڈال کر چند روز استعمال کریں اور غذا نہایت پاکیزہ ہونی چاہیئے اگر رحم اُلٹا ہو یا اونچا ہوا ہو تو عورت کو چاہیئے کہ ملبہ کو پانی میں جوش دیکر اسکے پانی سے حمول کرے اور پیٹ اور پیٹھ پر بھی ملے. کبھی رحم کے الیاف سُست ہو جایا کرتے ہیں اسکی علامت یہ ہے کہ نطفہ جلد گر جاتا ہے. اور عورت مجامعت کے بعد ہولناک خواب دیکھتی ہے علاج یہ ہے کہ گندنا کی جڑیں روغن زرد میں جوش دیں اور بقدر برداشت طبع اس روغن کو پی جاویں اور پیٹ اور پیٹھ پر اس روغن کی مالش بھی کریں پھر عورت کا خاوند اس سے مجامعت کرے ایضاً گائے سیاہ گائے کا پتہ روغن زرد میں ملا کر اس میں صوف کا ٹکڑا تر کر کے عورت حمول کرے. پھر تین روز کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے انشاءاللہ باردار ہو جاوے اگر چربی و گوشت کی زیادتی سے رحم کا منہ بند ہو جس کے سبب سے نطفہ قرار نہ پاتا ہو تو یہ نسخہ کام میں لاویں. سیاہ گائے کا پتہ. زیرہ کرمانی. مصطگی. شحم حنظل سب کو کوٹ کر روغن بلسان. روغن سوسن میں ملائیں اور صوف بھگو کر عورت اس سے شافہ کرے یا پانچ روز تک یہ عمل کرنے کے بعد پھر اس کا خاوند مجامعت کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے اگر رحم میں تشنج ہو تو اس کا علاج یہ ہے بکری کی چربی سے روغن نکال کر اس میں گائے کا دودھ ملا دیں اور عورت اس سے اپنے فرج کی تدہین کرے چند روز کے بعد خاوند سے مجامعت کرے اگر رحم میں ریح ہو جسکی علامت یہ ہوتی ہے کہ عورت مجامعت کے ساتھ ہی نطفہ گرا دیتی ہے تو اس کا علاج یہ ہے کہ گلئے کے پتے یا اسپغول پیس کر صوف میں لپیٹ کر عورت



چند روز حمول کرے پھر خاوند اس کے ساتھ مجامعت کرے ایضاً زنگار، فلفل، حب الرشاد. زیرہ سفید. زیرہ سیاہ. خرگوش نر کا پنیر. نوشادر سب مساوی کوفتہ بیختہ کر کے شہد خالص میں ملا کر حیض سے پاک ہونے کے بعد چند روز تک اس دوا میں سے حمول کیا کرے ایضاً ہدہد کے گوشت کا شوربہ نہار پینا بھی یہی فائدہ دیتا ہے ایضاً کلفہ باریک پیس کر ماء الشعیر میں پکا کر چند روز استعمال کرنے سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے ایضاً زنجبیل. فلفل. جوز الطیب سب ہموزن فرفیون ½ حصہ سب کو باریک پیس کر گائے کے گوشت میں لا کر جھونیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت استعمال کرے چند روز کے بعد اس سے مجامعت کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً بیضہ مرغ کو جلا کر خاک کریں. اور وہ خاک پانی میں ڈال کر نہار پی جاویں کامیابی ہو جاوے ایضاً محلب و قرنفل ہر دو مساوی کوٹ کر شہد میں ملا دیں. اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت چند روز اس کو بطور شافہ کام میں لاوے پھر اس سے مجامعت کیجاوے ایضاً بلی کا پتہ لیکر اس میں صوف تر کریں اور کسی قدر روغن بلسان. روغن ناردین، روغن بان ملا کر عورت اس سے حمول کرے بفضلہ تعالی حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت ایام حیض میں ہر روز تین دفعہ مرد کے بالوں کی دھونی لے پھر حیض سے پاک ہونے کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے حاملہ ہو جاوے ایضاً ابن اسحاق کہتا ہے کہ اگر دانہ ارنڈ کو ایک رات و دن پانی میں تر کر کے اس میں عورت صوف بھگو کر حمول کرے. پھر خاوند اس سے مجامعت کرے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر خرگوش کا پنیر لے کر جماع سے پہلے اس کا حمول کرے اس

سے مجامعت کی جاوے توانشاءاللہ حاملہ ہو جاوے۔ ایضاً اگر عورت کتے کے بول
میں صوف ترکر کے حیض کے بعد حمول کرے اور پھر خاوند اس سے مجامعت کرے
حاملہ ہو جاوے ایضاً خرگوش کا پنیر اور اسکی مینگنی اور شہد ہر ایک مساوی
باہم خلط ملط کر کے اس میں صوف ترکر کے عورت تین روز تک حمول کرے اور
ان ایام میں ہاتھی دانت کا برادہ بھی بقدر ایک ماشہ ہر روز استعمال کرتی رہے
پھر اس سے مجامعت کی جاوے حاملہ ہو جائے ۔ ایضاً سوسن کی جڑ۔ خرگوش کی
مینگنی۔ بادام کی گوند ہر ایک دو درہم سب کو باریک کر کے روغن بان میں ملائیں
اور اس میں صوف ترکر کے عورت نو روز تک حمول کرتی رہے پھر اس سے مجامعت
کی جائے حاملہ ہو جاوے ایضاً زعفران۔ میعہ۔ مصطگی ہر ایک دو درہم موم سفید چار
درہم روغن ناردین یا روغن گل آٹھ درہم روغن و موم کو گلا کر باقی ادویہ کوفتہ کر کے
ملا دیں۔ اور مرہم کا سا قوام کر کے اٹھا رکھیں پھر اس میں صوف ترکر کے عورت اس
سے حمول کیا کرے چند روز کے بعد اس سے مجامعت کی جاوے ایضاً کا پھل
خرگوش کے بال۔ سداب خشک ہر ایک مساوی لیکر کوفتہ بیختہ موم سفید کے
ساتھ ملا کر قرص بنا لیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت ان سے دھونی
لیوے نہایت جلدی حاملہ ہو جاوے صحیح و مجرب ہے ایضاً اک کی جڑیں باریک
کر کے پانی میں ڈالیں اور اس میں گندم کے دانے ڈال کر جوش دیں جب دانے
پھول جاویں نکال کر خشک کریں اور پیس کر اس کا حلوہ بنا کر تین روز تک نہار
استعمال کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً خرگوش نر کی کھیری اور اوجھری
اگر حیض کے بعد بھون کر کھاوے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت کو اسکی لاعلمی

میں گھوڑی کا دودھ پلا دیا جاوے اور اس کے ایک گھنٹہ بعد اس سے مجامعت کیجاوے
تو حاملہ ہو جاوے صحیح و مجرب ہے ایضاً اگر عورت جماع سے پہلے نخاع بستانی کا
حمول کر لیوے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً زرنیخ احمر کا پھل ہر ایک مساوی لیکر کوفتہ
کر کے موم سفید کیساتھ ملا کر غسل کے بعد تین روز تک عورت اس سے دھونی
لیوے پھر اس سے مجامعت کی جاوے ایضاً زاج قبرسی۔ شاخ حرمل۔ زنگار عراقی۔
لوبان نر ہر ایک ایک مثقال سب کو کوفتہ کر کے حادیوں کی بیخ میں ملائیں اور کرنٹ
پر لگا کر ہر روز صبح اور شام اس سے دھونی دیں نو روز تک ایسے ہی کرتے رہیں۔
اس کے بعد عورت کا خاوند اس سے مجامعت کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے
ایضاً پنہ ہرن میں ایک بتی ترکر کے رحم میں حمول کرنے سے بھی یہی نتیجہ پیدا
ہوتا ہے ایضاً سیہ کے عضو تناسل کو جلا دیں اور اس کے ساتھ میتھی اور گندم
بریان ملا کر باریک پیسیں اور شہد میں ملا کر ہر روز رات کے وقت تھوڑا سا چاٹا
کریں۔ تین دن تک ایسا کرنے سے کامیابی ہو جاوے گی۔

## باب جنین راقد یعنی وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں سویا ہوا ہو اس کے بیدار کرنے کے بیان میں

حب سطم پیس کر نمک ملا کر دس روز تک استعمال کریں ایضاً آیات ذیل
کو کسی صاف برتن میں زعفران کے پانی سے لکھیں اور بارش کے پانی اور مینڈھے
کے بول سے دھو کر نہار پئیں۔ انشاءاللہ بیدار ہو جائے گا۔ آیات یہ ہیں: اَوَمَنْ
كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ

مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ
هُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔

ایضاً اسمار ذیل سات پتوں پر لکھیں اور پانی سے دھو کر پئیں اسمار یہ ہیں: وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ
وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ

ایضاً مرغی کا انڈا پکا کر اس میں نمک ملا کر تین روز تک کھانے سے بچہ بیدار ہو جاتا ہے۔

## باب جنین یعنی ناتمام بچہ کے بیدار کرنے میں

زیرہ سیاہ عرعار دونوں کو خوب باریک پیس کر اس میں سے تھوڑا سا ہر روز استعمال کریں۔ تین یوم کے استعمال سے کمال فائدہ ہوگا۔
ایضاً عورت پیٹ کے بل لیٹ جائے اور ایک نا محرم کر کے پیٹ پر ٹھوکر کرے انشاء اللہ ایک دفعہ کے استعمال سے بیدار ہو جائے گا اس کے



ساتھ زیرہ سیاہ کو باریک کر کے شہد میں ملا کر رکھے اور وقت ضرورت اس میں سے تھوڑا سا چاٹ لے مجرب ہے۔

## باب حرارت غریبہ کے بجھانے میں جو حالت مرض میں بھڑک اٹھتی ہے

حرارت زائدہ کا علاج تیز سرکہ۔ انگور ترش۔ مہندی۔ افیون سب کو پانی میں پیس کر گرمی والا اپنے سر سے پاؤں تک طلا کرے۔ اگر کسی کو پسینہ زیادہ آتا ہو اور وہ اسے کم کرنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ مازو اور سفیدہ کاشغری کو روغن گل میں پیس کر بدن پر طلا کرے اور جس کو پسینہ نہ آتا ہو اور پسینہ زیادہ چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ جند بیدستر کو روغن زیتون میں پیس کر بدن پر طلا کریں خوب پسینہ دے گا۔

## باب عطش مفرط یعنی بے حد پیاس اور معدہ کی سوزش بجھانے کے علاج میں

ماء الشعیر میں شکر تری ملا کر پینا پیاس کو بجھاتا ہے ترش دہی بھی پیاس کو فرو کرتی ہے۔ لعاب اسبغول و عرق گلاب بھی پیاس کو بجھاتا ہے۔ تمر ہندی۔ زرشک شیریں۔ گل بنفشہ۔ صمغ عربی کا خیساندہ بنا کر پینا بھی دافع العطش ہے بیڑیا کا پتا و کتیرا پیس کر تازہ دودھ میں پکا کر پینا بھی پیاس کو دور کرتا ہے کوے کا پتہ سرکہ میں حل کر کے پینے سے ایک مہینہ بھر پیاس نہیں لگتی۔

## باب بھوک و پیاس کے علاج میں

اونٹ کا جگر خشک کیا ہوا و نمک طعام آرد گندم ہر ایک مساوی شہد

میں معجون بناکر کھانے سے چالیس روز تک بھوک پیاس نہیں لگتی ایضاً آرد گندم میں مساوی نمک طعام ملاکر پیسیں اور اس پر اونٹ کا خشک کیا ہوا جگر ڈال کر سب کو پکا دیں پھر اس کی بقدر اخروٹ گولیاں بنادیں اور ایک گولی بھوک کے وقت کھاویں کھانے سے بے پرواہ کرے گی اور دل کو طاقت دیگی بیل کی زبان شہد میں ملاکر کھانے سے یہی مطلب نکلتا ہے۔

# باب بخار کا علاج بذریعہ ادعیہ و تعویذات کے

زیتون (ارنڈ) کے تین پتے لیکر پہلے پر لفظ عَصَتْ جَهَنَّمُ دوسری پر تَحَرَّتْ جَهَنَّمُ تیسرے پر عَطَشَتْ جَهَنَّمُ لکھ کر یکے بعد دیگرے دھونی دیں اور یہ کلمات و تعویذات لکھ کر بخار والے کی گردن میں لٹکاتے جاویں قُلْ هُوَ اللّٰهُ[1] اَحَدٌ لا واللہ تین دفعہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ اے واللہ تین دفعہ لَمْ يَلِدْ لا واللّٰهِ تین دفعہ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ لا واللّٰهِ اتنا لکھنے کے بعد یہ تین تعویذ بھی نیچے والے لکھیں۔

دلا قوۃ الحی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ل | ل | د |
| ه | ل | ل | ا |
| ل | ا | ه | ل |
| ل | ه | ا | ل |


ح ح یا علیم ح ح
یا حی یا حکیم یا علیم
ح ح یا حنان ح ح

[1] تو کہدے اللہ ایک ہے، ہاں قسم اللہ کی اللہ بے نیاز ہے سچ ہے اللہ کی قسم اس نے کسی کو نہیں جنا ہرگز نہیں واللہ کی قسم اور نہ کسی سے جنا گیا مطلق نہیں اللہ کی قسم اور اس کا کوئی شریک ہرگز نہیں بالکل نہیں اللہ کی قسم

نیز بخار کے لیے کینر کے تین پتے لیکر ایک میں حیور دوسرے میں کیور تیسرے میں خیور اور تینوں میں یہ کلمات بھی لکھیں اِذْهَبْ الْحُمّٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ یعنی اے بخار اللہ کے حکم سے چلا جا۔ جب بخار شروع ہونے لگے تو پہلے اور دوسرے یکے بعد دیگرے دھونی دیں اور تیسرے کو مریض کی گردن میں لٹکادیں نیز پیاز کی تین طرفوں میں ایک جهنم عجاجه دوسری طرف جَهَنَّمُ مقياضه تیسری طرف جَهَنَّمُ مظلمسوداء النَّارِ لکھ کر آگ میں ڈال دیں نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حسنؓ اور حسینؓ بخار سے بیمار ہوگئے اور مجھے غم پیدا ہوا جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آکر کہا کہ ایک پیالہ پانی کا بھر کر اس پر سورۂ فاتحہ جس میں کہ ف کا لفظ نہیں ہے پڑھ کر دم کریں اور اس پانی سے ان کے ہاتھ پاؤں سر اور کل گوشت پوست کو کئی بار دھو ڈالیں۔ پس آپ نے ایسا ہی کیا اور شفا ہوگئی ایک حدیث میں روایت ہے کہ غسل دیتے وقت زبان سے یہ دعا بھی پڑھنی چاہیے۔[1] اَللّٰهُمَّ اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ تَصْدِيْقًا بِرَسُوْلِكَ وَاِرَادَةَ شِفَائِكَ بِسْمِ اللّٰهِ اِذْهَبِيْ يَا اُمَّ مَلْدَمٍ نیز تین ٹکڑوں پر یہ کلمات لکھ کر ہر روز ایک ٹکڑے سے دھونی دیں پہلے پر[2] اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ دوسرے پر فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ تیسرے پر اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ نیز کسی پاک کپڑے پر مذکورہ ذیل آیات لکھ کر مرغی کی ہڈی پر لپیٹ کر آگ میں ڈال دیں

[1] اے اللہ میری یہ نیت میں نے ایسا یعنی تیرے رسول کی تصدیق اور تیری شفا حاصل کرنے کو کیا ہے [2] بسم اللہ اللہ کے نام کی برکت سے چلا جا [3] ہم نے تم کو کوثر عطا کیا ہے پس رب کے لئے نماز ادا کر اور قربانی دے تحقیق تو تیرا دشمن اولاد نہ رکھنے والا ہے گا اب خدا نے تم سے تخفیف کر دی ہے ۲

جب وہ جل جائے تو اُس کے جلے ہوئے
چھلکے پھر ایک پاک کپڑے میں باندھکر
مریض کے ہاتھ پر باندھ دیں نیز
زیتون کے اکیس پتوں پر یہ کلمات لکھ کر




ہر روز سات سات سے دھونی دیں
أَشْرَقَتِ الشَّمْسُ بِنُوْرِ رَبِّ الشَّمْسِ سُبْحَانَ مَنْ أَشْرَقَتْ بِنُوْرِهِ الشَّمْسُ
یعنی چمک گیا سورج اللہ کے نور سے پاک ہے وہ ذات جس کے نور سے سورج چمک اٹھا
نیز بخار اور سب قسم کی تکلیفوں کے لیے مفید ہے ایک پاک برتن میں خاتم مثلث[له]
جس کا ذکر پہلے گذر چکا ہے اور اس کے گرد اگرد یہ کلمات لکھیں[1] إِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ
لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنٰى أُولٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلَامًا
عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ اور ان کلمات کو بارش کے پانی یا عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلا دیں
نیز یہ کلمات تین کاغذوں پر لکھ کر ان سے دھونی دی جائے اور ہر دھونی کے ساتھ
سات سات دفعہ زبان سے بھی یہ کلمات پڑھے جائیں أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ
مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ
الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا یعنی میں اللہ
کی ذات اور قدرت کیساتھ سب قسم کی تکلیف اور بدلیوں سے پناہ چاہتا ہوں
اے لوگوں کے رب مصیبت کو دور کر دے اور شفا دے تو ہی شفا دہندہ ہے

[1] جن لوگوں پر ہماری طرف سے نیکی سبقت لے گئی وہ دوزخ سے بچے رہیں گے
ہم نے کہا اے آگ ابراہیم کے لیے سرد اور سلامتی والی ہو جا۔ ۱۲

[له] امام غزالی کا خاتم مثلث جو مجربات امام غزالی ص۱۵ پر نمبر ۲ درج ہے یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| د | ط | ب |
| ج | ھ | ـ |

شفا تیری ہی طرف سے ہے ایسی شفا عطا کر کہ مرض باقی نہ رہے نیز بھیڑیے کے
بالوں کی دھونی بخار کو مفید ہے نیز عنکبوت ٹڈی کی دھونی بھی مفید ہے نیز تین
کھجوروں پر حسب ذیل کلمات لکھ کر گودا مریض کو کھلائیں اور جو کھجور مریض کھاتا رہے اس
کی گٹھلی سے دھونی دیں اور ہر روز ایک کھجور کھلائی جائے پہلی پر لکھیں بِسْمِ اللّٰهِ
ثَارَتْ دوسری پر بِسْمِ اللّٰهِ حَوْلَ الْعَرْشِ دَارَتْ اور تیسری پر بِسْمِ اللّٰهِ
فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ غَارَتْ نیز کلمات ذیل ایک فراخ برتن میں لکھ کر پانی سے گھول کر
مریض کو پلا دیں لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا يَا غَفَّارُ يَا سَتَّارُ
بِحَمْدِ اللّٰهِ یعنی بہشت میں لوگ نہ سورج دیکھیں گے نہ مہلک سردی اے بخشش
کرنے والے عیوب پر پردہ ڈالنے والے اللہ تعالیٰ کی تعریف کیساتھ نیز یہ تدبیر بھی
ایسی ہے جس کو کم لوگ جانتے ہوں گے اور مجھے ایک بزرگ کے ہاتھ سے لکھا ہوا
ملا تھا وہ یہ ہے کہ مریض بخار کی پیٹھ پر اذان واقامت لکھ دیں فی الفور اچھا
ہو جائے گا ایضًا مریض بخار کو اسماء ذیل لکھ کر دیں کہ اپنے پاس رکھے ازالہ
بخار کے لئے مجرب ہے اسماء یہ ہیں[1] اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ جِلْدِيَ الرَّقِيْقَ وَعَظْمِيَ
الدَّقِيْقَ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِيْقِ يَا أُمَّ مِلْدَمٍ إِنْ كُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللّٰهِ
الْعَظِيْمِ الْأَعْظَمِ فَلَا تُؤْذِي الرَّأْسَ وَلَا تُفْسِدِي الْفَمَ وَلَا تَأْكُلِي

[1] ترجمہ اے اللہ رحم کر میرے پتلے چمڑے پر اور باریک ہڈیوں پر اس جلنے کی سختی
سے اے ام ملدم اگر تو اللہ عظیم پر ایمان رکھتی ہے پس سر کو ایذا نہ دے اور چہرے کو خراب نہ کر
اور گوشت نہ کھا اور خون نہ پی اور میری اس تحریر کو اٹھانے والے سے ایسے شخص کیطرف چلی
جا جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کرتا ہو اور رحمت نازل کرے اللہ اپنے رسول محمد پر
اور اسکی اولاد پر سلام بہت ۱۲

اللّٰھُمَّ وَلَا تَشْرَبِی الدَّمَ وَ تَحَوَّلِیْ عَنْ حَامِلِ هٰذَا الْكِتَابِ اِلٰى مَنْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ایضاً اسماء ذیل کسی کاغذ پر لکھ کر بخار والے کے گلے میں لٹکادیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَرَآءَةٌ[1] مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اِلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ مِنْ كُلِّ مَا يَعْرِضُ لَهٗ بِاِذْنِ اللّٰهِ يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ لفظ اَخْسَرِيْنَ تک وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا لفظ قَدِيْرٌ تک۔

## باب حمی باردہ کا علاج کتابت سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ يَا شَافِيْ يَا اللّٰهُ ایک پرچہ میں لکھے دوسرے پرچہ میں فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ يَا كَافِيْ يَا اللّٰهُ تیسرے پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ يَا مُعَافِيْ يَا اللّٰهُ۔ ان کلمات کا ترجمہ پہلے باب میں گذر چکا ہے) پہلے کاغذ کو پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ اسیطرح دوسرے کو۔ تیسرا جبکہ سخت بخار چڑھ جائے اسی طرح تین دفعہ کیا جائے۔ لیکن بیمار کو اس لکھے ہوئے مضمون پر مطلع نہ ہونا چاہیے۔

[1] ترجمہ: اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے رخصت ہے عزیز و حکیم کی طرف سے ہر عارضہ سے اللہ کے اذن سے اے آگ سرد اور باسلامت ہو جا ابراہیم پر اور ہم اتارتے ہیں قرآن سے جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے یا اس شخص کی طرح جو کہ ایک اجڑی اپنی چھتوں پر گری بستی پر گزر رہا تھا۔

## باب حمی حادہ کے علاج میں

حلتیت یعنی ہینگ نصف درم ٹھنڈے پانی میں حل کریں اور نہار پی جاویں انشاءاللہ شفا ہو جائے گی ایضاً سقمونیا بقدر دو ماشہ عرق گلاب میں ملا کر پی لینے سے اسہال ہونگے اور بخار اتر جائے گا ایضاً لہسن ایک ماشہ خوب باریک کر کے ایک اوقیہ روغن زیتون میں ملا دیں اور استعمال کریں انشاءاللہ تین دن کے استعمال سے بخار جاتا رہے گا۔

## باب حمی غیب یعنی تیجا بخار کا علاج کتابت سے

بِسْمِ اللّٰهِ دَلَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ فَرَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ اِنْصَرَفَتْ بِسْمِ اللّٰهِ اَدْبَرَتْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا[1] لفظ النَّاسِ تک اَلَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ لفظ يَشْفِيْنِ تک قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ الْكَرِيْمَاتِ وَمَنْ نَزَلَتْ عَلٰى قَلْبِهٖ اَنْ تَشْفِيَ حَامِلَ هٰذَا الْكِتَابِ اللہ کے نام کی برکت سے بیٹھ پھر گئی اور بھاگ گئی اور گذر گئی۔ لوٹ گئی پیچھے ہٹ گئی باقی اس کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے اے اللہ ان بزرگ آیتوں کی برکت سے اور اس ذات کی برکت سے جس کے دل پر یہ نازل ہوئیں ان کلمات کے اٹھانے والے کو شفا مرحمت فرما ان کلمات کو لکھ کر باندھا جائے

[1] یعنی يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

نیز تین بادام لیکر پہلے پر حَسْتُ دوسرے پر مَسْتُ تیسرے پر اَنْفَعْتُ لکھکر
ہر روز ایک سے دھونی دیں صحیح اور مجرب ہے نیز کھجور کی تین گٹھلی لیکر یہ
کلمات لکھیں اور یکے بعد دیگرے ان سے دھونی دیں کلمات یہ ہیں خوناء ۲
لوناء ۲ احاجاع یا امرامد لاتاکل اللحم وَلَا تَشْرِبِی الدَّمَ حافظ رازی
ملی بن بیان سے روایت ہے۔ یہ تعویذ لکھ کر مریض کے سر کے نیچے رکھنے سے بخار
جاتا رہتا ہے اور وہ تعویذ صفحہ آیندہ نمبر کے ابتدا میں ہے۔ تیمی کا قول
ہے کہ جو شخص تیرہ دفعہ حرف یا لکھے
اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قول
عَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضُعْفًا اضافہ کرے
اور مریض کے سر پر لگا دیوے۔ اور

| | | |
|---|---|---|
| | یا حی | |
| | وحسبنا اللہ ولاحول<br>ولا قوۃ الا باللہ<br>العلی العظیم | |

لکھنے کے وقت وضو کے ساتھ ہووے تو ان شاءاللہ بحکم خدا بخار ٹوٹ جائے گا۔
ایضاً بیمار نہا کر مہندی یا کسی اور درخت کی لکڑی سے دائیں بازو پر لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ اور بائیں پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ دائیں پنڈلی پر جبرئیل اور بائیں
پر میکائیل دائیں پہلو پر اسرافیل اور بائیں پر عزرائیل لکھے ان شاءاللہ شفا
ہو جائے گی صحیح اور مجرب ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
پ بنی اسرائیل ۹ع

# گنجینۂ مجربات

جس میں سلاسلِ اربعہ کے عاملین کرام اور مشائخ
عظام اور علماء کرام کے روز آزمودہ نسخہ اور ورد
و وظائف تعویذ و گنڈے کا ایک بہترین اور مفید
ترین مجموعہ۔ لہٰذا اس کتاب کو بلا وضوء کے ہاتھ
نہ لگائیے اور بلا وضوء کے نہ اس کو پڑھیں اور نہ
تعویذ لکھیں

مؤلفہ
مولانا حاجی احمد علی بن شاہ دوست بنگوری
خطیب دکھنی مسجد پاکستان چوک مقیم ریلوے ریسٹورنٹ
بلڈنگ آوٹ رام روڈ فلیٹ ۵ کراچی ۱ د خلیفہ مجاز
مرشد عالم حضرت مولانا پیر غلام حبیب نقشبندی مجددی

# سببِ تألیف

## گنجینۂ مجرّبات

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

آجکل اصلی اور نقلی عاملین حضرات بہت پائے جاتے ہیں۔ ہر چیز میں اصل ونقل موجود ہے لیکن دونوں میں امتیاز کرنا ہر کس وناکس کا کام نہیں یہ وہ خطرناک زمانہ ہے کہ دنیا کے پیسے ٹکوں کے پیچھے باپ بیٹے پر، بیٹا باپ پر سحر و جادو چلا کر گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہو جاتے ہیں۔ اور وہ جہلا عاملین جو ایمان کی دولت سے عاری ہیں ان کو گناہ کی تمیز نہیں، وہ چند کوڑیوں کی خاطر دولتِ ایمان سے ہاتھ دھو ڈالتے ہیں۔ بعض عاملین تو بالکل سراسر گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہو کر شرکیات اور کفریات جیسے جملوں کے کہنے سے دریغ وگریز نہیں کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے مسلک کے علماء دیوبند نے اور مشربِ مشائخ نقشبندیہ نے اس کام میں دل چسپی لیکر بڑھانے کی کوشش نہیں کی۔ البتہ بقدرِ ضرورت کے گریز بھی نہیں کیا۔ اگر کوئی بندہ اس کا عامل نہ بنے مگر سیکھ تو ضرور لے کہ بوقتِ ضرورت یقیناً کام آئیگا آج کل والدین کی وفات کے بعد لائق اولاد نالائقوں کا حق ہڑپ کر جاتے ہیں پھر نتیجۃً دست وگریبان ہو کر کورٹ کا چکر لگاتے ہیں، بلکہ اس کے پیچھے قتل وغارت گری کی نوبت بھی آتی ہے۔ ان حالات میں اگر صحیح العقیدہ



عامل مل جائے تو اس کو غنیمت سمجھنا چاہئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی پریشانیوں اور تشویشوں سے نجات حاصل کریں۔ اس لئے بندہ نے گنجینۂ مجربات لکھ کر عوام الناس کو علماءِ کرام اور مشائخِ عظام کی طرف متوجہ کیا۔

اللہ تعالیٰ صحیح عاملین سے فائدہ اٹھانے کی توفیق ارزان فرمائے

این دعا از من واز جملہ جہان آمین باد

نوٹ: سحر، جادو جنات والے تعویذات کے لئے چلّہ نکالنا ضروری ہے، ورنہ نقصان ہوگا۔

فقط دعاگو

مولانا حاجی احمد علی
خلیفۂ مجاز مرشدِ عالم حضرت حافظ پیر غلام حبیب صاحب
مدیر دار العلوم حنفیہ، چکوال (پاکستان)

# تعویذات وعملیات

چند ایسے عملیات و تعویذات درج کئے جاتے ہیں جو بزرگوں کے معمول میں ہیں اور شرع شریف کے خلاف نہیں ہیں تاکہ خدائے تعالیٰ کے کرم کی برکت سے شفا بھی ہو اور دین بھی بچا رہے اور مال و آبرو کا نقصان بھی نہ ہو لیکن سالک کو چاہئے کہ بلا اجازت شیخ اس کام میں مشغول نہ ہو کیونکہ اس میں سراسر نقصان ہے۔ ہاں کبھی کبھار کسی خاص ضرورت کے وقت کوئی تعویذ وغیرہ لکھ کر خود استعمال کرنا یا کسی کو دینا کوئی مضائقہ نہیں رکھتا ہے۔

تعویذ لکھتے وقت ان باتوں کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیے کہ قرآن مجید کی آیت بے وضو مت لکھو، نہانے کی ضرورت میں بھی مت پڑھو اور جس کاغذ پر قرآن مجید کی آیت لکھ کر تعویذ بناؤ اس کاغذ پر ایک اور سادہ کاغذ لپیٹ دو تاکہ تعویذ لینے والا اگر بے وضو ہو تو اس کو ہاتھ میں لینا درست ہو اور چینی کی تشتری میں بھی آیت لکھ کر بے وضو کے ہاتھ میں مت دو، بلکہ تم خود پانی میں گھول دو، اور جب تعویذ سے کام نہ رہے تو اس کو پانی میں گھول کر کسی ندی، نہر یا کنویں میں چھوڑ دو۔

بعض لوگ خون سے تعویذ لکھتے ہیں سو شریعت میں بہنے والا خون مثل پیشاب کے ناپاک ہے اس سے تعویذ لکھنا ناجائز اور بہت بُری بات ہے اور ایسا تعویذ اگر بازو پر بندھا ہو یا جیب میں پڑا ہو تو نماز بھی درست نہ ہوگی۔ اسی طرح بعضے تعویذ و عملیات میں تصویریں بنائی جاتی ہیں، بعضے قرآن مجید الٹا پڑھتے ہیں، بعضے قرآن مجید کے اندر اور عبارتیں اس طور سے



داخل کر دیتے ہیں کہ قرآن پاک کی ترتیب و نظم میں خلل واقع ہو جاتا ہے یہ سب حرام اور معصیت ہے۔ بعض تعویذوں کا استعمال اس طرح کیا جاتا ہے کہ جس سے ان کی بے ادبی ہوتی ہے مثلاً کوئی تعویذ کسی کے آنے جانے کی جگہ دفن کیا جاتا ہے تاکہ اس کے اوپر کو آمد و رفت ہو، یا اور جس طریقے سے بھی بے حرمتی و بے تعظیمی ہوتی ہو سب ناجائز ہے

تعویذ اور جھاڑ پھونک تین شرطوں کے ساتھ جائز ہے ایک یہ کہ تعویذ اور افسوں کلام اللہ اور اس کے صفات سے ہو اور دوسری یہ کہ عربی زبان میں ہو، یا اس زبان میں جس کے معنی معلوم ہوں۔ تیسری یہ کہ یہ اعتقاد ہو کہ افسوں بالذات مؤثر نہیں بلکہ بتقدیر الٰہی اثر کرتا ہے۔ اور افسوں (منتر وغیرہ) تین قسم کا ہے ایک وہ جس کا مطلب اور معنی معلوم نہیں تو اس سے پرہیز کرنا واجب ہے کہ مبادا اس میں شرک ہو دوسری یہ کہ بکلام الٰہی اور بصفاتِ ربانی ہو تو جائز ہے پھر اگر احادیث میں منقول ہے تو وہ مستحب ہے تیسری قسم یہ کہ اسماءِ ربانی کے سوا فرشتہ یا ولی یا جلیل القدر مخلوقات چنانچہ عرش کے نام سے ہو تو اس سے پرہیز واجب نہیں اور اگر شرع میں اس کی اجازت نہیں تو اس کا ترک کرنا بہتر ہے مگر جبکہ متضمنِ تعظیم ہو جیسا کہ غیر اللہ کا حلف تو اب پرہیز کرنا لائق ہے (غایۃ الاوطار) جو تعویذ جامہ یا غلاف میں ہو یعنی تعویذ پر منڈھا ہوا نہ ہو تو اس کا پاخانہ میں لے جانا مکروہ تحریمی نہیں اور پرہیز کرنا یعنی باہر رکھ جانا بہتر ہے۔ (از غایۃ الاوطار)

تعویذات و عملیات کو مؤثرِ حقیقی نہ سمجھے بلکہ اس کا اثر خدائے تعالیٰ کی طرف سے جانے اور اگر کسی کافر کو تعویذ دینا ہو تو بہتر ہے کہ آیاتِ قرآنی نہ لکھے بلکہ یا تو وہ حروف جدا جدا لکھ دے یا ان حروف کے ہندسے لکھ دے

یا اور کچھ جائز عبارت لکھ دے۔ مثلاً یہ لکھ کر دیدے اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ ۔ اس کو کافر گلے میں بھی ڈال سکتا ہے

### (۱) برائے محافظت از جمیع آفات و بلیاتِ ارضی و سماوی

معمول: سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چہار قل پڑھ کر دم کرنا ازحد مفید ہے

### (۲) برائے دفع سحر و جادو و برائے دفع زہر گزیدنِ مار

(سانپ کے کاٹے کے لئے) مندرجہ بالا معمول نمک پر پڑھ کر کھلانا اور زخم پر لگانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ (دفع سحر و جادو کے لئے) روزانہ تین مرتبہ یہی معمول پڑھ کر تمام وجود پر دم کرے۔

### (۳) اگر کسی کو دیوانہ کتا کاٹ لے

تو سورۂ فاتحہ اور چہار قل پڑھ کر دم کرے ازحد مجرب ہے۔

### (۴) برائے جمیع امراض و اسقام و آلام و دفع جن و آسیب و بدنظر

ازحد مفید ہے۔ معمول یہ ہے: سورۂ فاتحہ، چاروں قل، آیۃ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ حضرت حاجی دوست محمد قندھاری قَدَّسَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى بِسِرِّهِ الْاَقْدَسِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ بِصَاحِبِ هٰذَا الْمَرَضِ بِحَوْلِكَ وَقُدْرَتِكَ وَجَبَرُوْتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اس تمام مجموعہ کو پڑھ کر دم کریں اور پلائیں۔

### (۵) برائے سخت امراض

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الْهَامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔ لکھ کر بازو یا گلے میں باندھے اگر تمام وجود یا اعضا میں کسی جگہ درد ہو تو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اکثر اس پانی کو پلائیں اور کسی قدر پانی بچا کر روغنِ تلخ میں ڈال کر اس جگہ کو اس روغن سے چرب کریں بفضلہ تعالیٰ خیر ہو جائے گی۔

### (۶) تعویذ برائے حفظِ طفل از جمیع آفات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ[۱] كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ ۔ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔ اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ یہ عمل جن و آسیب کے لئے

۱؎ بعض نسخوں میں یہ جملہ اس طرح ہے: مِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنٍ الخ

بھی مفید ہے۔

**(۷) برائے محافظتِ زراعت** کاغذ پر لکھ کر کورے سفالہ میں بند کر کے اس کو زراعت کے تختہ میں دفن

کرے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا رَزَّاقَ الْعِبَادِ یَا خَلَّاقَ الْخَلَائِقِ یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ یَا مُنْبِتَ الزَّرْعِ فِی الْاَرْضِ وَالنَّبَاتِ وَیَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ اِدْفَعْ مِنْ ھٰذَا الزَّرْعِ شَرَّ الْھَوَامِّ وَالدُّوْدِ وَشَرَّ الْفَارَۃِ وَالْخَنَازِیْرِ الْمُفْسِدَۃِ وَارْزُقْنَا رِزْقًا حَسَنًا وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

**(۸) تعویذ اسماءِ اصحابِ کہف**[1] برائے برکت و امان از غرق و حرق و سرق و غارت وغیر

ذالک از امراض و حاجات۔ ان اسماء کو لکھ کر مکان، کشتی یا متاع میں یا اپنے پاس رکھے امانِ الٰہی میں رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٰہی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا میلسنا مرتوش دبرنوش شادنوش مرطونس اسم کلبھم قطمیر ۷

**(۹) تعویذ برائے شفاء ہر درد** اس آیۂ شریفہ کو تین روز متواتر کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اس پانی کو پلائیں اور درد کی جگہ مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ مفید ہو گا۔ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ ط وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ط یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ

[1] حضرت خواجہ محمد عثمان دامانیؒ سے مروی ہے کہ اسمائے اصحاب کہف کتابوں میں چند طریقوں سے لکھے ہیں لیکن مجھے اپنے پیر و مرشد سے اسی طریق پر پہنچے ہیں۔

**(۱۰) تعویذ برائے حاملہ ہونے عورت کے اور جننے فرزند نرینہ کے**

اسم یَا مُبْدِئُ کو نو ٹکڑے کاغذ پر لکھیں جس وقت عورت حیض سے فارغ ہو، اول مہینے میں تین رات مجامعت کریں اور صبح کو ہر روز ایک ایک تعویذ پئیں۔ اس ترکیب سے تین ماہ میں یہ نو عدد تعویذ نوش کریں اور اس آیۂ شریفہ کو لکھ کر عورت کو دیں کہ وہ گلے میں اس طرح لٹکائے کہ وہ تعویذ آیۂ شریفہ کا دو انگشت زیر ناف آویزاں رہے انشاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو کر فرزند نرینہ جنے گی۔ وہ آیۂ شریفہ یہ ہے: اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ ط یٰزَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامِ نِ اسْمُہٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ط بحق مریم و عیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و آلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

**(۱۱) تعویذ برائے حمل خشک شدہ** جس عورت کا حمل خشک ہو گیا ہو اُس

کے لئے یہ تعویذ چینی کے برتن میں لکھے، چالیس روز بلا ناغہ اس کو یہ تعویذ پلائے بفضلہ تعالیٰ حمل نمو حاصل کر کے ظاہر ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّھَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِھِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

(۱۲) تعویذ برائے تپ ہر قسم

کٓهٰیٰعٓصٓ ۝ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَهٗ زَکَرِیَّاۤ ۝ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِیًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّلَمْ اَکُنْۢ بِدُعَآئِکَ رَبِّ شَقِیًّا ۝[1] وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ لکھ کر گردن میں باندھیں اور تین تعویذ یا محیط اللہ کاغذ پر لکھ کر تین روز ایک ایک کر کے پلائیں ان شاء اللہ تپ رفع ہوگی۔

(۱۳) تعویذ برائے تپ سوم

اول تپ کے شروع ہونے سے بروز نوبت اول و آخر درود شریف اور ایک بار سورہ رعد پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہوجائے گی پس چاہئے کہ سہ نوبت کو دم تمام کرے اگرچہ اول یا دوسری نوبت پر آرام ہوجائے۔ اگر تینوں نوبت پر دم نہ کریں گے تو چند روز بعد بخار پھر عود کر آئے گا

(۱۴) تعویذ برائے دفع بواسیر ہر قسم

یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّغِیَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ یَا رَحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ لکھ کر کمر میں باندھیں

(۱۵) ایضاً: اگر صبح و شام سورہ فاتحہ مع بسم اللہ ہفت بار پڑھتا رہے تو بہتر ہے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو صرف بسم اللہ شریف صبح و شام پڑھ کر اپنے جسم پر ناف سے زانو تک آگے پیچھے ہاتھ

۱؎ سورۂ مریم پ ۱۶

پھیر کر دم کرے۔

(۱۶) برائے دفع درد باؤ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاعِثُ وَاَنَا الْمَبْعُوْثُ وَمَنْ یَّدَعُ الْمَبْعُوْثَ اِلَّا الْبَاعِثَ یَا رَبِّ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ لکھ کر درد کی جگہ باندھیں۔

(۱۷) تعویذ برائے زود فروشی مال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِكُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ لکھ کر مال و متاع میں رکھیں۔

(۱۸) برائے تیزی ذہن وکشائش مطالعہ

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ قبل از شروع سبق ہفت بار پڑھ کر اپنے وجود پر دم کریں۔

(۱۹) تعویذ برائے گریۂ کودک

ططططططط ہہہ ہہہہ قدوس قدوس وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

(۲۰) تعویذ برائے دفع طحال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ

۱؎ کیسہ

اَمْسَكَهُمَا اَحَدٌ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ یا طحال ارجع الی مکانک بحق ابی بکرن الصدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ لکھ کر طحال کی جگہ پر باندھیں۔

(۲۱) ایضاً: بروز یکشنبہ ایک قرصِ گل طحال کے برابر بنا کر طحال کی جگہ پر رکھیں۔ دستِ راست میں چاقو لیکر ایک بار سورۂ الم نشرح با تسمیہ پڑھکر چاقو سے اس قرص کو کاٹیں اور اسطرح سات دفعہ کریں لیکن اول و آخر درود شریف زیادہ کریں۔ اس معمول کو تین یکشنبہ کریں انشاء اللہ طحال کٹ جائے گی۔

## (۲۲) معمول برائے کاٹنے یرقان کے

بروز یکشنبہ چند برگ کلاں سبز گھاس کے لاکر ایک طرف مریضِ یرقان کے ہاتھ میں دیں کہ وہ پکڑلے اور دوسری طرف خود بائیں ہاتھ میں لے کر اپنے داہنے ہاتھ میں چاقو لے کر ایک دفعہ سورۃ القریش با تسمیہ پڑھ کر چاقو سے اس گھاس کو کاٹیں اس طرح سات دفعہ کریں لیکن اول و آخر میں درود شریف زیادہ کریں اس معمول کو بھی تین اتوار عمل میں لائیں انشاء اللہ یرقان رفع ہو جائے گا۔

## (۲۳) معمول برائے خیر و برکت

اموراتِ دین اور کشائش و فراخی معاش و ترقی رزق کے لئے ہزار بار بلا ناغہ رات دن میں پڑھیں بہت مفید اور نہایت مجرب ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ

## (۲۴) تعویذ برائے حُبّ

دائیں بازو پر باندھ کر اس پر عطر و خوشبو لگائیں۔ اس تعویذ کی اجازت محض الفتِ زوجین کے لئے ہے اس کے بغیر اجازت نہیں اگر کوئی شخص سوائے زوجین کے کسی دوسری جگہ پر اس کا عمل کریگا تو انشاء اللہ بجائے نفع کے نقصان اٹھائے گا۔

۱ ۱۴ ۶۸۶ ۱۱ ۸

| | | | |
|---|---|---|---|
| یحبونهم کحب الله یا غفار | والذین امنوا اشد حبا لله یا کریم | والقیت علیک محبة منی یا کریم | انه لحب الخیر لشدید یا ودود |
| انه لحب الخیر لشدید یا ودود ۱۲ | والقیت علیک محبة منی یا کریم ۷ | والذین امنوا اشد حبا لله یا رحیم ۲ | یحبونهم کحب الله یا لطیف ۱۳ |
| والذین امنوا اشد حبا لله یا لطیف ۶ | یحبونهم کحب الله یا رحمٰن ۹ | انه لحب الخیر لشدید یا رحیم ۱۶ | والقیت علیک محبة منی یا رحمٰن ۳ |
| والقیت علیک محبة منی یا رحمٰن ۱۵ | انه لحب الخیر لشدید معه | یحبونهم کحب الله یا کریم ۵ | والذین امنوا اشد حبا لله یا رحیم ۱۰ |

## (۲۵) تعویذ لکلِّ شیءٍ (ہر مقصد کیلئے)

ع ۱۲م ہ ۵۳م ہ ۲۴م ے

حم حم حم حم حم حم الله حم الامر وجاء النصر فعلینا لا ینصرون د

الله

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ اللہ سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

## (۲۶) تعویذ برائے بقائے حمل

| | | |
|---|---|---|
| یا قابض | یا قابض | یا قابض |
| یا قابض | یا قابض | یا قابض |
| یا قابض | یا قابض | یا قابض |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین


## (۲۷) تعویذ برائے دردِ سر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بذوح |
| یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح |
| یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح |
| یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح |
| یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح |
| یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح | یا بدوح |

یاروح یاروح یاروح یاروح یاروح یاروح یاروح

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

## (۲۸) تعویذ برائے بجا شدنِ ناف




## (۲۹)؎ سر اور دانت کے درد اور ریاح کے لئے

ایک پاک تختی پر ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر لکھو ابجد ہوز حطی اور میخ کو زور سے

؎ اس سے آگے کے تعویذات بہشتی زیور، و القول الجمیل وغیرہ سے منقول ہیں



الف پر دباؤ اور درد والا اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ رکھے اور تم ایک دفعہ الحمد پڑھو اور اس سے درد کا حال پوچھو، اگر اب بھی درد ہو تو اسی طرح ب کو دباؤ۔ غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو ان شاء اللہ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا۔

## (۳۰) ہر قسم کے درد کے لئے خواہ کہیں ہو

یہ آیت مع بسم اللہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں یا کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (پ بنی اسرائیل ع)

## (۳۱) دماغ کا کمزور ہوجانا

پانچوں نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ یا قَوِیُّ پڑھیں۔

## (۳۲) نگاہ کی کمزوری کے لئے

پانچوں نمازوں کے بعد یا نُوْرُ گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں

## (۳۳) زبان میں ہکلا پن یا ذہن کم ہونا

فجر کی نماز پڑھ کر ایک پاک کنکری منہ میں رکھ کر یہ آیت اکیس بار پڑھیں رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ اور روزانہ ایک بسکٹ پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لکھ کر چالیس روز کھلانے سے بھی ذہن بڑھتا ہے۔

## (۳۴) برائے ہولِ دلی

یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں باندھیں ڈورا اتنا لمبا رہے کہ تعویذ دل پر پڑا رہے اور دل بائیں طرف ہوتا ہے۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

**(۳۵) پیٹ کے درد کے لئے** | یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار پڑھ کر پلائیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝

**(۳۶) ہیضہ اور ہر قسم کی وبا، طاعون وغیرہ کے لئے** | ایسے دنوں میں جو چیزیں کھائیں پئیں اس پر پہلے تین بار سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ پڑھ کر دم کر لیا کریں، ان شاء اللہ حفاظت رہے گی اور جس کو ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں پلائیں ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

**(۳۷) تلی بڑھ جانا** | یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

**(۳۸) ناف ٹل جانا** | یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں ناف اپنی جگہ آجائے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

**(۳۹) برائے بخار** | اگر بغیر جاڑے کے بخار ہو تو یہ آیت لکھ کر باندھیں اور اسی کو پڑھ کر دم کریں۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ اور اگر جاڑے سے ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

**(۴۰) پھوڑا پھنسی یا ورم** | پاک مٹی پنڈول وغیرہ چاہے ثابت ڈھیلا یا ہے پسی ہوئی مٹی لے کر اس پر یہ دعا تین بار پڑھ کر تھوک دے۔ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔ اور اس پر تھوڑا پانی چھڑک کر وہ ملنے کی جگہ یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار ملا کرے۔

**(۴۱) سانپ بچھو اور بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا** | ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جائیں اور قُلْ یا پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں۔

**(۴۲) سانپ کا گھر میں نکلنا یا آسیب ہونا** | چار کیلیں لوہے کی لے کر ایک ایک پر یہ آیت پچیس بار دم کر کے گھر کے چاروں کونوں پر زمین میں گاڑ دیں ان شاء اللہ تعالیٰ سانپ اس گھر میں نہ رہیگا اور اس گھر میں آسیب کا اثر بھی نہ ہو گا۔ وہ آیت یہ ہے: اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ پ الطارق

**۴۳ باؤلے کتے کا کاٹ لینا** | یہی آیت جو اوپر لکھی گئی ہے اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ سے رُوَيْدًا تک ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا ہر روز اس شخص کو کھلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ ہڑک نہ ہو گی۔

**(۴۴) بانجھ ہونا** | چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر سات بار اس آیت کو پڑھے اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزانہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر پانی نہ پئے اور کبھی کبھی میاں کے پاس بیٹھے اٹھے، آیت یہ ہے: اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد ہو گی۔

### (۴۵) حمل گر جانا

ایک تاگا کسم کا رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر اس میں نو گرہ لگائے اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر پھونکے انشاء اللہ تعالیٰ حمل نہ گریگا اور اگر کسی وقت تاگا نہ ملے تو کاغذ پر لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔ آیت یہ ہے : وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○

### (۴۶) برائے مسان و بخار

جس بچہ کو مسان کی بیماری ہو تو اس پر الحمد اکتالیس مرتبہ ساتھ وصل میم بسم اللہ کے الحمد کے ساتھ پڑھ کر چالیس روز تک دم کیا کریں انشاء اللہ اس کا وہ مرض جاتا رہے گا۔ اور اگر فرصت نہ ہو تو تین بار کا پڑھنا بھی کفایت کرتا ہے۔ نیز الحمد شریف چالیس بار پڑھ کر دم کرکے بخار والے کے منہ پر چھینٹے مارنا مفید ہے۔

### (۴۷) بچہ زندہ نہ رہنا

اجوائن اور کالی مرچ آدہ آدہ پاؤ لیکر پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس بار سورۃ والشمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ کے ساتھ درود شریف پڑھے اور جب چالیس بار ہو جائے پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھے اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرے اور شروع سے یا جب سے خیال ہوا ہو دودھ چھڑانے تک روزانہ تھوڑا تھوڑا دونوں چیزوں سے کھلایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی۔

### (۴۸) ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری



عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے کنڈل یعنی دائرہ ستر بار بنائے اور ہر دفعہ میں یَا مَتِیْنُ کہے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

### (۴۹) بچے کو نظر لگ جانا یا رونا یا سوتے میں ڈرنا یا کیڑہ وغیرہ

قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس تین تین بار پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈالدے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ انشاء اللہ تعالیٰ سب آفتوں سے حفاظت رہے گی۔

### (۵۰) چیچک

ایک نیلا گنڈہ سات تار کا لیکر اس پر سورۂ رحمٰن جو ستائیسویں پارہ میں ہے پڑھے اور جب اس آیت فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے اس پر دم کرکے ایک گرہ لگائے سورۃ کے ختم ہونے تک اکتالیس گرہیں ہو جائیں گی پھر وہ گنڈہ بچے کے گلے میں ڈال دے۔ اگر چیچک سے پہلے ڈال دیں تو انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے حفاظت رہے گی اور چیچک نکلنے کے بعد ڈالیں تو زیادہ تکلیف نہ ہوگی۔

### (۵۱) ہر طرح کی بیماری کے لئے

چینی کی تشتری پر سورۂ الحمد اور یہ آیتیں لکھ کر روزانہ مریض کو پلایا کریں بہت ہی تاثیر کی چیز ہے۔ آیات شریفہ یہ ہیں :

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ، وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ، وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ، وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

اِلَّا خَسَارًا. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

**(۵۲) محتاج اور غریب ہونا** بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ تسبیح یَا مُعِزُّ پڑھ کر دعا کیا کرے اور چاہے یہ دوسرا وظیفہ پڑھ لیا کرے، بعد نماز عشاء اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چودہ تسبیح اور چودہ دانے یَا وَهَّابُ پڑھ کر دعا کیا کرے انشاء اللہ فراغت اور برکت ہوگی

**(۵۳) آسیب لپٹ جانا** ان آیتوں کو بیمار کے کان میں پڑھ کر دم کرے اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلائے۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ. فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ. وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ. وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اور سورۂ والسماء والطارق سات بار پڑھ کر کان میں دم کرنا اور داہنے کان میں اذان اور بائیں میں تکبیر اقامت کہنا بھی آسیب کو بھگا دیتا ہے۔

**(۵۴) کسی طرح کا کام اٹکنا** بارہ روز تک اس دعاء کو بارہ سو دفعہ پڑھ کر ہر روز دعا کیا کرے انشاء اللہ تعالے کیسا ہی مشکل کام ہو پورا ہو جائیگا یَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

**(۵۵) دیو کا شبہ ہو جانا** قل اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس تین تین بار پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اور زیادہ پانی پر دم کرکے اس میں نہلائیں اور یہ دعاء چالیس روز تک چینی کی تشتری پر لکھ کر پلائیں یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ



بَقَآئِهٖ[۱] یَا حَیُّ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔ اور یہ دعا ہر بیمار کے لئے مفید ہے جس کو حکیموں نے جواب دیدیا ہو۔

**(۵۶) خاوند کا ناراض یا بے پرواہ رہنا** بعد نماز عشاء کے گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لیکر اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں گیارہ تسبیح یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ کی پڑھیں اور خاوند کے مہربان ہونے کا خیال رکھیں۔ جب سب پڑھ چکیں تو ان مرچوں پر دم کرکے تیز آگ میں ڈالدیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ خاوند مہربان ہوگا اور کم سے کم چالیس روز کریں۔

**(۵۷) دودھ کم ہونا** یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں۔ پہلی آیت: وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ (پ بقرہ ع ۳۰) وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً[۲] نُّسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ دوسری آیت اگر آٹے کے پیڑے پر پڑھ کر گائے بھینس کو کھلائیں تو خوب دودھ دیتی ہے

**(۵۸) حفاظتِ حمل** اگر کسی عورت کا حمل اکثر گر جاتا ہو یا کسی صدمہ کی وجہ سے کسی مرتبہ ایسا خطرہ ہو تو آیاتِ ذیل لکھ کر حاملہ کے گلے میں اسطرح ڈالدیں کہ وہ تعویذ پیٹ پر پڑا رہے آیات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

۱ بعض کے نزدیک سورۂ فاتحہ کو زیادہ کرتے ہیں   ۲ (پ نحل ع ۸)

الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ[1] ٥ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ[2] ٥ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ[3] ٥ رَبِّ اِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ٥ (پ۳ آل عمران ع ۱۳)

(۵۹) نظرِ بد | اگر نظرِ بد کا احتمال ہو تو آیاتِ ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ٥ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ٥

(۶۰) ایضاً کلماتِ ذیل بھی نظرِ بد کا اثر دور کرنے کے لئے خصوصیت سے گلے میں ڈالتے ہیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

(۶۱) برائے مرگی | اور جو شخص مرگی میں مبتلا ہو تو تانبے کی ایک تختی لے اور اس میں یکشنبہ (اتوار) کی پہلی ساعت میں اس تختی کے ایک طرف یہ کھدوالے یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ اور دوسری طرف یہ کھدوائے يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ

(۶۲) برائے دردِ سر | دردِ سر خواہ آدھا سیسی کا ہو یا دوسری طرح کا، آیاتِ ذیل لکھ کر درد کے موقع پر باندھ دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ پوری سورت

[1] (پ۱۴ نحل ع ۲۱) [2] (پ۱۳ یوسف ع ۱۰) [3] (پ۱۳ رعد ع ۲)



لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

۶۳ برائے دردِ زہ | کلمات و آیاتِ ذیل کو گڑ پر پڑھ کر کھلائیں یا لکھ کر سفید کپڑے میں باندھ کر حاملہ کی بائیں ران میں باندھ دیں اور بعد فراغت فوراً کھول دیں، ان شاء اللہ ولادت میں بہت سہولت ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ٥ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ٥ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ٥ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ٥ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ٥ اٰهِيًّا اَشْرَاهِيًّا اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ عَلَيْنَا الْوِلَادَةَ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ

(۶۴) آسیب | اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہو تو آیاتِ ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کر کے چھڑک دیں اور اگر گھر میں اثر ہو تو ان کو پانی پر پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں۔ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (۱) سورۂ فاتحہ پوری (۲) الٓمّٓ تا مُفْلِحُوْنَ (۳) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ الخ (۴) (۵) لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ تا آخر سورۂ بقرہ (۶) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ، الآیۃ (آل عمران) (۷) اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ الآیۃ (سورۃ الاعراف ع ۷) (۸) فَتَعٰلَى اللّٰهُ تا ختم سورۂ مومنون (۹) آیات شروع صافات تا لَازِبٍ (۱۰) تین آیات آخر سورۂ حشر (۱۱) وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا الخ (سورۂ جن) (۱۲) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پوری (۱۳) سورۂ فلق پوری (۱۴) سورۃ الناس پوری۔

(۶۵) ایضاً برائے آسیب | کلماتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے (اس عمل کا نام حرزِ ابی دجانہ ہے) نہایت مجرب ہے، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللهِ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلٰى
مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِيْنَ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ
بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا
مُوْلَعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ رَاعِيًا حَقًّا مُبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللهِ يَنْطِقُ
عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اُتْرُكُوْا
صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ
يَزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ
لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ ٥
حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥ اس کو لکھ کر گلے میں ڈال دیجائے

(٦٦) **ایضًا:** اگر آسیب کا اثر گھر میں معلوم ہو تو آیاتِ ذیل بیس بار کیلوں پر پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۔ (پ ۳۰ طارق ۱۴)

(٦٧) **ایضًا:** اس نقش کو مع عبارتِ زیریں کے تعویذ لکھیں اور اس کو اس طرح فتیلہ بنائیں کہ دو کا ہندسہ نیچے رہے اور آٹھ کا ہندسہ اوپر رہے پھر پاک روئی میں لپیٹ کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر مریض کے پاس اوپر کی طرف سے یعنی ہندسہ (۸) کی طرف سے روشن کریں۔ اول روز ایک فتیلہ جلائیں پھر ایک دن ناغہ کر کے دوسرا پھر ایک دن ناغہ کر کے تیسرا۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

فرعون قارون ہامان شداد نمرود ابلیس اللعین واتباع ایشان اگر نگریزند سوختہ شوند



(٦٨) **برائے دفع سحر** آیاتِ ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلائیں۔ اگر نہلانا نقصان نہ کرتا ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر مریض کو نہلائیں بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ٥ سورۂ فلق اور سورۂ الناس پوری۔

٦٩ **برائے دفع مرگی** ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ٥ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

٧٠ **ردِّ غائب** اگر کسی کا لڑکا یا اور کوئی لاپتہ کہیں چلا گیا ہو تو اس کے واپس آنے کے لئے آیاتِ ذیل لکھ کر اس تعویذ کو کالے یا نیلے کپڑے میں لپیٹ کر گھر میں جو کوٹھڑی زیادہ تاریک ہو اس میں دو پتھروں کے درمیان اس طرح رکھ دیا جائے کہ اس پر کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ پتھر نہ ہوں تو چکی کے دو پاٹوں میں دبا دیں اور لفظ فلاں بن فلانہ کی جگہ اس لاپتہ کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ پہلے سورۃ الفاتحہ اور آیۃ الکرسی لکھ کر اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَنْ فِيْهِنَّ فَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِمَا وَمَا عَلٰى عَبْدِكَ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ اَضْيَقَ مِنْ خَلْقِهٖ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوْلَاهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ پھر کہیے اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ تک وَمِنْ وَّرَائِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ٥ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ وَاللهُ

مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ
پھر کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیٰتِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی
نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَرُدَّ الْعَبْدَ اِلٰی
مَوْلَاہُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

**دیگر برائے ردغائب** بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَوْ
کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ
ظُلُمٰتٌ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰىھَا
وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ اِنَّا رَآدُّوْہُ اِلَیْکِ
فَرَدَدْنٰہُ اِلٰٓی اُمِّہٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰہِ
حَقٌّ وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ
حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ
بِھَا اللّٰہُ اِنَّ اللّٰہَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ حَتّٰٓی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ
بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَیْھِمْ اَنْفُسُھُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰہِ
اِلَّآ اِلَیْہِ ثُمَّ تَابَ عَلَیْھِمْ لِیَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
اَللّٰھُمَّ یَا ھَادِیَ الضَّآلِّ وَیَا رَآدَّ الضَّآلَّۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ فُلَانٌ[1]

**۷۱ پیشاب رُک جانا یا پتھری ہو جانا** کلماتِ ذیل کو لکھ کر ناف
پر باندھ دیا جائے رَبَّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُکَ اَمْرُکَ فِی
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ کَمَا رَحْمَتُکَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَکَ فِی الْاَرْضِ
اِغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَایَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّیِّبِیْنَ اَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِکَ
وَرَحْمَۃً مِّنْ رَّحْمَتِکَ عَلٰی ھٰذَا الْوَجَعِ

---

[1] فلاں فلاں کی جگہ اس لاپتہ کا نام لکھا جائے۔

**۷۲ برائے غنا** یَا وَھَّابُ بعد نماز عشاء اس طرح پڑھے کہ اول و آخر
گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں چودہ سو چودہ بار اسم مذکور
اور بعد میں یہ دعا پڑھے یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَۃِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ
اَنْتَ الْوَھَّابُ (اس عمل کا نام حضرت مولانا محمد یعقوبؒ کیمیائے درویشاں
فرمایا کرتے تھے)

**(۷۳) انجاحِ حاجت** تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم یَا لَطِیْفُ
بعد نماز عشاء گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھے
اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

**(۷۴) برائے تپ و لرزہ ہر قسم**

اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں
ڈال دیں ان شاء اللہ ہر قسم کا تپ و لرزہ
دفع ہوگا نقش یہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم | اللہ | الرحمن | الرحیم |
| اللہ | الرحمن | الرحیم | بسم |
| الرحمن | الرحیم | بسم | اللہ |
| الرحیم | بسم | اللہ | الرحمن |

**(۷۵) ایام ماہواری کی کمی** اگر ایام ماہواری میں کمی ہو اور اس سے
تکلیف ہو تو آیاتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَجَعَلْنَا فِیْھَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ
وَّفَجَّرْنَا فِیْھَا مِنَ الْعُیُوْنِ لِیَاْکُلُوْا مِنْ ثَمَرِہٖ وَمَا عَمِلَتْہُ اَیْدِیْھِمْ اَفَلَا
یَشْکُرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا
فَفَتَقْنٰھُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

**(۷۶) ایام ماہواری کی زیادتی کے لئے** اگر کسی کو ایام ماہواری زیادہ
آتے ہوں اور اس سے تکلیف ہو تو آیاتِ ذیل لکھ کر اس طرح گلے میں ڈالیں

کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ

**(۷۷) برائے امان و پناہ از ہر آفت** یہ دعا صبح و شام پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، مَاشَآءَ اللّٰہُ كَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَكُنْ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا، اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ، اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَكَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ،

**(۷۸) برائے افزایش شیر جانوران** اگر کوئی گائے بھینس وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو تو آٹے کے ایک پیڑے پر آیاتِ ذیل پڑھ کر اس جانور کو کھلائیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَہٗ



مُقْرِنِیْنَ ۝

**(۷۹) برائے تھنیلا** بعض اوقات عورتوں کے پستان میں بوجہ قلتِ دودھ وغیرہ درد اور دکھن ہوتی ہے تو اس دعا کو چھنی ہوئی راکھ پر یا مٹی پر سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر بار پڑھ کر اس راکھ یا مٹی میں تھوک دیں پھر پانی سے اس کو پتلا کر کے درد کی جگہ لیپ کریں اور پھوڑے پھنسی پر لگایا جائے تب بھی مفید ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِیْقَةِ بَعْضِنَا لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

**(۸۰) برائے آسیب زدہ** (از قطب عالم مولانا گنگوہیؒ)

اسماءِ اصحاب کہف بعبارتِ ذیل کاغذ پر لکھ کر جس مکان میں مریض یا مریضہ ہو اس کی دیواروں پر جگہ جگہ چسپاں کر دیئے جائیں اور بس کا مندرجہ ذیل نقش ایک کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھایا جائے وہ دیکھنے سے گھبرائے اور انکار کریگا مگر زبردستی اس کی نظر اس پر ڈلوائی جائے اور جبراً نقش کو تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۶ | ۴ | ۲ |
| ۲ | ۴ | ۶ | ۸ |
| ۶ | ۸ | ۲ | ۴ |
| ۴ | ۲ | ۸ | ۶ |

اسمائے اصحاب کہف یہ ہیں

اِلٰہی بحرمۃِ یملیخا۔ مکسلمینا۔ کشفوطط۔ طبیونس۔ کشافطیونس۔ اذرنطیونس۔ یوانس بوس وَكَلْبُھُمْ قِطْمِیْر وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ وَّلَوْ شَآءَ لَھَدٰكُمْ اَجْمَعِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

### (۸۱) گنڈا برائے سان

(از حضرت مولانا خلیل احمد) نیلے تاگے کے اکتالیس تار عورت کے قد کی برابر لمبے لے کر اس پر سورۃ الحمد مع بسم اللہ اکتالیس بار پڑھے اور ہر دفعہ اس تاگے پر دم کر کے ایک گرہ لگاتا رہے۔ حمل کے زمانہ میں ماں کے پیٹ پر اس گنڈہ کو باندھ دے اور بعد پیدا ہونے بچہ کے گلے میں ڈال دے اور اگر حمل کے وقت نہ باندھ سکے تو بچہ ہی کے گلے میں ڈالنے سے بھی انشاء اللہ وہی فائدہ ہوگا۔

### (۸۲) گنڈا برائے آسیب زدہ

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت کا ڈیڑھ گز لمبا لیکر اکتالیس بار آیت ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس کے اندر دم کر کے بند کر دیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِنَّهُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا وَّاَکِیۡدُ کَیۡدًا فَمَهِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَیۡدًا۰

### (۸۳) گنڈا برائے سہولتِ دندان

سات تار کا بارہ گرہ لمبا کچی سوت نیلا یا سیاہ لے کر سورۃ اذا زلزلت الارض پوری سات بار پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر حسب معمول دم کریں پھر ہر گرہ پر جدھر ختم کر کے گرہ لگائی ہے اس کے اوپر سے اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۰ وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ۰ وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ۰ وَاَلۡقَتۡ مَا فِیۡهَا وَتَخَلَّتۡ ۰ ایک ایک بار دم کرتے چلے جائیں پھر ایک ایک بار اس طرف سے جہاں اب ختم کیا ہے قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۰ پوری سورت دم کرتے ہوئے چلے آئیں۔

### (۸۴) گنڈا برائے حفاظتِ حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورۃ یٰس پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کریں پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھیں (کل سات گرہ ہوں گی) حمل اسقاط سے محفوظ رہیگا انشاء اللہ تعالےٰ

### (۸۵) جھاڑ برائے اورسا

(جس کو میٹھا اور پسلی چلنا بھی کہتے ہیں) چاقو سے پاک زمین پر سات لکیریں اس طرح کھینچکر | | | | | | | اور بچہ کا پیٹ اپنی طرف کر کے کپڑا اٹھا کر دلیں ہاتھ میں چاقو لے کر بچہ کے پیٹ کی طرف اشارہ کر کے ان لکیروں پر لاتا رہے اور سات بار یہ آیت پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ۰ اور بچہ کے پیٹ اور سینہ پر دم کرے اور کبھی کبھی چاقو کو آہستہ سے اس کی پسلی سے چھواتا ہوا (جو چل رہی ہے) اور پیٹ کو چھواتا ہوا زمین تک لائے سات دفعہ دعا پڑھ کر ایک لکیر سے ان ساتوں لکیروں کو کاٹ دیں۔ پھر اسی طرح سات دفعہ پڑھے اور دوسری لکیر سے کاٹ دے اسی طرح ہر سات دفعہ پر ایک لکیر سے کاٹتا رہے جب سات لکیریں ہو جائیں بس دم کر کے بچہ کو اٹھا دیا جائے اور بچہ کو پیشاب کرا دیویں صبح و شام تین روز تک جھاڑا جائے باذن اللہ مرض دفع ہو جائے گا۔

### ۸۶ برائے دورہ کمیڑہ

جب بچہ کو مسان کا دورہ پڑ رہا ہو تو سات بار سورۃ الحمد پوری اور سات بار اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ پوری اور سات بار درود شریف نماز والا پڑھ کر دم کرے اور پڑھتے ہوئے داہنے ہاتھ کی انگشتِ شہادت کو سینہ اور پیٹ پر پھیرتا رہے

(۸۷) برائے اختلاج قلب — آیاتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ قلب پر پڑی رہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔ وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِھِمْ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قَلْبِھَا لِتَکُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ ۔

(۸۸) گنڈا برائے بواسیر خونی — کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس تارے کر سورۃ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ ۔ پوری اکیس بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا رہے پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ایک بار دم کر دے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۔ دم کرتا چلا آوے اور بواسیر والے کی کمر پر بندھ دیا جائے باذن اللہ بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

(۸۹) حفاظت از مار و کژدم وغیرہ موذی جانوروں کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ گیارہ بار صبح و شام، اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جائے۔ اعتقاد کامل ہو۔

(۹۰) ایضاً — بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار صبح و شام۔

(۹۱) برائے عقیمہ — ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے:

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ



بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا پھر اس تعویذ کو عورت کی گردن میں باندھے۔

(۹۲) ایضاً برائے حمل — اول الحمد شریف بعدہٗ اسمائے اصحاب کہف جو (صفحہ ۲۷۷ پر درج ہے) تین تین بار پڑھ کر چھ عدد چھوہاروں پر دم کریں اور دیدیں اور ہدایت کریں کہ بعد غسل حیض ایک عدد چھوہارہ روزانہ بیوی کھائے اور ایک عدد چھوہارہ خاوند بھی کھائے اور رات کو ہمبستری کرے انشاء اللہ حمل ہو جائیگا۔

(۹۳) برائے خنازیر — جس کی گردن میں کنٹھ مالا ہو تو تانت پر جو مریض کے قد کے برابر ہو اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دعا پھونکے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَۃِ اللّٰہِ وَقُوَّۃِ اللّٰہِ وَعَظَمَۃِ اللّٰہِ وَبُرْھَانِ اللّٰہِ وَسُلْطَانِ اللّٰہِ وَکَنَفِ اللّٰہِ وَجِوَارِ اللّٰہِ وَاَمَانِ اللّٰہِ وَحِرْزِ اللّٰہِ وَمَنْعِ اللّٰہِ وَکِبْرِیَآءِ اللّٰہِ وَنَظَرِ اللّٰہِ وَبَھَآءِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَکَمَالِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ پھر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

(۹۴) ہر بیماری کے لئے — رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے ان آیتوں کا پڑھنا ثابت ہے اور فرمایا کہ آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت جب یہ آیات پڑھی جائیں تو بیماری خدا کے فضل سے دور ہو۔ وہ آیات یہ ہیں: وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ سے جَمِیْعًا تک اور وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ سے وَلَآ اَمْتًا تک اور لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ سے خَشْیَۃِ اللّٰہِ تک اور ہر آیت کے بعد یہ کہتا جائے کہ فَکَیْفَ اَنْتِ یَآ اَیَّتُھَا الْعِلَّۃُ

(۹۵) جو بچہ کسی طرح نہ چلتا ہو | اگر یہ نقش لکھ کر اور کسی خوشبو کی دھونی دے کر اس بچے کے گلے میں ڈالدیں تو انشاء اللہ چلنے لگے گا اسی طرح اگر سفر میں جائے تو اپنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ ہمکنار تہو گا۔

| ال | م | ت | بن |
|---|---|---|---|
| ۴۰۱ | ۵۹ | ۳۲ | ۳۹ |
| ۵۸ | ۳۹۸ | ۴۲ | ۳۳ |
| ۴۱ | ۳۴ | ۵۷ | ۳۹۹ |

(۹۶) جس حاملہ کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو | تو یہ آیات اور دعا اور نقش سکوری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں انشاء اللہ پیدائش فوراً ہوگی۔ وہ دعا، آیات اور نقش یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

| ب | ط | د |
|---|---|---|
| ز | ه | ج |
| و | ا | ح |

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ سے الْعَظِيْمُ تک۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۝

(۹۷) برائے غنائے دلی وکشائش ظاہری و باطنی | ہر روز گیارہ مرتبہ اور سورۂ مزمل شریف چالیس بار پڑھنے پر ہمیشگی کرے اگر چالیس بار نہ ہو سکے تو گیارہ بار پڑھے۔ بعض بزرگوں سے مزمل شریف کا اکتالیس بار پڑھنا منقول ہے اور بعض سے عشاء کی نماز کے بعد دو رکعتوں میں اکتالیس بار اس طرح کہ پہلی رکعت میں اکیس ۲۱ بار اور دوسری رکعت میں بیس ۲۰ بار پڑھے اور ایک یہ ہے کہ سنتِ فجر کے بعد ایک بار اور پانچوں نمازوں کے بعد



دو دو بار کہ شب و روز میں گیارہ بار ہو جائے۔ یہ سب طریقے مجرب ہیں

(۹۸) برائے فاقہ | جو شخص سورۃ واقعہ کو ہر رات پڑھے اس کو فاقہ نہیں ہوتا

(۹۹) ایضاً فاقہ کے لئے ہر روز سو بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھنا مفید ہے۔

۱۰۰ رات کو جاگنے کے لئے | جو شخص اپنے سوتے وقت سورۃ کہف کی آخری آیتیں پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ اس کو جگادے جس وقت کا ارادہ کرے تو حق تعالیٰ اسی وقت اس کو جگا دے گا وہ آیات یہ ہیں: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

(۱۰۱) برائے خوف حاکم | جو شخص کسی صاحبِ حکومت سے ڈرے اس کو چاہئے کہ یوں کہے كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيْتُ اور كٓهٰيٰعٓصٓ کے کہتے وقت ہر حرف کے تلفظ پر داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے یعنی کاف کہتے وقت سب سے چھوٹی انگلی بند کرے ھا پر دوسری یا پر تیسری عین پر چوتھی اور صٓ پر انگوٹھا بند کرے۔ اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو بند کئے ہوئے اس حاکم کے سامنے جا کر کھولدے انشاء اللہ مہربان ہوگا۔

**(۱۰۲) گم شدہ چیز کے لئے**

جس کی کوئی چیز کھوئی جائے تو وہ یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس بار بغیر کمی زیادتی کے پڑھے پھر یہ آیت یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ایک سو انیس بار پڑھے تو حق تعالیٰ اس کی گم ہوئی چیز کو اس کے پاس پھیر لائے گا۔

**(۱۰۳) ایضاً** کسی کی چیز یا لڑکے وغیرہ کے گم ہونے پر درود شریف لکھ کر دیا جائے کہ اونچی جگہ درخت یا کھونٹی وغیرہ پر لٹکائے۔

**(۱۰۴) برائے حاجت روائی**

حاجت روائی کے لئے سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا دے۔ اتوار کے دن فجر کی سنت اور فرض کے درمیانی وقفہ میں شروع کرے۔ پہلے دن ستر بار اور دوسرے دن اسی وقت ساٹھ بار اور تیسرے دن پچاس بار، اسی طرح ہر روز دس بار کم کرتا جائے یہاں تک کہ ہفتہ کے دن دس بار پڑھے۔

**(۱۰۵) نمازِ حاجات**

مشکل حاجتوں کو بر لانے کے لئے چار رکعتیں پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ کو سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں بعد فاتحہ کے وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار پڑھے اور چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ کے قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ سو بار پڑھے پھر سلام پھیر کر رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار پڑھے اور اپنی حاجت کی دعا کرے، انشاء اللہ العزیز قبول ہووے۔



**(۱۰۶) برائے بخار**

خصوصاً پرانے بخار کے لئے یہ افسون ایک کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھ دے انشاء اللہ جلد اچھا ہو جائے گا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ اِلٰٓی اُمِّ مِلْدَمٍ اَلَّتِیْ تَاْكُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَهْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ یَآ اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ مُؤْمِنَةً فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كُنْتِ یَهُوْدِیَّةً فَبِحَقِّ مُوْسٰی كَلِیْمِ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَاِنْ كُنْتِ نَصْرَانِیَّةً فَبِحَقِّ الْمَسِیْحِ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اَنْ لَّا اَكَلْتِ بِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ لَحْمًا وَّلَا شَرِبْتِ لَهٗ دَمًا وَّلَا هَشَمْتِ لَهٗ عَظْمًا وَّتَحَوَّلِیْ مِنْهُ اِلٰی مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِیْٓئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاللّٰهُ تَعَالٰی بَرِیْٓءٌ مِّنْكِ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔ فلاں بن فلانہ کی جگہ مریض کا اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

**(۱۰۷) ایضاً** بخار والے پر ہر روز عصر کی نماز کے بعد سورۂ مجادلہ تین بار پڑھے۔

**(۱۰۸) برائے سرخ بادہ**

جس کے بدن پر سرخ بادہ ظاہر ہو اس دعا سے سات بار جھاڑے اور پڑھتے وقت چھری سے اشارہ کرتا جائے۔ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ الْحَلِیْمِ الْكَرِیْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ اَیَّتُهَا الْحُمْرَةُ جَآءَتْكِ جُنُوْدٌ مِّنَ السَّمَآءِ وَقَالَ سُلَیْمٰنُ اَیَّتُهَا الرِّیْحُ اَجِیْبِیْ دَاعِیَ اللّٰهِ وَمَنْ لَّمْ

**(۱۰۲) گم شدہ چیز کے لئے** جس کی کوئی چیز کھوئی جائے تو وہ یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس بار بغیر کمی زیادتی کے پڑھے پھر یہ آیت یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ایک سو انیس بار پڑھے تو حق تعالیٰ اس کی گم ہوئی چیز کو اس کے پاس پھیر لائے گا۔

**(۱۰۳) ایضاً** کسی کی چیز یا لڑکے وغیرہ کے گم ہونے پر درود شریف لکھ کر دیا جائے کہ اونچی جگہ درخت یا کھونٹی وغیرہ پر لٹکائے۔

**(۱۰۴) برائے حاجت روائی** حاجت روائی کے لئے سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا دے۔ اتوار کے دن فجر کی سنت اور فرض کے درمیانی وقفہ میں شروع کرے۔ پہلے دن ستر بار اور دوسرے دن اسی وقت ساٹھ بار اور تیسرے دن پچاس بار، اسی طرح ہر روز دس بار کم کرتا جائے یہاں تک کہ ہفتہ کے دن دس بار پڑھے۔

**(۱۰۵) نمازِ حاجات** مشکل حاجتوں کو بر لانے کے لئے چار رکعتیں پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ کو سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں بعد فاتحہ کے وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار پڑھے اور چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ کے قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ سو بار پڑھے پھر سلام پھیر کر رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار پڑھے اور اپنی حاجت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ العزیز قبول ہووے۔

**(۱۰۶) برائے بخار** خصوصاً برائے بخار کے لئے یہ افسون ایک کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھ دے انشاء اللہ جلد اچھا ہو جائے گا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اِلٰى اُمِّ مِلْدَمٍ الَّتِيْ تَاْكُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَهْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ يَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ مُؤْمِنَةً فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كُنْتِ يَهُوْدِيَّةً فَبِحَقِّ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِنْ كُنْتِ نَصْرَانِيَّةً فَبِحَقِّ الْمَسِيْحِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَنْ لَّا اَكَلْتِ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ لَحْمًا وَّلَا شَرِبْتِ لَهٗ دَمًا وَّلَا هَشَمْتِ لَهٗ عَظْمًا وَّتَحَوَّلِيْ مِنْهُ اِلٰى مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِيْٓئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاللّٰهُ تَعَالٰى بَرِيْٓءٌ مِّنْكِ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔ فلان بن فلانہ کی جگہ مریض کا اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

**(۱۰۷) ایضاً** بخار والے پر ہر روز عصر کی نماز کے بعد سورۂ مجادلہ تین بار پڑھے۔

**(۱۰۸) برائے سُرخ بادہ[۱]** جس کے بدن پر سرخ بادہ ظاہر ہو اس دعا سے سات بار جھاڑے اور پڑھتے وقت چھری سے اشارہ کرتا جائے۔ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْحَكِيْمِ الْكَرِيْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ اَيَّتُهَا الْحُمْرَةُ جَاءَتْكِ جُنُوْدٌ مِّنَ السَّمَآءِ وَقَالَ سُلَيْمٰنُ اَيَّتُهَا الرِّيْحُ اَجِيْبِيْ دَاعِيَ اللّٰهِ وَمَنْ لَّمْ

[۱] جس کو خسرہ کہا جاتا ہے۔

يُجِيْبُ دَاعِيَ اللّٰهِ فَمَالَهٗ مِنْ مَّلْجَاً وَّمَالَهٗ مِنْ ظَهِيْرٍ ٥
بِسْمِ اللّٰهِ وَبِالثَّنَاءِ الطَّيِّبِ عَلَى اللّٰهِ. اَللّٰهُ اَللّٰهُ يَكْفِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُّؤْذِيْكَ وَمِنْ كُلِّ اٰفَةٍ تَعْتَرِيْكَ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

**(۱۰۹) برائے اسقاطِ جنین**

جو عورت بچہ اسقاط کر دیتی ہو تو ایک تاگا کسم کا رنگا ہوا اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگائے اور ہر گرہ پر وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ۔ اور قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھے اور دم کرے۔

**(۱۱۰) دنبل اور پھوڑے وغیرہ کے لئے**

اَمْ اَبْرَمُوْا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ نو بار، اول و آخر درود شریف پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کر کے لگائیں۔

**(۱۱۱) جس کو پیشاب میں ریگ آتی ہو**

اس کو یہ آیت لکھ کر پلائیں وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا، وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً، وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔

**(۱۱۲) فتیلہ برائے آسیب زدہ**

یہ فتیلہ اسی حالت میں دیا جائے جبکہ جن یا آسیب کسی طرح نہ جاتا ہو۔ املیخ تملیخ تملیخ یا املیخ تملیخ قملیخ کاغذ پر لکھ کر اس کاغذ کو لمبائی کی صورت میں تہ کر کے نیچے کالے کپڑے کا ٹکڑا رکھ کر قدرے حرمل (کالا دانہ) اور ہینگ رکھ کر اوپر ڈورا لگایا جائے۔

**(۱۱۳) برائے معمولی دمبل**

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر دم کرے۔

**(۱۱۴) خراب اور بڑے دمبل کے لئے**

اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں اکتالیس مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کریں اور مکھن وغیرہ پر دم کر کے لگائیں۔

**(۱۱۵) تعویذ برائے امراض عام**

٥ ااا/ ے H اااا ھی

**(۱۱۶) حفاظتِ ایمان**

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت ایمان کی دولت ہے اس کی حفاظت ہر مسلمان کا محبوب فرض ہونا چاہیے۔ بعض اکابرین اولیاء کرام سے منقول ہے کہ جو شخص مغرب کے بعد کی سنتوں میں سے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ والناس ہمیشہ پڑھا کرے تو اس کا ایمان بھی محفوظ رہے گا اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

**(۱۱۷) ایمان پر خاتمہ**

جو شخص ہر نماز کے بعد اس دعا کے پڑھنے کی عادت بنالے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔
دعا یہ ہے: رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ٥ پ۳ اٰل عمران ع۱

**(۱۱۸) وساوسِ شیطانی سے حفاظت**

جس کے دل میں وسوسہ شیطانی پیدا ہوتا ہو وہ اس دعا کو بکثرت پڑھے وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ

رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ پ۱۸ . المؤمنون ع ٦

**۱۱۹ عذابِ جہنم سے حفاظت** | جو شخص ان آیتوں کو برابر پڑھنے کی عادت ڈال لے گا وہ عذابِ جہنم سے محفوظ رہے گا حٰمٓ ۥ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ

حٰمٓ ۥ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پ۲۴ حٰمٓ السجدة

حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ پ۲۵ الشوریٰ

حٰمٓ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ پ۲۵

حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ۔ پ۲۶

**(۱۲۰) برائے شفاعت** | جو شخص ہر نماز کے بعد اس دعا کو پڑھنے کا معمول بنا لے گا اسے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی ۔ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ پ۱۱ التوبہ ع ١٦

**(۱۲۱) عذابِ قبر سے حفاظت** | جو شخص بعد عشاء سورۂ ملک یا سورۂ یٰسین کی تلاوت کثرت سے کرے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا ۔

**(۱۲۲) تجارت میں برکت** | جمعرات کے دن باوضو اس آیت کو لکھ کر مکان یا دوکان کے دروازے پر لٹکانے سے خیر و برکت ہوگی ۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۥ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۥ

(پ۳ آل عمران ع ۸)





**(۱۲۳) کشائش رزق** | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ

جو شخص بعد نمازِ جمعہ پاک صاف ہو کر پینتیس۳۵ مرتبہ یہ لکھ کر اپنے پاس رکھے خدا تعالیٰ اسے غیب سے رزق عطا فرمائیگا (۲) نمازِ چاشت کے بعد روزانہ ایک سو۱۰۰ مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھنے سے رزق میں فراخی ہوگی ۔

**(۱۲۴) دعاء کا مقبول ہونا** | یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

ان اسماءِ حسنیٰ کا بار بار تکرار دورانِ دعا قبولیتِ دعاء کے لئے سریع التاثیر ہے ۔

**(۱۲۵) حاجت کا پورا ہونا** | حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سیدنا حضرت خضر علیہ السلام نے بعض عابدوں کو اس نماز کی تعلیم دی اور فرمایا کہ اس نماز کے بعد جو کچھ مانگو گے ملے گا ۔ ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت نماز پڑھی جائے (یعنی دو رکعت نماز نفل صلوٰۃ حاجت کی نیت سے) پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے نماز سے فارغ ہو کر دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اور دس مرتبہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھ کر پھر ایک مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ کو پڑھ کر جس ضرورت کے لئے بھی دعا کی جائے قبول ہوگی ۔

**(۱۲۶) ادائیگی قرض** | دو رکعت نماز نفل وتر سے پہلے پڑھے اور ہر دو رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پانچ بار قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝ پ۳ آل عمران ع ۲

پڑھے تو انشاء اللہ اس کے تمام قرض ادا ہو جائیں گے۔ نہایت مجرب ہے۔

**(۱۲۷) دفع غم کے واسطے**

غم دور کرنے کے لئے اس آیت کا بار بار پڑھنا مفید ہے: وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پ۷ ع۲۔ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا پ۲۲ فاطر ع۵

**(۱۲۸) پیداوار میں کثرت**

اس آیت کو کسی پاک برتن پر زعفران سے لکھ کر دھوئے اور اس پانی سے بیج کو دھو کر بوئے یا اس پانی کا کھیت میں چھڑکاؤ کرے تو نسل خراب نہ ہوگی۔ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰی تُؤْفَكُوْنَ ۝ پ۷ انعام ع

**(۱۲۹) ٹڈی دل سے حفاظت**

اگر کہیں ٹڈی دل آ جائے تو ان میں سے چار ٹڈی دل پکڑ کر چاروں کے پروں پر ایک ایک آیت لکھ کر یہ کہتے ہوئے کہ فلاں شہر کی جانب چلی جاؤ ان کو چھوڑ دے انشاء اللہ ٹڈی دل اس شہر سے فوراً روانہ ہو جائے گا۔ شیخ یحیٰ بن عبد القرشیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے بارہا اسے آزمایا اور مجرب پایا ان میں سے ایک کے پر کے اوپر فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ لکھے اور دوسرے کے بازو پر وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ اور تیسرے کے اوپر ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ اور چوتھے کے پر فَلَمَّا قُضِیَ وَلَّوْا اِلٰی قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِیْنَ ۝

**(۱۳۰) کیڑوں سے حفاظت**

اگر وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ پوری سورت پڑھ کر غلہ وغیرہ پر دم کر دیا جائے تو وہ غلہ کیڑوں سے محفوظ رہے گا۔

**(۱۳۱) برائے حفاظت**

(۱) جب گھر سے روانہ ہو تو گھر سے نکلتے وقت آیۃ الکرسی



اور لِاِیْلٰفِ پڑھنے سے اس کے واپسی تک گھر پر کوئی آفت نہیں آئے گی

(۲) اگر کسی کی کوئی چیز کھو گئی ہو تو اپنی انگشتِ شہادت کو اپنے سر کے چار جانب گھماتے ہوئے سات مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے پھر ایک مرتبہ اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰهِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ، اَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰهِ پڑھ کر تین مرتبہ تالی بجائے اس عمل کے دوران کھوئی ہوئی چیز کا تصور ذہن میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی نہایت مجرب عمل ہے۔

**(۱۳۲) مفرور کی واپسی**

چالیس روز تک دو رکعت نماز پڑھ کر ایکسو انیس مرتبہ یہ دعا پڑھے اور پھر بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے دعا کرے انشاء اللہ مفرور واپس آ جائے گا یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ پ۲۱ لقمٰن ع۲

**(۱۳۳) زوجین میں محبت**

اگر شوہر و بیوی میں ناراضگی ہو تو اس نقش کو تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے زوجین میں سے جس کو ضرورت ہو اپنے داہنے بازو میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ تمام اختلافات دور ہو جائیں گے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۳ و | ۲۵۶ ر | ۲۵۳ و | ۲۵۰ ر |
| ۲۵۴ د | ۲۴۹ و | ۲۴۴ و | ۲۵۵ و |
| ۲۴۸ د | ۲۵۱ و | ۲۵۸ د | ۲۴۵ و |
| ۲۵۷ و | ۲۴۶ و | ۲۴۷ د | ۲۵۲ و |

یا ودود الحی القیوم داسندۂ این نقش معظم سورۂ اخلاص را

فَتَنْتُ قَلْبَ فلان ولد فلان علیٰ حبّ فلان ولد فلان حبًّا شدیدًا مطیعًا عاشقًا دائمًا ابدًا ابدًا ابدًا یا مقلّبَ القلوب والابصار ۔

(۱۳۴) اولاد ہونا | (۱) ایک پاک برتن میں اللہ الرحمٰن کے حروف الگ لکھ کر اسے گلاب سے جس میں کچھ مشک بھی ملا ہوا ہو دھو کر عورت کو حیض سے فراغت کے وقت پلائے پھر ہمبستری کرے انشاء اللہ تعالیٰ استقرار حمل ہوگا۔

(۲) جس کو اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس آیت کو بکثرت پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ (پ۳ آل عمران ع ۴)

(۱۳۵) برائے عقیمہ | عورت کے حیض سے فارغ ہو جانے کے بعد یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گھڑے وغیرہ میں ڈال دے اور اس گھڑے سے شوہر و بیوی دونوں پانی پیا کریں جب پانی کم ہو تو پھر اور پانی ملا دیں اور اس دوران شوہر ہمبستری کرتا رہے انشاء اللہ پہلے پاکی میں مطلب حاصل ہوگا۔ ورنہ تین حیض تک یہ پانی دونوں پیتے رہیں ضرور مقصد پورا ہوگا مجرب ہے۔ آیت یہ ہے يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ط وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ لا پ ۱۶ مریم ع ۱ وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہٖ محمدٍ وّاٰلہٖ واصحابہٖ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

(۱۳۶) سہولتِ ولادت | دردِ زہ کے وقت عورت کے بائیں ران میں یہ لکھ کر باندھیں ولادت میں سہولت ہوگی۔ یا خالقَ النفس من النفس و یا مُخرجَ النفس من النفس خلّصہا

(۱۳۷) نس بندی | اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے وہ جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار سے سیاہ مرغی کا ایک انڈا ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصے کرے



ایک حصہ عورت کھائے اور دوسرا ٹکڑا مرد کھائے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اس کی نس بندی کھل جائے گی مجرب ہے

"بکصمہ لا لا دم ما مالا لا لا ۵ ۵ ۵"

(۱۳۸) برائے اولادِ نرینہ | جس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو تو یہ دعا لکھ کر دھو کر حاملہ کو پلائے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لا ء الاوس واللّٰہ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ حیث یلون بالحق دہ فاہ ح ص د

(۱۳۹) حاکم اور ظالم کی شر سے حفاظت | اگر کسی سے حاکم یا کوئی ظالم سخت خفا ہو تو اس کے سامنے جاتے وقت کثرت سے یہ وظیفہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے محفوظ رہے گا الرَّءُوْفُ الْحَلِيْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ۔

(۱۴۰) اولاد کا مطیع ہونا | اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کی ایک تسبیح یعنی ایک سو مرتبہ پڑھے ورنہ کم از کم پچیس مرتبہ ضرور پڑھے آیت یہ ہے: وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (پ ۲۶ الاحقاف ع ۲)

(۱۴۱) برائے مقبولیت | جو شخص اس آیت کو نگینہ پر کندہ کرا کر یا تعویذ بنا کر پہنے وہ لوگوں میں بہت مقبول ہوگا وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ (پ ۱۴ ۔ الحجر ع ۲)

(۱۴۲) بچہ کی بدخوئی اور غلام کی سرکشی کے لئے | بچہ کی بدخوئی کے واسطے اس آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا۔[1]
یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَاعِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ
لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ہ پ ۱۶ طٰہٰ ع

(۱۴۳) چوپایہ سرکشی کے لئے | اگر کوئی جانور سرکشی کرتا ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے ان شاء اللہ تعالیٰ تابع ہو جائے گا
اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ہ
(پ ۳ آل عمران ع ۹)

(۱۴۴) چوپایہ کا عیب | اگر گھوڑے یا کسی چوپایہ کے اندر کوئی عیب ہو کر وہ نہ چلتا ہو یا کر چلتے چلتے راستے پر سو جانے کی عادت ہو تو اس کے چاروں کھروں پر یہ عمل لکھا جائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَاَصَابَهَا اِعْصَارٌ فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ[2] عجفون عجفون شاشيك شاشيك شاشيك.

(۱۴۵) خوف و ڈر کے دور کرنے کے لئے | اس دعا کا بکثرت پڑھنا خوف و ڈر کے واسطے نہایت مفید ہے فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ہ

(۱۴۶) دشمن سے حفاظت | اگر اس دعا کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کر کے پورے بدن پر پھیرے تو دشمن سے محفوظ رہے گا دشمن کے ہجوم سے بھی گذر جائے تو وہ اسے نہیں دیکھ سکیں گے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ پ ۷ الانعام ع ۱۲

(۱۴۷) موذی جانور سے حفاظت | (۱) جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب

[1] پ ۱۵ کہف۔ [2] پ ۳ البقرہ ع ۳۶



کے بعد اس دعا کو تین مرتبہ پڑھ کر اپنے پورے بدن پر پھونک لے تو تمام حشرات الارض اور چور سے محفوظ رہے گا۔ عَقَدْتُ لِسَانَ الْحَیَّةِ وَزُبَانَی الْعَقْرَبِ وَیَدَ السَّارِقِ بِقَوْلِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

(۲) اس مندرجہ ذیل نقش کو چار کاغذ پر لکھ کر مکان کے چاروں کونوں میں لٹکا دیا جائے تو سانپ وغیرہ مکان میں داخل نہیں ہو سکے گا اور جو سانپ وغیرہ مکان میں پہلے سے موجود ہو نکل جائے گا نقش یہ ہے

۱۱ ع ۱۱۱ ۱۷۸ رح ۵۵ ۱۱۷ ۱۱۵ وواہ رواام ااح
۱۱۱ح ط ۸۵۵ = م

(۱۴۸) سانپ کا ڈسنا | اگر کسی زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ پر کاٹا ہو اس کے ارد گرد گھماتے ہوئے سات مرتبہ یہ آیت ایک ہی سانس میں پڑھ کر دم کرنے سے ان شاء اللہ اس کا زہر ختم ہو جائے گا۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ۔
(پ ۱۹ الشعراء ع ۷)

(۱۴۹) بچھو کا ڈنگ مارنا | جس شخص کو بچھو نے ڈنگ مار لیا ہو اگر فوراً یہ دعا پڑھ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا، نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (پ ۱۹ نمل ع ۱)

(۲) اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل پڑھ کر جھاڑنا مفید ہے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور فائدہ ہو گا عمل یہ ہے: شَجَّةٌ قَرْنِیَّةٌ

مِلْحَةً بَحْرٍ قَعْطًا

**(۱۵۰) کُتّے کا کاٹ لینا** | اگر کسی کو کُتّے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی مٹی کے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے ان شاء اللہ تعالیٰ کُتّے کا زہر ختم ہو جائے گا مجرب ہے:

"اب ج اع ہ ہ د باب اللہ"

(۲) اگر کسی کے اوپر کتا حملہ کرے یا حملہ کرنے والا ہو تو گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رہے گا: وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ (پ۱۵ الکہف ع۳)

**(۱۵۱) برائے دردِ سر** | اگر کسی کے سر میں درد ہو یعنی پورے سر میں درد ہو یا کہ آدھے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھے جائیں ان شاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ مجرب ترین عمل ہے: "د م ہ م ل ۸"

**(۱۵۲) دردِ ابرو** | دردِ ابرو کے واسطے یہ عمل سات بار پڑھ کر دم کرنا مفید ہے، كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا۔

**(۱۵۳) ضعف دماغ کے لئے** | یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کی جائے یا کہ لکھ کر سر میں باندھا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ دماغ کی کمزوری دور ہو جائے گی۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰۤى اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ (پ۳۰ الاعلیٰ ع۱)

(۲) ضعفِ دماغ سے متعلق امراض کے لئے یہ آیت زعفران سے لکھ کر سر میں باندھا جائے بہت مفید ہے۔ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ



الْاَكْرَمُ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (پ۳۰ العلق ع۱)

**(۱۵۴) برائے دفع نسیان** | نسیان کو دور کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تیرہ مرتبہ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھی جائے، رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْۤ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ (پ۱۶ طٰہٰ ع۲)

**(۱۵۵) بے خوابی** | سوتے وقت گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھ لینے سے نیند خوب آئے گی: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (پ۲۲ الاحزاب ع۷)

**(۱۵۶) زیادہ نیند آنا** | اگر کسی کو نیند بہت زیادہ آتی ہو تو سوتے وقت یہ دعا پڑھ لے ان شاء اللہ نیند کم ہو جائے گی: اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ (پ۸ الاعراف)

**(۱۵۷) سرسام یعنی دردِ نیم سر** | سرسام کے مریض کے سر

میں یہ آیت لکھ کر باندھی جائے اور بارش کے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پلائی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ مرض دور ہو جائے گا قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا (پ۱۷ الانبیاء ع ۵)

(۲) سورۃ عنکبوت روغن بلسان پر گیارہ مرتبہ دم کر کے سر میں لگانے سے ان شاء اللہ تعالیٰ سرسام کا مرض ختم ہو جائے گا، مجرب ہے۔

## (۱۵۸) دفع جنون کے لئے

سات کنوؤں کے پانی پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہوگا بہت مجرب ہے۔ یہ عمل کم از کم احتیاطاً ایک ہفتہ تک کرنا چاہیئے، سورۃ جن ابتداء سورت سے رَشَدًا تک۔

(۲) سورۃ معوذتین بھی حسب ترکیب بالا پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## (۱۵۹) ھذیان

یعنی وہ مرض جو آدمی پاگل جیسی باتیں کرے اس کے سر میں یہ آیت لکھ کر باندھی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا ہذیان دور ہو جائے گا۔ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ (پ۲ البقرۃ ع ۲۸)

## (۱۶۰) مالیخولیا یعنی مرضِ وہم

جیسے وہم کی بیماری ہو اس پر ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ معوذتین اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے۔ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ



## (۱۶۱) آشوبِ چشم یعنی آنکھ کا دکھنا

نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۃ ملک پڑھ کر دم کرنا آشوبِ چشم کے واسطے مفید ہے۔

(۲) آشوبِ چشم پر پندرہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے ان شاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا۔ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ....... اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (پ۲۸ التحریم ع ۲)

## (۱۶۲) ناخونہ یعنی آنکھ کی پتلی کی سفیدی

تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ ناخونہ ختم ہو جائے گا۔

(۲) یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے ناخونہ سے محفوظ رہے گا۔ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ (پ۱۳ ابراہیم ع ۲)

(۳) سورۃ حٰم سجدہ لکھ کر بارش کے پانی سے دھویا جائے اور اس پانی سے سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگانے سے ان شاء اللہ سفیدی ختم ہو جائے گی، مجرب ہے۔

## (۱۶۳) موتیا بند

ہر فرض نماز کے بعد یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا جائے موتیابند کے واسطے مفید ہے، فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (پ۲۶ قٓ ع ۲)

(۲) ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں پر لگایا جائے

تو ان شاء اللہ تعالیٰ موتیا بند جاتا رہے گا۔

(۱۶۴) زخمِ چشم | سورۂ ہمزہ پڑھ کر آنکھوں کے زخم پر دم کیا جائے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۲) جس کی آنکھ میں زخم ہو یا چوٹ لگ گئی ہو اس پر گیارہ ۱۱ مرتبہ النَّافِعُ الْبَارِئُ پڑھ کر دم کیا جائے۔

(۱۶۵) ضعفِ بصر | ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر تین تین بار درود شریف اور گیارہ بار یَا نُوْرُ پڑھ کر انگشت شہادت پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیر لیا جائے ضعف بصر کے لئے مفید ہے۔

(۱۶۶) دردِ کان | اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے درد جاتا رہے گا۔ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا۔

(پ ۱۵ بنی اسرائیل ع ۴)

(۱۶۷) نکسیر کے لئے | جسے نکسیر ہوا ہو اسے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ۔ (پ ۴ آلِ عمران ع ۱۵)

(۱۶۸) نزلہ و زکام | اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا (پ ۱۵ الکہف ع ۱)

(۱۶۹) دردِ دانت | جس کے دانت میں درد ہو وہ اس آیت کو



کاغذ یا کپڑے پر لکھ کر دانت کے نیچے دبائے ان شاء اللہ تعالیٰ دانت کا درد جاتا رہے گا۔ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔

(پ ۷ الانعام ع ۸)

(۱۷۰) دردِ داڑھ | اگر کسی کے داڑھ میں درد ہو تو ان حروف کو دیوار کے اوپر لکھ کر کسی میخ سے پہلے حرف کو زور سے دبائے، حرف یہ ہیں: ح، ب، ر، ص، لا، و، ع، م، لا۔ (پ ۱۹ الفرقان ع ۵) اور دباتے وقت یہ دعا پڑھے وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (پ ۷ الانعام ع ۲) پھر اس سے پوچھے کہ کیا درد ختم ہو گیا، اگر وہ جواب دے کہ ہاں درد ختم ہے تو اس میخ کو اسی حرف پر دیوار میں گاڑ دے اور اگر وہ نفی میں جواب دے تو اسی طرح دوسرے حرف پر جس حرف پر درد ختم ہو جائے اسی حرف پر میخ دیوار میں ٹھونک دے ان شاء اللہ تعالیٰ ان حروف میں سے کسی پر درد ختم ہو جائے گا۔ اس عمل کے دوران جس کے درد ہے وہ اپنا ہاتھ درد والے داڑھ پر رکھے یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر جس کی داڑھ میں درد ہو اسے دم کیا جائے نہایت مجرب ہے۔

(۱۷۱) نقصِ کلام | مغز بادام پر ایک سو ایک ۱۰۱ بار یہ آیت دم کر کے کھلانا لکنت کے واسطے بہت مفید ہے، رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ۔

(پ ۱۶ طٰہٰ ع ۲)

(۱۷۲) لقوہ کے لئے | جس شخص کو لقوہ ہو گیا ہو اسے یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی، قَدْ

تَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا
فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (پ ٢ البقرۃ ع ١٧)

(١٧٣) کالی کھانسی، کھانسی | اگر کسی کو کھانسی ہوگئی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ سیاہ نمک پر دم کرکے چٹایا جائے: وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَیْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ (پ ٢٣ ص ع ٢)

(٢) جس کو کالی کھانسی ہوگئی ہو تو سات دن تک اکتالیس مرتبہ سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ پانی پر دم کرکے پلایا جائے اور اسی سورت کو لکھ کر گلے میں لٹکائیں ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی، مجرب ہے۔

(١٧٤) دردِ پھیپھڑا | سورۃ یٰسٓ ابتدا سے پہلے مُبِیْن تک سات بار پانی پر دم کرکے پھیپھڑے کے مریض کو پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر اسی کے گلے میں ڈالا جائے بہت نافع ہے۔

(١٧٥) دمہ کے لئے | سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے بہت مفید ہے۔

(١٧٦) دردِ دل | اگر کسی کے دل میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکایا جائے کہ تعویذ دل پر لٹکا رہے، ان شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔ یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (پ ١٤ النحل ع ٩)

(١٧٧) دل کا دھڑکنا | اگر کسی کا دل دھڑکتا ہو یہ آیت لکھ کر گلے میں اس طرح سے لٹکایا جائے کہ تعویذ ہمیشہ دل پر پڑا رہے۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(١٧٨) دل کا ڈوبنا | دل کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھنا اور



چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلانا بہت مفید ہے۔ قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ (پ ٢٤ الزمر ع ٦)

(١٧٩) دردِ معدہ | یہ آیت پانی پر دم کرکے مریض کو پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں ڈالا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ معدہ کا درد جاتا رہے گا۔ قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ (پ ٨ الانعام ع ٢٠)

(١٨٠) دست کے لئے | جسے دست آ رہے ہوں اسے پہلے دن بِسْمِ اللّٰهِ دوسرے دن بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لکھ کر پیٹ پر باندھا جائے۔

(٢) اگر خونی دست آتے ہوں تو اکیس دن تک یہ آیت لکھ کر پانی میں دھو کر پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں پہنایا بھی جائے بہت مفید و مجرب ہے۔ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ (پ ١١ یونس ع ٦)۔

(١٨١) قے پانی اور خونی | اگر متلی آتی ہو تو آیت تین بار پانی پر دم کرکے پلایا جائے وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ (پ ٢٦ محمد ع ١)

(۲) اگر خون کی قے آتی ہو تو اکیس روز تک بعد نماز ظہر اکتالیس روز یہ آیت پانی پر دم کرکے پلایا جائے تو ان شاء اللہ العزیز شفاء ہوگی اور خون آنا بند ہو جائے گا۔

(۱۸۲) **پیاس کی زیادتی** جسے پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اسے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے پلائی جائے: وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا۔

(پ ۱۹ الفرقان ع ۵)

(۱۸۳) **بھوک کی کمی** اگر بھوک ..... نہ لگتی ہو تو اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے پلائی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بھوک خوب لگے گی مجرب ہے۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ۔

(پ ۱۸ النور ع ۷)

(۱۸۴) **بھوک کی زیادتی** گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانے سے بھوک کی زیادتی ختم ہو جائے گی، آیت یہ ہے وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ (پ ۲۶ الذاریات ع ۱)

(۱۸۵) **دردِ زخم درد جگر و درد تلی** جگر میں زخم اور پتھری وغیرہ ہو تو اس دعا کو لکھ کر مقام درد پر باندھنا بہت مفید ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا قَوِيُّ يَا مَنْ قَوِيَ يَا مَنْ اَمَرَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

(۲) جگر کی تمام بیماریوں کے لئے اکیس ۲۱ بار یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانا نافع ہے: تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ (پ ۲۷ س رحمٰن)

(۱۸۶) **پتہ کی بیماری** پتہ کی بیماری کے لئے گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم



کرکے پلانا مفید ہے۔ الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى پ ۱۶ طٰہٰ ع ۱

(۱۸۷) **یرقان کی بیماری کے لئے** (۱) جسے یرقان ہو گیا ہو اس کو چاہئے کہ وہ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ الخ لکھ کر گلے میں ڈال لے ان شاء اللہ العزیز یرقان جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔ (۲) ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانا یرقان کے لئے بہت مفید ہے۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (پ ۲۸ الصف ع ۱)

(۱۸۸) **دردِ بازو کے لئے** داہنے بازو میں درد ہو تو تین بار یہ آیت پڑھ کر درد کی جگہ دم کیا جائے ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ پ ۲۹ الحاقہ ع ۱

جن کے بائیں بازو میں درد ہو اسے یہ آیت لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں باندھ جائے ان شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ (پ ۲۷ الواقعہ ع ۱)

(۱۸۹) **دردِ گردہ کے لئے** اگر گردہ میں پتھری ہو گئی ہو تو سورۃ تَبَّتْ يَدَآ اور یہ آیت چینی کی رکابی پر لکھ کر عرق مکوہ سے دھو کر گیارہ دن تک پلانا نہایت ہی مفید ہے۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

(پ ۱۱ یونس ع ۶)

(۱۹۰) **پیشاب کی بندش** اگر کسی کے پیشاب کا آنا بند ہو گیا ہو تو اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے مریض کو پلانا چاہئے یا لکھ کر گلے میں ڈالا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ پیشاب جاری ہو جائے گا۔ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا

اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِنْ رِزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ (پ۱ البقرہ ع ۷)

**(۱۹۱) پیشاب کی زیادتی** اگر پیشاب بستر پر نکل جاتا ہو سات مرتبہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ (پ۱۲ ھود ع ۴)

**(۱۹۲) سوزاک کے لئے** (۱) سوزاک کے مریض کو یہ آیت لکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ إِذْ جَاءَتْهُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ . وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ

(۲) سوزاک کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالنا بہت فائدہ پہنچاتا ہے مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا ۝ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝ پ۲۶ آخر الفتح ع ۴

**(۱۹۳) نامردی کے لئے** نامرد کو یہ آیت ایک سو مرتبہ تخم مولی پر دم کرکے اکیس دن تک گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرانا مفید ہے۔ اَلرِّجَالُ



قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ (پ۵ النساء ع۶)

**(۱۹۴) کثرتِ احتلام** سوتے وقت شہادت کی انگلی سے سینے پر یَا عُمَرُ اس طرح لکھے کہ پڑھنے والے کے سامنے سیدھا ہو۔ انشاء اللہ تعالے کثرتِ احتلام کا مرض جاتا رہے گا۔

**(۱۹۵) بواسیر و نواسیر کے لئے** (۱) یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھنا بواسیر کے لئے بہت مفید ہے لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا (پ۲۹ الدھر ع۱)

(۲) فجر کی سنتوں میں ہمیشہ یہ سورتیں پڑھنا بواسیر و نواسیر کے لئے بے حد فائدہ مند ہے پہلی رکعت میں والضحیٰ الم نشرح، الم تر کیف دوسری رکعت میں لایلٰف، کافرون اور سورۃ اخلاص۔

**(۱۹۶) دردِ ران** (۱) اگر ران میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر درد کی جگہ پر باندھا جائے لَئِنْ أَنْجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ پ۱۱ یونس ع۳

(۲) ران کے درد میں یہ آیت پانی پر دم کرکے پلایا جائے فائدہ ہوگا۔ وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ پ۲ البقرہ ع۲۳

**(۱۹۷) عدمِ ابھار اور دردِ پستان** پستانوں کے عدمِ ابھار میں یہ آیت لکھ کر چھاتی پر باندھنا بہت مفید ہے اور پستانوں میں درد ہو جب بھی یہ عمل نافع ہے وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ ۝ (پ۱۴ النحل ع۹)

**(۱۹۸) دودھ کی کمی کے لئے** اگر عورت کے پستانوں میں دودھ پیدا نہ ہوتا ہو تو ایک سو ایک بار یہ آیت بارش کے پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ خوب دودھ پیدا ہوگا۔ وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (پ۱۲ ھود ع۴) فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ پ۲۷ رحمٰن ع۳

**(۱۹۹) سیلان الرحم** | سیلان الرحم کی بیماری ہوگئی ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت عرقِ گلاب پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلائی جائے ان شاء اللہ مرض جاتا رہے گا: وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ. بح اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

**(۲۰۰) کمی حیض کیلئے** | جسے حیض بہت کم مقدار میں آتا ہو، اُسے روزانہ سات سو مرتبہ یہ آیت آبِ زم زم پر دم کرکے ایک ہفتہ تک پلائی جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں ڈالا جائے، وننزل من القرآن ما ھو شفآء (پ۱۵ بنی اسرائیل ع۹)

**(۲۰۱) کثرتِ حیض کے لئے** | اگر حیض کا خون زیادہ مقدار میں آتا ہو تو یہ آیت لکھ کر پیٹ پر باندھی جائے: صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (پ۱ البقرہ ع۲)

(۲) تین سو تیرہ بار سورۂ کوثر روزانہ بارش کے پانی پر دم کرکے پلانا کثرتِ حیض کی بیماری میں بہت مفید ہے۔

**(۲۰۲) خارش کیلئے** | ایک شخص کو خارش ہوگئی وہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا اور اپنی بیماری کے بارے میں عرض کیا تو انہوں نے فرمایا کہ روزانہ صبح و شام اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے اکتالیس روز تک پیو بفضلہ تعالیٰ اس عمل سے وہ اچھا ہوگیا: فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ۔

(پ۱۸ قد افلح المومنون ع۱)



(۲) سیدنا حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ صبح و شام سات سات مرتبہ سورۂ قدر پانی پر دم کرکے پلانا خارش کے لیے بہت مفید ہے

**(۲۰۳) جہت برائے نصیبہ وری دختر** | اور لڑکیوں کے نصیبہ کھلنے کے لئے

**لڑکی کی خوش بختی اور اچھے مستقبل کے لئے**

مینہ کے پانی پر یا کنویں کے پانی پر جو رات کا کھینچا ہوا ہو یعنی رات کا باسی ہو تین دن تک ہر روز تیس ۳۰ مرتبہ پڑھے جب پہنچے هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ پر یَا فَتَّاحُ کو موافقت عدد جمل کے پڑھے، پھر اسی پانی سے ہاتھ پاؤں دھو کر اس پانی کو ایسی جگہ پھینکے جہاں اس پر کسی کا پاؤں نہ پڑے، مجرب ہے۔

**(۲۰۴) ناراض کو راضی کرنے کے لئے** | جو شخص کسی سے بیزار ہو اسے مہربان کرنے کے واسطے شب جمعہ کو آدھی رات کے وقت تیس ۳۰ بار اس آیت شریف کو پڑھے: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. بعد اس کے پڑھے اللّٰهُمَّ اَنْتَ يَا رَبِّ حَسْبِيْ عَلٰى فلان ابن فلان یا فلانة بنت فلان واعطف قلبه یا قلبها و نلله جیا ذللها الی تو بیشک اللہ تعالیٰ اس کے دل کو اس پر مہربان کر دیتا ہے اور مطیع کر دیتا ہے یہ عمل چلتا ہوا ہے مناسب ہے کہ جب شب کو پلنگ پر سونے کے لئے لیٹے تو سات دفعہ پڑھے:

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

تو خداوند تعالیٰ اس کی برکت سے مدد کرے گا اس کے کلام میں جو ارادہ رہتا ہے خواہ سچا ہو یا جھوٹا۔

**(۲۰۵) جہت رفع پیشاب و سنگِ مثانہ پیشاب رک جانے اور پتھری کا علاج**

جس شخص کو خون کے دست درد کے ساتھ آتے ہوں اس کے رفع کے واسطے یہ آیت شریف روز لکھ کر دھو کر پلائیں انشاء العزیز بہت جلد شفاء ہو جائے گی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

**(۲۰۶) جس شخص کا پیشاب و پاخانہ بند ہو گیا ہو**

جس شخص کا پیشاب پاخانہ بند ہو گیا ہو تو یہ آیتیں ایک پاک برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں پیشاب یا پاخانہ آ جاوے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً۔

**(۲۰۷) جہت دفع نظر بد**

جس بچہ کو نظر لگ جائے یا ضد کرتا ہو یا سوتے میں ڈرتا ہو تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ تین دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے
یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ اور یہ دعا لکھے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَیْطٰنٍ وَّهَامَّةٍ وَّ عَیْنٍ لَامَّةٍ۔



**(۲۰۸) ہر درد و مرض اور ہر قسم کے سحر و آسیب کے لئے**

ہر درد و مرض اور سحر و آسیب کے لئے مندرجہ ذیل دعا کی ہر قسم کے درد و مرض اور سحر و آسیب کے لئے
تعویذ بنا کر تین ٹکڑے نیلے رنگ کے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالی جائے۔
اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔
اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَرِّ مَا خَلَقَ
یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ۔

مندرجہ ذیل نقش کو اکیس ۲۱ ایام تک عرقِ گلاب یا سادہ پانی میں ڈال کر صبح نہار منہ پیا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| یَا حَفِیْظُ | یَا رَحِیْمُ | یَا حَافِظُ |
| یَا كَرِیْمُ | یَا حَیُّ | یَا قَیُّوْمُ |
| یَا رَحِیْمُ | یَا رَحِیْمُ | یَا رَحِیْمُ |

**۲۰۹ بچہ مٹی کھاتا ہو**

گلے میں ڈالنے کے لئے وَیَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ ۝

**۲۱۰ برائے حصارِ اعظم**

① رات سونے سے قبل باوضو ہو کر بستر پر بیٹھ جائے اور رو بقبلہ ہو کر سورۃ فاتحہ ...

(۲) آیۃ الکرسی وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تک سات مرتبہ پڑھے۔

(۳) اواخر سورۂ بقرہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک ایک مرتبہ

(۴) اواخر سورۂ حشر ۲۸ کی تین آیتیں ایک مرتبہ۔

(۵) فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے قلب اور روح پر پھونک مار کر دم کرے اور پھر دونوں ہاتھوں کے ہتھیلیوں پر پھونک مار کر اپنے پورے بدن پر ہاتھ پھیر دے یعنی سر کے بالوں سے لے کر پیر کے ناخن تک اور اپنے چاروں طرف بھی پھونک مارے انشاء اللہ تعالیٰ ساری رات ہر قسم کے خوف وہراس اور شیاطین سے حفاظت ہوگی۔

**(۲۱۱) دعائے خضری** ہر دینی و دنیاوی مقصد میں کامیابی کے لئے مجرب ہے۔ پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر دعا پڑھیں۔

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

(۲) مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰهُ

(۳) مَا شَاءَ اللّٰهُ مَا كَانَ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ

(۴) مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

نمبر ۱ پڑھے تو دل میں خیال کرے کہ یا اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوں۔

نمبر ۲ اور نمبر ۳ پڑھے تو خیال کرے کہ میں بے بس ہوں تمام



ضروریات کا انتظام آپ ہی کریں گے۔

نمبر ۴ پڑھے تو یہ دھیان رکھے کہ اے اللہ میں نے سب کچھ آپ کے حوالے کردیا اب مجھے کوئی پریشانی نہیں

## (۲۱۲) بچہ سے دودھ چھڑانے کے لئے

جب بچہ کا دودھ چھڑانا ہو تو سورۂ بروج لکھے اور بچہ کے گلے میں باندھے آسانی سے دودھ چھوڑ دے گا۔ اور یہ لکھ کر چند روز پلایا جائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْمَتِيْنِ الَّذِيْ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِقُوَّةِ الْمَتِيْنِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

## (۲۱۳) اسم اعظم کا عمل

امتحان میں کامیابی، رزق کی فراوانی، عزت، جرأت پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے وغیرہ کے لئے يَا اَللّٰهُ ایک بار، دل کی توجہ اللہ کی طرف رکھے اور يَا وَاحِدُ لَا شَرِيْكَ لَهٗ تین بار، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ ایک بار وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ تین بار، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ایک بار۔ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ تین بار۔ يَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ وَّاحِدٌ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ایک بار۔ پھر مندرجہ ذیل دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ

تُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ٥

## (٢١٤) ناجائز تعلقات سے بچاؤ کا عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فاتحہ ترکیب ذیل سے پڑھی جائے (١) بسم اللہ کے آخر کے میم کو الحمد للہ کے لام سے ملا دو (اس طرح رَحِیْمِلْ حَمْدُ) (٢) یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے۔ اس طرح کہ اتوار سے صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر مرتبہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پیر کے روز | صبح کی سنتوں | اور فرضوں کے | درمیان | ٦٠ | مرتبہ |
| منگل کے روز | " | " | " | ٥٠ | مرتبہ |
| بدھ کے روز | " | " | " | ٤٠ | مرتبہ |
| جمعرات کے روز | " | " | " | ٣٠ | مرتبہ |
| جمعہ کے روز | " | " | " | ٢٠ | مرتبہ |
| ہفتہ کے روز | " | " | " | ١٠ | مرتبہ |

اول اور آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔

**(٢١٥) بچہ کے حفظ کے لئے** ایک روٹی پر باوضو بروز جمعرات سات جگہ نیچے لکھی ہوئی آیت کو اسطرح لکھا جائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ۔ پھر ہر روز نہار منہ اس کو ایک ٹکڑا کھلایا جائے یہ عمل سات جمعرات تک رہے

**(٢١٦) تکلیف تنفس کے لئے** یَا حَمِیْدُ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۂ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔

---

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ (القرآن الکریم)

پ ١٥ س بنی اسرائیل ع ٩

# مجرب عملیات و تعویذات

استاد الکل در قصبۂ دیوبند

## مولانا محمد یسین صاحب قدس سرہ

والد بزرگوار حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب

اس قدر زود اثر اور مجرب ہیں کہ اکابرین علماءِ دیوبند کے معمولات میں شمار کیے جاتے ہیں

ناشر
المکتبۃ الحبیب دکھنی مسجد
پاکستان چوک کراچی

عملیات از شمس المعارف تصنیف شیخ احمد بن علی البونی متوفی ۶۲۲ھ

# دشمنوں کے شر اور تمام آفات و بلیات سے حفاظت اور حل مشکلات کا مجرب علاج

(از شمس المعارف ص۱۲ جلد۲)

شمس المعارف میں اس عمل کے فوائد حسب ذیل بیان کئے ہیں

ولنختم هذا الفصل بذكر غريب وورد عجيب لا يناجي الله به عبد الا عتق ولا اسير الا انطلق ولا خائف الا أمن ولا فقير الا استغنى ولا ذليل الا اعز وفيه معنى بديع لقمع الجبارين وقطع دابر الظالمين والمفسدين ومن كتبه وحمله ذل له كل جبار عنيد وشيطان مريد ولا يراه احد الا احبه ۔ ومن اكثر من ذكره احيا الله قلبه بنور المعارف وحفظه في اهله وماله وعياله ونفسه وكفاه شر ما يخاف ولا يذكره ملك الا اتسع ملكه ونفذت كلمته و فيه اسم الله الاعظم ومن ذكره بين يدي جبار وقت غضبه كف ومن سأل الله به حاجة اعطاه ما سأل فانهم التوحيد بهذا الورد الكريم



واستغن به عن كثير من الاذكار التصريفية في مثل هذا النوع والدخول عليه يعرفه ارباب البصائر وذكرها الاسم الجامع لاكابر الوالهين وهي قيوم لارباب البدايات ولو اراد الانسان ان ينبهم عن اسرار هذا الياقوت الباهر والسر الزاهر من جهة اسراره العددية وآثاره المرقية واسمائه النورانية واوضاعه الوفقية لاستوعب من ذالك عشرة ويبغي لسلوك والاسرار والاكابر والصلحاء وافاضل العلماء وحذاق الحكماء التوجه به في الاولى من يوم الجمعة او يوم الاحد او يوم عرفه او يوم العيدين او يوم عاشورى او ليلة النصف من شعبان او ليلة ۲۷ رمضان او في غرة كل شهر او بالجميع الدهر تظفر بخيري الدنيا والاخرة والسعادة العظمى وهذا هو الورد المبارك ۔





ولا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم اللّٰھم صلی علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم۔ کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم فی العالمین انک حمید مجید۔

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین۔ ۱۳۶ مرتبہ پڑھے۔
حسبی اللہ ونعم الوکیل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت و ھو رب العرش العظیم۔ ۷ مرتبہ پڑھے۔

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم۔ ۳ مرتبہ پڑھے۔

سلام قولا من رب رحیم۔ ۱۹ مرتبہ پڑھے۔

لاحول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم۔ ۱۱ مرتبہ پڑھے۔

اللّٰھم یا ودود۔ ۳ مرتبہ پڑھے۔

یاذی العرش المجید یا مبدی یا معید یا فعال لما یرید اسئلک بنور وجہک الذی ملاء ارکان عرشک وبقدرتک التی قدرت بہا



علی جمیع خلقک وبرحمتک التی وسعت کل شیئ لا الہ الا انت یا غیاث المستغیثین اغثنی۔ ۱۳۰ مرتبہ پڑھے۔

اللّٰھم یا علی یا عظیم یا ولی یا حلیم یا حنان یا منان یا رحیم یا رحمن یا جمیل یا عطوف یا کریم یا رؤف اسئلک باسمک المخزون ان تفیض علی من فیض جمالک الاقدس وکمالک الانفس سر انوار اسماء ربانیا حتی اتصرف فی النفوس والارواح والصور والاشباح بمہیجات المحبة ومہیجان المودة یا من یفرج عن المحزونین یا انیس المستوحشین اللّٰھم انی اسئلک بسر الالف المعطوف الذی ھو مبدا الحروف یا وھاب یا نافع یا تواب اللّٰھم انی اسئلک شرفا یوصلنی الیک و زرایدنی علیک وتلقنی بالروح والریحان وتوحنی بالامن منک والرضوان یا باسط یا واحد یا ماجد۔ ۳ مرتبہ پڑھیں۔

ربی لا شریک لہ ولا اشرک بہ شیئا اللّٰھم من ارادنی بسوء او ضرا او شرا فاقمع رأسہ واعقل لسانہ والجم فاہ واحبس کیدہ وحل بینی وبینہ۔

یا دائم یا حمید یا مجیب یا مجید بحرمة محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ ۹ مرتبہ پڑھے۔

اللّٰھم انی اسئلک بالسر الجامع والنور الساطع ان تھبنی فرقانا منک تشرح بہ صدری وترفع بہ قدری اثبت وجھتی وجاھی والیک المرجع فالتجی تجبرا لکسیر وترحما الفقیر لا الہ الا اللہ الحلیم العظیم و

لا اله الا الله رب العرش العظيم لا اله الا الله رب السموات والارض
ورب العرش الكريم اللهم رب جبرئيل وميكائيل واسرافيل وعزرائيل
وابراهيم واسماعيل واسحاق ويعقوب عافنی واعف عنی ولا تسلط علیّ
احدا من خلقك یا الله بشیئٍ لا طاقة لی به یا سمیع الدعاء یا مجیب
النداء فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم توکلت علی الحی الذی لا یموت
والحمد لله الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن له شریك فی الملك وکبره تکبیرا
الله اکبر - ۳ مرتبہ پڑھے۔

اللهم انی اعوذ بك مما اخاف واحذر واعوذ بالله الذی لا
اله الا هو ممسك السماء ان تقع علی الارض الا باذنه من کل جبار
عنید وشیطان مرید اللهم انی اسئلك امانا من الفقر وامانا من
الردی امانا من الذم وامانا من الذم وامانا من الهم وامانا من الغم
امانا من الذل وامانا من الجهل وامانا من الفتن وامانا من الخسف و
امانا من الرجف اللهم احسن عاقبتنا فی الامور کلها واجرنا من خزی
الدنیا وعذاب الآخرة اللهم انی اسئلك بمحمد السید الکامل الفاتح الخاتم
نور انوار المعارف وسر اسرار العوارف وصفوة خلقك وسر علمك ومرآة
ذاتك ومشهد صفاتك وسلك بنور وجهك وبساط رحمتك و
بالسبعة والثانیة واسرارها المتصلة منك -
یا الله - ۳۰ مرتبہ پڑھے۔
یا احد صمد یا حی یا قیوم ان تهبنی من علمك عقلا ومنك



روحا ومن ارادتك حکما ومن قدرتك فعلا ومن کلماتك لسانا ومن
سمعك فهما ومن بصرك کشفا ومن احاطتك قیاما وامنحنی منك
بك سرا تخضع له اعناق المتکبرین وتنقاد الیه نفوس الجبارین فلك
الحمد یا رب علی کل بدایة ولك الشکر علی کل نهایة انك انت الغنی
الحمید اللهم ارخنی علی فراش رحمتك بمنّك واحرسنی بحارس عنایتك
وصونك وردّنی برداء الهیبة واجلسنی علی سریر العظمة متوجا بتاج
البهاء واضرب علی سرادقات الحفظ وانشر علی لواء العز ولیرلی الرزق
واملا باطنی خشیة ورحمة وظاهری عظمة وهیبة ومکنی ناصیة
کل جبار عنید وشیطان مرید واعصمنی من الخطاء والزلل وایدنی فی القول
والعمل اللهم انی اسئلك بك وبما اشتملت علیه ذاتك مما لا یعلمه
احد سواك ان تصلی علی سیدنا محمد الذات المحمدیة واللطیفة الاحدیة
شمس سماء الاسرار ومظهر الانوار وقطب فلك الجمال ومرکز مدار
الجلال اللهم انی اسئلك بسره لدیك وبسبقه الیك ان تؤمن
خوفی وتقیل عثرتی واذهب حرصی وحزنی وکمل نقصی وخذ بی الیك
وارزقنی القناعة ولا تجعلنی مفتونا بنفسی محجوبا بحسی واکشف لی من کل
سر مکتوم یا حی یا قیوم واکفنی بلطف ترتاح الیه ارواح الاولیاء وتنبسط
له نفوس السعداء فلك المجد الاوسع والملك الاجمع اللهم انی اسئلك
بکل اسم سبق فی علمك انك لا تمتنع من السوال به طالبا ولا ترد من
سال به خائبا اسئلك ان تقضی حاجتی فیما ارید وان تمضینی بحسن

العاتمة انك تعلم ما اريد ولك مقاليد الامور وانت على كل
شيئ قدير اللّٰهم انى اسئلك واتوسل اليك بسم الرحمن الرحيم
ان تفيض على من ملابس انوارك ما يبهر ويعمى ابصار الاعداء نظرة
ما بيديهم خاسرة وان تكسونى فى كل احوال بهجة منك ترتاح اليها
ارواح المدركين وتخشع لها ابصار الناظرين وتير بها اسرار العارفين
انك انت علام الغيوب ومعلمها وكاشف الاسرار ومفهمها فلك
الحمد والمدح وبيدك الخير والفتح اللّٰهم صل على انبيائك والمرسلين
وملائكتك المقربين واوليائك الصالحين وعلى اهل طاعتك اجمعين و
بلغهم سلامنا وتحيتنا وبلغنا شفاعتهم يوم التناد امنيتنا اللهم انى صرفت
رجائى الى وجهك الكريم واحسنت ظنى فى عفوك العظيم فاجعل دوام
والذى واغفر لى وللمسلمين ولا تصرف رجائى عن وجهك فخاب ولا
تجعل حسن ظنى فى عفوك كاذبا اللّٰهم كيف نصدر عن بابك بخيبة و
قد امرتنا بدعائك يا ارحم الراحمين اللّٰهم انى اسئلك ان ترحمنى
اذا انقضى اجلى وانقطع عملى ولبث كفنى وفارقت سكنى يا رب الارباب
يا مسبب الاسباب يا معتق الرقاب ويا كاشف العذاب صن الغرور
انت ارحم الراحمين بسم الله الشافى بسم الله الكافى بسم الله المعافى
الم المر كهيعص حم ق ن فالله خير حافظا وهو
ارحم الراحمين ـ

اس کے بعد۔ لا الٰہ الا اللہ ۔ ایک ہزار مرتبہ پڑھے ۔



یا لطیف ۱۲۹ مرتبہ پڑھے
یا کافی ۔ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے ۔ یا حلیم ۔ ۷۷ مرتبہ پڑھے ۔
یا مجیب ۔ ۵۵ مرتبہ پڑھے ۔ یا سلام ۔ ۱۳۱ مرتبہ پڑھے ۔
یا حفیظ ۹۹۸ مرتبہ پڑھے ۔

ثم يدعو بعد ذالك بما يريد من امور الدنيا والآخرة يستجاب
له فى ذالك فانه من الاسرار العظيمة وصلى الله على سيدنا محمد
النبى الامى وعلى آله وصحبه وسلم ـ

(شمس المعارف الکبری ص ۱۴ تا ۱۶ جلد دوم)



## ایضاً دعاء برائے دفع مصائب وشر اعداء از شمس المعارف

ھٰذا الدعاء یروی عن عبد اللہ بن محمد بن ابی زید القیروانی فما رأیت اسرع اجابة من ھذا الدعاء ویعلم الدعاء بہ علی کل سلطان جائر ولص غاشم وفی المصائب والشدائد وھو ھذا ۔



اللھم یا موضع کل شکوی ویا شاھد کل نجوی ویا عالم کل خفیة ویا کاشف کل بلیة یا منجی موسی ومحمد وابراھیم الخلیل صلوات اللہ علیھم اجمعین ادعوك یا الھی دعاء من اشتدت فاقتہ وضعفت قوتہ وقلت حیلتہ دعاء الغریق الملھوف الذی لا یجد لکشف ما بہ الا انت لا الہ الا انت یا ارحم الراحمین اکشف عنا ما نزل بنا من عدونا وعدوك الشیطان الرجیم یا رب العلمین انك علی کل شیء قدیر واغوثاہ یا اللہ واغوثاہ یا اللہ واغوثاہ یا اللہ اللھم یا باعث الاطبیاتك یا دائم لا نفاد لك یا حی یا محیی الموتی یا قائم علی کل نفس بما کسبت الھی انت اللہ العزیز الجبار لا الہ الا انت آلھا واحدا اسئلك بالکلمات التامات الامن والعفو والعافیہ والمعافات الدائمہ فی الدین والدنیا والآخرة والاھل والجسد والمال والولد والمسلمین اجمعین یا رب العالمین انك علی کل شیء قدیر



وارحمنی برحمتك یا ارحم الراحمین واکشف عنی ما نزل لی من ضیق وکلما اردت وخلصتنی خلاصا جمیلا یا رب العالمین ۔

(شمس المعارف صفحہ ج ۲)

## قوت حافظہ اور ذہن کیلئے

اسم البصیر چینی کی تشتری پر سو مرتبہ لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر جس کو پلائے اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہوگا ۔

(شمس المعارف صفحہ ۵۵ ج ۱)

**ایضاً** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو سات سو چھیاسی مرتبہ پانی پر دم کرکے جس کو پلایا جائے اس کا ذہن کھل جائے گا حافظہ قوی ہوگا اور یہ پانی جس کو پلایا جائے اس کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوگی ۔

## عزت ونصرت اور ترقی رزق کیلئے

مندرجہ ذیل نقش کو لوہے یا تانبے کے ٹکڑے پر نقش کرکے اپنے گھر میں رکھے یہ نہ ہو تو کاغذ ہی پر لکھا اپنے پاس رکھے لوگوں کی نظر میں عزت اور دشمنوں کے مقابلے میں نصرت اور رزق میں برکت ہوگی ۔

(از شمس المعارف صفحہ ج ۲)

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ع | ذ | ی | ز | ح | ک | ی | م |
| ی | م | ع | ز | ی | ز | ح | ک |
| ح | ک | ی | م | ع | ز | ی | ز |
| ی | ز | ح | ک | ی | م | ع | ز |
| م | ع | ز | ی | ز | ح | ک | ی |
| ک | ی | م | ع | ز | ی | ز | ح |
| ز | ح | ک | ی | م | ع | ز | ی |
| ز | ی | ز | ح | ک | ی | م | ع |

## دکان اور تجارت میں برکت کے لیے

مندرجہ ذیل نقش کو لوہے یا تانبے کے پترے پر نقش کرائیں یا پھر کاغذ ہی پر لکھ کر دکان میں رکھیں انشاء اللہ برکت ہوگی۔

(از شمس المعارف ص۸۹ ج ۲)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |



# عملیات مجربہ از کتاب الرحمہ فی الطب والحکمہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

## برائے دردِ سر مجرب

آیاتِ ذیل لکھ کر سر پر باندھیں۔

کھیٰعص ذکر رحمۃ ربک عبدہ، ذکریا اذ نادیٰ ربہ ندائً خفیا

حٰمعسق کذالک یوحی الیک والی الذین من قبلک اللہ العزیز الحکیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کم من نعمۃ للہ علی کل قلب ناعم وغیر ناعم

وکم من نعمۃ علی کل عرق ساکن وغیر ساکن اسکن ایہا الوجع بحق من

سکن لہ ما فی اللیل والنہار وھو السمیع العلیم۔

## آنکھوں کے درد کے لیے

مندرجہ ذیل اسماء لکھ کر آنکھوں پہ باندھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - لا الٰہ الا اللہ ایاناً استلاماً وعہد

اللہ افضالاً وانعاماً واللہ اکبر اکباراً واعظاماً واعلی السموات والارض

اللہم رب قبس تالبی ویل راس وجرح لامس وعبد یا رب

عیلون فی عین الفلان العمام عمعین العیان قل اعوذ برب الفلق من

شر ما خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی العقد ومن

شر حاسد اذا حسد ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی
والسلام علی سیدنا محمد وآلہ اجمعین۔

## برائے حفاظت حمل،

مندرجہ ذیل آیات اور دعائیں کاغذ میں لکھ کر حاملہ عورت اس طرح
استعمال کرے کہ تعویذ ناف پر رہے۔

یخرج من بطونها شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمۃ

# نسخۂ اکسیر برائے ازالہ اثر آسیب وسحر (گلے میں ڈالا جائے)

## از مجربات حضرت مولانا احمد علی چھگوری

[illegible]

## نوشتہ در بینے دھد آسیب ظاہر شود

(لکھ کر آسیب زدہ کو دکھائیں وہ ظاہر ہو گا)

یاحی یاقیوم بحق ایاک نعبد وایاک نستعین و بحق کھیعص
حم عسق و بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام الغ استفتح
استفتح فہوش فہوش قرشت قرشت برمابس مابس مااحضروا
من جانب المشارق وللغارب ومن جانب الایمن والایسر
بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

## برائے خرید و فروخت مکان / دوکان

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۲ | ۳۱ | ۴۳ | ۴۳ | ۵۳ | ۵۴ | ۲ | ۱ |
| ۳۰ | ۲۹ | ۴۱ | ۴۲ | ۵۵ | ۵۶ | ۴ | ۳ |
| ۴۹ | ۵۰ | ۶ | ۵ | ۲۸ | ۲۷ | ۴۷ | ۴۸ |
| ۵۱ | ۵۲ | ۸ | ۷ | ۲۶ | ۲۵ | ۴۵ | ۴۶ |
| ۱۰ | ۹ | ۶۱ | [illegible] | ۳۵ | ۳۶ | ۲۴ | ۲۳ |
| ۱۲ | ۱۱ | ۶۳ | ۶۴ | ۳۳ | ۳۴ | ۲۲ | ۲۱ |
| ۳۹ | ۴۰ | ۲۰ | ۱۹ | ۱۴ | ۱۳ | ۵۷ | ۵۸ |
| ۳۷ | ۳۸ | ۱۸ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۵۹ | ۶۰ |

### برائے دفع
درد سر
و نیم سر

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۱ | ۸ |
| ۶ | ۰ ۷ | ۲ |



## برائے ازالۂ بخار

(۱)

سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) چالیس بار پانی کے پیالے پر پڑھے اور بخار والے کے منہ پر چھینٹا مارے تو حق تعالیٰ اس کو فائدہ بخشے۔

(۲)

قرآن مجید کی یہ چھ آیتیں ہیں جن کا نام آیات شفاء ہے بیمار کے واسطے ان کو ایک برتن پر لکھے اور پانی سے دھو کر پلائے :-

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي
الصُّدُورِ يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ
فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِينَ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ
آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ

(۳)

لاعلاج مرض کے واسطے چینی کی سفید تشتری (پلیٹ) یا برتن پر یہ اسم لکھے۔ یَا حَیُّ حِینَ لَا حَیَّ فِی دَیْمُومَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ پھر اسکو پانی سے دھو کر چالیس دن پیئے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب اس اسم پر سورۃ فاتحہ بھی لکھتے تھے

(۴)

بخار کے ازالہ کے واسطے ہر روز عصر کے بعد سورۃ مجادلہ (پ ۲۸) بخار والے پر تین بار پڑھے۔ (اور دم کرے) انشاء اللہ بخار دفع ہوگا۔

(۵)

بخار کے دفع کے لئے حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہٗ اور مولانا محمد اسحٰق صاحب رحمۃ اللہ علیہ گلے میں باندھنے کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ. اور پینے کے لئے ہر بیماری کے دفع کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔

(۶)

ہر مرض کی شفاء کے لئے یا سلام کا نقش اور یہ آیت لکھ کر پلاوے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

| | | |
|---|---|---|
| م | لا | س |
| س | م | لا |
| لا | س | م |

(۷)

پرانے بخار کے واسطے اتوار کے دن سات تار پاک دھاگے کے لے اور اَلْحَمْدُ شریف اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (آخر تک) پڑھ کر اس دھاگے پر سات گرہ دے اور مریض کے گلے میں باندھے انشاء اللہ العزیز بخار دفع ہو جائیگا۔

(۸)

بخار کے واسطے ایک پاک کاغذ پر دو تعویذ تیار کرے ایک سیدھی



کلائی میں اور دوسرا اُلٹے ہاتھ کی کلائی میں باندھے۔ تعویذ یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| هارات | هاروت |
| هالات | هارون |

(۹)

ہر ایک مریض کے لئے پہلے اوّل و آخر درود شریف پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِالْعَلِیْلِ دَوَاءٌ وَّبِالْمَرِیْضِ شِفَاءٌ وَّبِالْغَرِیْبِ اَنِیْسٌ وَّبِالْفَقِیْرِ جَلِیْسٌ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ۔ تین دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر اور دوا اور غذا پر صبح و شام دم کرے انشاء اللہ العزیز شفا کامل عطا ہو گی۔

(۱۰)

ہر آفت و مصیبت و بیماری سے محفوظ رہنے کے لئے اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھے تعویذ مکرم یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(۱۱)

بخار کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر بازو پر باندھے یا گلے میں لٹکا دے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی

اِبْرَاهِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنَا هُمُ الْاَخْسَرِیْنَ۔

(۱۲)

باری کے بخار کے واسطے پیپل کے تین پتوں پر لکھے اور بخار کے چڑھنے سے پہلے تھوڑی تھوڑی دیر بعد ایک ایک پتہ چاٹ لے۔ مجرب ہے۔

| | ۷۸۶ | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱۱ | ۳ |
| ۴ | ۷ | ۹ |
| ۱۰ | ۲ | ۸ |

| | ۷۸۶ | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ    یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ

وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ

الْاَخْسَرِیْنَ۔

(۱۳)

جاڑے کے بخار کے واسطے اس آیت شریف کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلا دے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّہٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَہٗ دَکًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا۔

(۱۴)

بخار کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر دے مجرب ہے مریض اپنے بازو پر باندھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی



اِبْرَاهِیْمَ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْکُمْ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ ۔ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ یَا غَفُوْرُ۔

(۱۵)

ہر درد اور بیماری کے دفع کے واسطے اوّل و آخر درود شریف پڑھے اور ایک بار سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔ یَا اَللّٰہُ اِشْفِ یَا رَحْمٰنُ اِشْفِ یَا رَحِیْمُ اِشْفِ یَا کَرِیْمُ اِشْفِ یَا غَفَّارُ اِشْفِ یَا سَتَّارُ اِشْفِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ مِنْ جَمِیْعِ الدَّاءِ وَالْبَلَاءِ بِفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ لَا بِعَمَلِنَا وَلَا بِعَمَلِہٖ۔ پھر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دے خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے۔

(۱۶)

بخار کے واسطے مریض پر یہ دعا پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر ایک پاک کاغذ پر تعویذ بنا کر بازو پر باندھے وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ حَرِّ النَّارِ۔

(۱۷)

جو شخص بیمار ہو تو اس کے بدن پر داہنا ہاتھ پھیرا جائے اور یہ دعا پڑھا جائے دو چار روز کے عمل سے انشاء اللہ العزیز بیمار بالکل تندرست ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ

لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا ۔

(۱۸)

داہنے ہاتھ میں داہنا پہونچا مریض کا پکڑ کر یہ پڑھے اور دم کرے انشاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ ۔

(۱۹)

اس دعا کو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا پائے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ وَّعَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ۔

(۲۰)

جس شخص کو جاڑے سے بخار آتا ہو اس کے واسطے یہ عمل نہایت مجرب ہے چاہیے اول روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُحِيْطُ لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اگر دوسرے روز پھر آوے تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُحِيْطُ لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اور پہلا تعویذ کھول کر اُلٹے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اگر خدانخواستہ تیسرے روز پھر آئے تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُحِيْطُ لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اور وہ دونوں تعویذ اُلٹے ہاتھ میں باندھے پھر انشاء اللہ العزیز بخار نہ آوے گا۔



## برائے محبت بر سبزہ بان ہفت بار خواند قف نمودہ خوردن دہد با تسمیہ

ختم اللہ علی قلوبهم وعلی سمعهم غشاوة

## برائے عداوت نوشتہ بسوزد

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۳ | ۴ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۶ | ۷ | ۲ |

## برائے استخارہ بر سر نہد

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۹۲ | ۱۰۸۵ | ۱۰۹۰ |
| ۱۰۸۷ | ۱۰۸۹ | ۱۰۹۱ |
| ۱۰۸۸ | ۱۰۹۳ | ۱۰۸۶ |

## برائے اجرائے دوکان و خرید و فروخت بسیار گردد یکے بدکان او بزرود دیگر جنس

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ۴۴۸ | ۴۴۳ | ۴۵۰ |
| ۴۴۹ | ۴۴۷ | ۴۴۵ |
| ۴۴۴ | ۴۵۱ | ۴۴۶ |

**عمل برائے استخارہ** بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اور اپنے باپ دادا کی روح کو پہنچائے اس کے بعد سورۃ ا۔

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ٥ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ٥
إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ٥

پندرہ مرتبہ پڑھے اور ا۔

يَا عَلِيمُ عَلِّمْنِي مِنَ الْحَالِ الْفُلَانِي:

تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے سو جائے

( )

**عمل برائے استخارہ** اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۸۸۳ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۸۸۲ |
| ۶ | ۹ | ۸۸۵ | ۳ |
| ۸۸۴ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

## برائے عزت وہیبت در قلوب مردان

[illegible]

این نقش تمیمہ را نزد خود محفوظ بدارید

# نمازِ استسقاء

استسقاء کی نماز کے لئے مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رئیس (یا امام) عیدگاہ میں برابر تین دن باہر نکلے اور پیادہ پا جانا بہتر ہے اور پرانا اور استعمال شدہ کپڑا پہن کر نکلے اور عید کی طرح زینت اور آرائش نہ کرے اور خشوع و خضوع اور شرمندگی کے ساتھ عیدگاہ میں جائے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے اور قرأت پکار کر پڑھے اور اس کے بعد خطبہ پڑھے اور دعا کرے اور گناہوں سے بہت توبہ اور استغفار کرے اور چاہئے کہ امام اپنی چادر کے نیچے کا کنارہ اوپر کرے اور اوپر کا کنارہ نیچے کرے اور داہنی طرف کا کنارہ بائیں طرف اور بائیں طرف کا کنارہ داہنی طرف اور نہایت تضرع و زاری کے ساتھ دعا کرے اور حدیث میں جو دعا آئی ہے وہ پڑھے اور وہ دعا یہ ہے :- اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَّرِيْئًا مَّرِيْعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَائِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ :

# نمازِ کسوف و خسوف

اس کی ترکیب یہ ہے کہ جمعہ کا امام لوگوں کے ساتھ دو رکعت نفل نماز پڑھے جس طرح اور دوسری نفل پڑھی جاتی ہے اسی ترکیب سے پڑھے اور قرأت پوشیدہ یعنی آہستہ پڑھے اور جس قدر زیادہ قرأت ہو بہتر ہے اور اس کے بعد دعا اور استغفار میں مشغول رہے اس وقت تک کہ ماہتاب یا آفتاب روشن ہو۔



# دورانِ وضو کی دعائیں اور اُن کا حکم

(۱) عین الہدایہ میں ہے کہ ہر عضو کے دھوتے کے وقت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی جائے۔ دوسرا قول یہ بھی ہے کہ ہر عضو کے وقت کلمہ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھے۔

(۲) ہر عضو کے دھونے کے وقت درود شریف پڑھنا چاہئے (التبیین)

(۳) شرح الطحاوی، تبیین، عینی وغیرہ میں ہے کہ ذیل کی دعائیں مقامات ذیل میں پڑھی جائیں :

مضمضہ یعنی کلی کرتے وقت اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ، یعنی الٰہی مجھے تلاوت قرآن، اپنے ذکر، شکر اور عمدگی عبادت کی طاقت عطا فرما،

اور استنشاق یعنی ناک میں پانی ڈالتے وقت یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَةَ النَّارِ۔

یعنی الٰہی مجھے جنت کی خوشبو میں نصیب فرما اور دوزخ کی بدبو سے بچا،

اور چہرہ دھوتے وقت یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِیْ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهُ اَوْلِيَائِكَ وَتَسْوَدُّ وُجُوْهُ اَعْدَائِكَ۔

یعنی الٰہی میرا چہرہ منور فرما جس روز تیرے اولیاء کے چہرے روشن ہوں گے، اور تیرے دشمنوں کے منہ کالے ہوں گے۔

داہنا ہاتھ دھونے کے وقت یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِيَمِيْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا يَّسِيْرًا۔

یعنی اے اللہ میرا نامۂ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں عطا کیجئے اور میرا حساب کتاب آسان فرمایئے۔

بایاں ہاتھ دھوتے وقت یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِیْ

یعنی اے اللہ میرا اعمالنامہ میرے بائیں ہاتھ دیجئے نہ پشت کی جانب سے۔

سر کے مسح کے وقت یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ

یعنی اے اللہ مجھے ایسے وقت اپنے عرش کے سایہ میں رکھئے جبکہ بجز تیرے سایۂ عرش کے کہیں سایہ نہ ہوگا۔

اور کانوں کے مسح کے وقت یہ دعا مانگے: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِيْنَ

يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ۔

یعنی اے اللہ! مجھے اپنا حکم سن کر اپنے بہترین ماننے والوں میں داخل کر دیجئے۔

گردن کے مسح کے وقت یہ دعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ۔

یعنی الٰہی! میری گردن جہنم سے آزاد فرما دے۔

دایاں پاؤں دھوتے تو یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ

یعنی اے اللہ! میرے قدم سیدھی راہ پر جمائے رکھئے جس روز لوگوں کے قدم ڈگمگا جائیں۔

بایاں پاؤں دھونے کے وقت یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّسَعْيِیْ مَشْكُوْرًا وَّتِجَارَتِیْ لَنْ تَبُوْرَ

یعنی اے بارالٰہ! میرے گناہ بخش دیجئے اور میری جدوجہد کامیاب اور میری تجارت بے خسارہ فرما۔

(۴) اور وضو سے فراغت کے بعد یہ دعا پڑھنی چاہیئے

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ (نسائی) وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ (متفق علیہ) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ (الترمذی وفیہ ضعف)

یعنی اے اللہ! تیرے لئے پاکیزگی اور ہر طرح کی ستائش ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں،

اور آپ سے توبہ کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے بندے اور رسول ہیں، اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک بازوں میں داخل فرمالیجیے۔

⑤ بعض کتابوں میں ہے کہ وضو شروع کرنے سے پہلے یہ دعاء پڑھے، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۔

اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں شیطانوں کے چوکوں سے اور آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے، اس کے بعد یہ دعا پڑھے:
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْيُمْنَ وَالْبَرَكَةَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشُّوْمِ وَالْهَلَاكَةِ ۔

یعنی اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں سعادت اور برکت کا اور پناہ مانگتا ہوں نحوست اور ہلاکت سے۔

⑥ ختم وضو پر تین بار سورۂ قدر پڑھے

## فائدہ

حدیث مبارکہ میں ابتداء وضو کے متعلق ذکر ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جس شخص نے وضو کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیا یعنی بسم اللہ نہیں پڑھی تو اس کا وضو نہیں ہوا (ترمذی، ابوداؤد ابن ماجہ مسند احمد، دارمی)

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ابتداء وضو میں بسم اللہ پڑھنا واجب ہے مگر جمہور علماء کے نزدیک سنت یا مستحب ہے، سنن وضو میں اس کی بحث کی جاچکی ہے۔

(ب) نیز ہر عضو کے دھونے کی ایک ابتداء ہے اور ہر نیک کام کے ابتداء میں بسم اللہ پڑھنا حدیث میں وارد ہے، اس لیے بعض علماء نے ہر عضو کے دھونے کے وقت بھی بسم اللہ کو پڑھنا مستحسن قرار دیا ہے۔

(ج) ختم وضو پر ذیل کلمات بھی احادیث سے ثابت ہیں:
سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ جیسا کہ حوالہ جات سے میں گذر چکے ہیں۔

اور حضرت عمر بن الخطاب سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو کوئی اسباغ وضو کے بعد کہے اشهد ان لا الٰه الا الله وحده لاشريك له واشهد ان محمدًا عبده ورسوله تو اس کیلئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ جس دروازے سے چاہے داخل ہوجائے (مسلم)

(د) دیگر جو درمیان وضو وغیرہ سے متعلق دعائیں ذکر ہیں ان کے متعلق امام نووی نے روضہ میں کہا کہ ان ادعیہ کی کچھ اصل نہیں، یعنی وضو میں پڑھنا سنت سے ثابت نہیں، امام شافعی اور جمہور نے بھی کچھ ذکر نہیں کیا، اور صاحب شرح مہذب بھی کہتے ہیں کہ متقدمین نے بھی

سلہ مکمل وضو کے بعد

ان کو ذکر نہیں کیا، ابن الصلاح کی رائے ہے کہ اس بارے میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہے، لیکن رافعی کہتے ہیں کہ یہ خبر صالحین سے مروی ہے،

بہر حال صالحین کے معمول کی وجہ سے ان ادعیہ کا معمول بنانا تو جائز ہے لیکن ان کے متعلق سنت ہونے کا عقیدہ رکھنا صحیح نہیں ہے

اگر چہ فقہاء نے ان دعاؤں کو اہتمام کے ساتھ لکھا ہے چنانچہ نور الایضاح کے حاشیہ میں مذکورہ ساری دعائیں لکھی گئی ہیں

ملنے کے پتے

۱ المکتبۃ الحبیب دکھنی مسجد پاکستان چوک کراچی ۱

۲ مولانا احمد علی مقیم ریلوے ریسٹورنٹ بلڈنگ، پہلی منزل فلیٹ ۵ متصل دکھنی مسجد پاکستان چوک کراچی ۱

## قرآن پاک کا ایصال ثواب

عقلاً ونقلاً دونوں طرح ثابت ہے۔ چنانچہ علامہ عینی شرح بخاری میں تحریر فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| (۱) رَوَى أَبُوبَكْرٍ النَّجَّارُ فِي كِتَابِ السُّنَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَرَّ بَيْنَ الْمَقَابِرِ فَقَرَأَ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ أَحَدَ عَشَرَ مَرَّةً ثُمَّ وَهَبَ أَجْرَهَا لِلْأَمْوَاتِ أُعْطِيَ الْأَجْرَ بِعَدَدِ الْأَمْوَاتِ۔ | ابوبکر النجار نے کتاب السنن میں روایت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کیا کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قبرستان میں جا کر قل ہو اللہ احد گیارہ بار پڑھے اور اس کا ثواب مردوں کو بخشے تو سب مردوں کو اس کا ثواب پہنچا دیا جائے گا۔ |
| (۲) وَفِي سُنَنِهِ أَيْضًا عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَرْفَعُهُ مَنْ دَخَلَ الْمَقَابِرَ فَقَرَأَ سُورَةَ يٰسٓ خَفَّفَ اللهُ عَنْهُمْ يَوْمَئِذٍ۔ | دوسری روایت اسی کتاب میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً بیان کی گئی ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص قبرستان میں جا کر سورۃ یٰسین پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس دن تمام اہل قبور کے (جو اس قبرستان میں مدفون ہیں) عذاب میں تخفیف فرمائیں گے۔ |
| (۳) وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ زَارَ قَبْرَ | سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنے ماں باپ کی قبروں کی زیارت کی یا صرف باپ کی یا ماں کی قبر کی زیارت کر کے |

خزینۃ الاسرار کابلی ۲۹

وَالِدَيْهِ اَوْ اَحَدِهِمَا يَقْرَاءُ عِنْدَهُمَا اَوْ عِنْدَهُ يٰسِيْنَ غُفِرَ لَهُ۔

ان دونوں کے یا ایک کے نزدیک سورۃ یٰسین کی تلاوت کی تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس کے مُردوں کی مغفرت فرما دیں گے یعنی اس کے ماں باپ کو یا جس کی قبر پر سورہ یٰسین پڑھی گئی اپنے فضل سے حق تعالیٰ ان کو بخش دیں گے۔

یہ تو اسنادِ حدیث ہیں۔

مگر عقلی طور پر بھی اس کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ صوم و صلوٰۃ، حج و صدقہ کا ثواب میت کو پہنچتا ہے۔ تو پھر قرآن پاک کا ثواب پہنچنے میں کیا چیز مانع ہے جیسے صوم و صلوٰۃ وغیرہ اعمالِ خیر کا ثواب پہنچتا ہے اسی طرح یہ بھی ایک عملِ خیر ہے۔ اس کا بھی ثواب پہنچے گا۔

علامہ ابن القیم رحمۃ اللہ تعالیٰ "کتاب الروح" میں تحریر فرماتے ہیں۔

وَسِرُّ الْمَسْئَلَةِ اَنَّ الثَّوَابَ مِلْكٌ لِلْعَامِلِ فَاِذَا تَبَرَّعَ بِهٖ وَاَهْدَاهُ اِلٰى اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ اَوْصَلَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ فَمَا الَّذِيْ خَصَّ مِنْ هٰذَا ثَوَابَ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ وَحَجَرَ عَلَى الْعَبْدِ اَنْ يُّوْصِلَهُ لِاَخِيْهِ اھ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

مسئلہ کی حقیقت یہ ہے کہ ثواب نیکی کرنیوالے کی ملک ہے تو جب وہ اپنی خوشی کے ساتھ دوسرے مسلمان کو دیدیتا ہے۔ اور اس کو بخش دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ثواب کو (محض اپنے فضل سے) اس شخص کی طرف پہنچا دیتے ہیں پس کوئی وجہ اس کی ہمیں نہیں ملتی کہ تلاوتِ قرآن کے ثواب کو اس کلیہ سے مستثنیٰ کر دیا جائے اور ثواب پہنچانے کے لئے پر اس قسم پر تنہا سبب پابندی لگا دی جائے کہ وہ اپنا ثواب اپنے بھائی کو نہ بخشے



# عملیات و تعویذات

## حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ

### حل مشکلات کیلئے سورۂ یٰسین کا ورد

سورۃ یٰسین یوں پڑھے کہ ہر مُبِیْن پر یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِيْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ کُنْ پر پہنچے تو یَا اَللّٰهُ یَا غَنِيُّ یَا مُغْنِيُّ یَا فَتَّاحُ۔ پڑھ کر ختم کر دے۔ انشاء اللہ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

### برائے دفع بلیّات

مصائب دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل دُعا بارہ ہزار دفعہ روزانہ بارہ دن متواتر اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ اگر دن میں یہ تعداد پوری نہ ہو سکے تو شام کے بعد نیند سے پہلے پوری کرے۔ یَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ۔

### برائے قضائے حاجات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ھھھ ھھ ۷۸۶ ٥

۶۶۶ ۶۶۶ ۶

٭ و ہ م ص

کتالیس عدد باوضو دیسی روشنائی سے لکھیں۔ ایک عدد موم جامہ

کر کے مریض کو پہنائیں اور روزانہ ایک عدد تازہ پانی سے دھو کر علی الصباح نہار منہ پلا دیا کریں۔

آسیب و امراض مزمنہ کے لئے ایک تعویذ گلے میں ڈالیں اور چالیس عدد پلائیں۔ رات کو نیند نہ آئے اور خواب متوحش نظر آئیں تو سات آٹھ تعویذ پلائیں اور ایک تعویذ گلے میں ڈال دیں۔

**برائے حُبّ و بغض**

یہ بیت ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھی جائے۔ اوّل و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھا جائے ۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ

لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

**دم برائے تکالیف جسمانی**

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ اِشْفِ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ صبح اور عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے اور جہاں تک ممکن ہو بدن پر ملے

**آسیب معلوم کرنا**

یا اللہ

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ٦ | ٤ | ٢ |
| ٢ | ٤ | ٦ | ٨ |
| ٦ | ٨ | ٢ | ٤ |
| ٤ | ٢ | ٨ | ٦ |



یہ تعویذ لکھ کر مریض کو دکھایا جائے۔ اگر مریض دیکھ لے تو سمجھ لیا جائے کہ آسیب کا اثر نہیں ہے اور اگر نہ دیکھے تو سمجھو کہ آسیب کا اثر ہے۔

**برائے مار گزیدہ، کژدم گزیدہ، زنبور گزیدہ وغیرہ**

سُورَۃُ النّاس با بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے جائیں اور دم کرتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پانچ منٹ تک شفا کامل ہو جاتی ہے۔

یہی سورہ شریفہ نمک پر دم کر کے مار گزیدہ (سانپ کے ڈسے ہوئے) کو کھلایا جائے۔ تین مرتبہ یا گیارہ مرتبہ جتنا مناسب ہو۔

**علم کی ترقی کے لئے**

(۱) عشاء کی نماز کے بعد تین تسبیح رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھا کریں اور بعد میں درود شریف پڑھیں۔

(۲) کتاب کھولتے وقت پہلے درود شریف پھر "رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا" ایک بار، پھر درود شریف پڑھ کر کتاب پڑھنی شروع کریں۔



## فراخیٔ رزق کا وِرد

جو شخص یہ پڑھے گا دنیا اُس کے پاس ذلیل ہو کر آئے گی ترکیب یہ ہے کہ سو بار طلوعِ فجر کے بعد نمازِ فجر سے پہلے یہ دُعا پڑھے :۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

## کشائشِ رزق وادائیگیٔ قرض

کشائشِ رزق اور ادائیگی قرض کے لئے صبح کی سُنتوں اور فرضوں کے درمیان سات بار یہ آیت اس کے اوّل آخر درود شریف تین بار پڑھیں اور اپنے آپ پر دم کرلیں لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۔

## تمام حاجات کے لئے خاص وِرد

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی یہ دُعا صبح کی نماز کے بعد تیس بار اور اوّل آخر تین دفعہ درود شریف پڑھیں، جمیع حاجات کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ دُعا مبارک یہ ہے ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ وَلَا اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ كُلَّهٗ ۔

## اَمراض سے حفاظت کا وِرد

صبح کی نماز کے بعد اس دُعا کو سات بار پڑھ لینا جسم کو تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔

## دشمنوں کے شر سے حفاظت کا وِرد

جو شخص فجر کی نماز کے بعد اس دُعا کو سات مرتبہ پڑھے گا، دشمنوں کے شر سے محفوظ ہوگا۔ تجربہ کرکے دیکھئے، دُعا یہ ہے :۔
حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْقَوِیُّ لِمَنْ بَغٰى عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰہُ الشَّدِیْدُ لِمَنْ كَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۔

## سحر اور ہر تکلیف کے لئے

سحر اور ہر تکلیف سے بچنے کے لئے صبح و شام تین تین بار یہ دُعا پڑھے محفوظ رہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

## کشائشِ رزق وغنائے قلبی

کشائشِ رزق وغنائے قلبی کے لئے مندرجہ ذیل دُعا بہت مجرب ہے

انشاء اللہ اس کا اثر جلد ہی معلوم ہوگا۔ عشاء اور فجر کی نماز کے بعد سو بار پڑھنی چاہئے۔ اَللّٰھُمَّ کَمَا صُنْتَ وَجْھِیْ عَنِ السُّجُوْدِ لِغَیْرِكَ فَصُنْ وَجْھِیْ عَنِ الْمَسْئَلَةِ لِغَیْرِكَ۔

## تمام حاجات کے لئے

جو شخص سات بار صبح اور سات بار شام کو یہ دُعا پڑھے گا اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

## روزی اور حفاظت کے لئے

وُسعتِ رزق اور ہر شر سے حفاظت کے لئے صبح اور مغرب کے بعد ایک سو بار یہ دُعا پڑھیں۔ یَا بَاسِطُ یَا حَفِیْظُ اول اور آخر تین تین بار درُود شریف۔

## ہر مشکل اور ہر حاجت کے لئے

ہر مشکل اور ہر حاجت کے لئے ایک خاص وِرد یہ ہے۔ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو بار یہ دُعا پڑھیں:۔ یَا رَحْمٰنُ اَغِثْنِیْ اوّل آخر درُود شریف تین تین بار پڑھے۔



## ہر تکلیف، بیماری اور حاجت کے لئے زُود اثر وِرد

ہر قسم کی پریشانی، بیماری، مصیبت اور روزی کی تنگی، دشمن کے ایذاء کا ڈر۔ غرضیکہ جس ضرورت کے لئے یہ کلام مبارک پڑھا جائے وہ ضرورت اور مُراد انشاء اللہ پوری ہو کر رہے گی۔ انشاء اللہ پہلے ہی دن اثر ہوگا۔ صبح کی نماز کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر تین بار پہلے درود شریف پڑھے اور درمیان میں کم از کم سات بار یا زیادہ سے زیادہ سو بار یہ کلام پڑھیں پھر آخر میں تین بار درُود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دَم کر لیں۔

درُود شریف قادریہ سلسلہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

کلام مبارک یہ ہے یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَّ مَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَّ رَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ۔

## فراخئ رزق کے لئے

کشائش رزق اور ادائیگی قرض کے لئے مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھنے کی اجازت عام ہے نہایت ہی مجرب ہے۔ اوّل آخر تین مرتبہ درُود شریف اور درمیان میں یہ آیت کریمہ ایک سو بار پڑھ کر اپنے اوپر

دَم کرلیں یہ عمل صبح کی نماز کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر کریں۔
آیت کریمہ یہ ہے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

## کلمہ طیبہ کے فضائل

تلاوتِ قرآن مجید کے بعد سب سے افضل ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے یہ ورد اس طرح پڑھے کہ ایک سانس میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھتا رہے جب سانس اُکھڑے تو ایک بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہہ دے۔ اسی طرح سو بار روزانہ پڑھے۔ اور پھر آہستہ آہستہ روزانہ ایک ہزار بار تک پڑھا کرے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بتاتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے افضل ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور سب سے افضل دُعا الحمد للّٰہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر ایمان تازہ کیا کرو (یعنی کثرت سے پڑھو)۔

## استغفار کا فائدہ اور الفاظ

ایک مختصر استغفار۔ کثرتِ رزق اور ہر غم دُور کرنے اور ہر حاجت کے لئے کثرت کے ساتھ پڑھتا رہے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ (اے رب بخش دے اور رحم کر اور تُو سب رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے)۔ اس دُعا سے حصولِ مُراد کے ساتھ تلاوتِ قرآن مجید، استغفار اور دُعا کے تینوں فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

## وُسعتِ رزق کے لئے خاص وِرد

وُسعتِ رزق کے لئے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ کا یہ ایک خاص وِرد ہے۔ بعد نماز عشاء گیارہ سو بار یَا مُغْنِیُ (گیارہ تسبیح) پڑھیں۔ اور سورہ مُزّمّل سات بار روزانہ اس طریقہ سے پڑھیں کہ ہر پانچوں نمازوں کے بعد ایک بار اور صبح کی سُنّت اور فرض کے درمیان دُو بار پڑھیں۔ اس طرح دن رات میں سورہ مزمّل سات بار ہو گئی۔ اگر صبح کی سنّت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکے تو فرض کے بعد تین بار سورہ مزمّل پڑھ لے۔

## شادی کرنے اور اہل و عیال کے نیک ہونے کے لئے دُعا

اگر شادی کرانے کا خواہش مند ہو یا چاہے کہ اہل و عیال نیک بن جائیں تو یہ دُعا پڑھے:۔
رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا۔

## ہر مصیبت اور ہر حاجت کا مجرب ورد

ہر مصیبت اور حاجت کے لئے حضرت یونسؑ کی دعا نہایت مجرب ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان بھی حضرت ذوالنون علیہ السلام کی اس دعا کے ساتھ جب انھوں نے مچھلی کے پیٹ میں اپنے رب تعالیٰ کو پکارا تھا کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ جو دعا بھی کرے گا وہ قبول ہو گی۔

## ہر قسم کے شر سے حفاظت اور وسعتِ رزق کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ○ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ ○ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا ؕ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ ○ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ



وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّى الصّٰلِحِیْنَ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

## ہر مقصد اور حفاظت کے لئے

ہر دینی اور دنیاوی مقصد حاصل کرنے اور جان و مال و عزت کی حفاظت کے لئے اور دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے یہ ورد مجرب ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

جب قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ پر پہنچے تو دل میں اپنے مقصد کا خیال رکھے، علم میں اضافہ کا یا شادی کا یا حج یا ذہانت کا جو چاہے خیال رکھے یہ بہت ہی مجرب ورد ہے۔

## مصیبت پر صبر کے لئے خاص ورد

اگر کسی عزیز کے فوت ہونے پر غم زیادہ ہو تو دل کو صبر دلانے کے لئے یہ آیات تین تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے دل پر صبح و شام پھیر لیا کرے۔

۱- يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ۚ

۲- سورۂ انشراح مکمل۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ○

۳- اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○



# کلونجی کے فوائد

حدیث نبوی ۱-۳۰۳ مشکوۃ شریف۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ کالا دانہ (کلونجی) سوائے موت کے ہر بیماری کی شفا ہے [illegible] بخاری و مسلم (طب نبوی)

حکیم جالینوس کا قول ہے کہ کلونجی نفخ اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور اس کا کھانا پیٹ کے کیڑے مار دیتا ہے۔

۲ جوش دے کر شہد سے پیر لگانے سے نزلہ زکام اور سر کا درد دور ہو جاتا ہے ——————

۳ اگر خشکی کی وجہ سے بدن پر پھنسیاں سی پڑتی ہوں تو اسے کھانے سے ختم ہو جاتی ہیں ——————

۴ اگر بدن پر [illegible] پیدا ہو جائیں تو اسے لگانے سے جلد صاف ہو جاتی ہیں ——————

۵ اس کے غرارے کرنے سے حلق کا درد دور ہو جاتا ہے ——————

۶ پیشاب بند ہونے کی صورت میں کلونجی کا استعمال پیشاب کو کھل کر لاتا ہے ——————

۷ سرکے سے ملا کر کھانے سے تلی ورم ختم ہو جاتا ہے ——————

۸ روغن زیتون میں ملا کر نیم گرم [illegible] کا درد جاتا رہتا ہے ——————

۹ کلونجی سردی اور بلغمی بخار کے لئے مفید ہے ——————

۱۰ کمرے میں دھونی دینے سے مچھر وغیرہ مکمل ختم ہو جاتے ہیں ——————

۱۱ دماغ کی بیماری کے لئے ۲۱ دانے [illegible] کپڑے میں باندھ کر پانی میں ابال کر پہلے دن سیدھے نتھنے میں دو قطرے اور الٹے نتھنے میں ایک قطرہ [illegible] تین دن [illegible] انشاءاللہ مکمل شفا ہو جائے گی

۱۲ شہد کے ساتھ کھانے سے پتھری نکل جاتی ہے ——————

۱۳ اس کو جلا کر کھانے سے بواسیر کی بیماری ختم ہو جاتی ہے ——————

۱۴ سرکہ میں ملا کر مسوڑھوں پر لگائیں بہت اچھا ہو جاتا ہے ——————

۱۵ اگر زہریلا کیڑا کاٹ لے تو سرکہ میں ملا کر لگائیں فائدہ ہوگا ——————

۱۶ اس کو مہندی میں ملا کر لگانے سے سر کے بال مضبوط ہوتے ہیں اور بالوں کا گرنا ختم ہو جاتا ہے ——————

۱۷ سکنجبین کے ساتھ کھانے سے پرانا اور بلغمی بخار دور ہو جاتا ہے ——————

۱۸ سینے کا درد اور کھانسی کی بیماری میں اس کو استعمال کرنے سے راحت ملتی ہے ۱۹ معدہ کی [illegible] خشک کرتی ہے [illegible] ۲۰ حیض کی رکاوٹ کو دور کرتی ہے۔ [illegible] ایک چٹکی [illegible] شہد میں ملا کر شہادت کی انگلی سے [illegible] تمام بیماریاں ختم ہو جائیں گی انشاءاللہ ——————

# نسیان کا علاج

کچھ چیز بھول جائے یا نسیان کا غلبہ ہوجائے تو نسیان کو دُور کرنے کے لئے ابن تیمیہؒ نے فرمایا کہ یہ ورد مجربات میں سے ہے:
اسی طرح قرآن مجید کا اور حدیث شریف کا مفہوم حل نہ ہوتا ہو تو ۴۱ بار یہ دُعا روزانہ صبح پڑھا کرے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

(اے زندہ اے قائم رکھنے والے، تیرے بغیر کوئی معبود نہیں میں تیری رحمت کے واسطہ سے مدد مانگتا ہوں)۔
اسی طرح مبلغ تقریر سے پہلے اور کتاب پڑھنے سے پہلے مندرجہ بالا دُعا سات بار پڑھے تو تقریر کی آمد ہوجائے۔ اور کتاب حل ہوجائے۔

# نیند نہ آنے کا علاج

اگر پریشانی یا خشکی کی وجہ سے نیند نہ آئے تو سات دفعہ سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھے۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ۔

اِس سے آگے نہ پڑھے۔



# قصیدہ موت کی یاد میں

| | |
|---|---|
| ضَیَّعْتَ عُمْرَكَ یَا مَغْرُوْرُ فِیْ غَفَلٍ | قُمْ لِلتَّلَافِیْ فَاَنْتَ الْیَوْمَ فِیْ مَهَلٍ |
| اے فریب خوردہ تو نے غفلت میں عمر برباد کردی | اُٹھ کچھ تلافی کر کر آج بھی تجھے مہلت نصیب ہے |
| وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِمَّا فَاتَ مِنْ زَمَنٍ | وَانْدَمْ بِتَوْبٍ عَلٰی اَیَّامِكَ الْاُوَلِ، |
| جو وقت ہاتھ سے نکل گیا اس پر آنسو بہا | اور اپنی گذشتہ زندگی پر شرما کر، توبہ کر، |
| بَادِرْ اِلٰی صَالِحِ الْاَعْمَالِ مُجْتَهِدًا | فَالنُّجْحُ فِی الْجُهْدِ وَالْحِرْمَانُ فِیْ كَسَلٍ |
| کمر ہمت باندھ کر اعمال صالحہ کی جانب سبقت کر، | کیونکہ محنت میں کامیابی ہے اور کسلمندی کا انجام محرومی ہے |
| كُنْ لَا مَحَالَةَ فِی الدُّنْیَا كَمُغْتَرِبٍ | عَلٰی رَحِیْلٍ دَنِیٍّ اَوْ عَابِرِ السُّبُلِ، |
| دنیا میں ایسا رہ گویا تو سفر کے لئے | پابرکاب ہے، بلکہ راستہ سے گذر رہا ہے |
| دَارُ الْخُلُوْدِ مَقَامًا دَارُ اٰخِرَةٍ | اِنَّ الْاِقَامَةَ فِی الدُّنْیَا اِلٰی اَجَلٍ |
| ہمیشہ کی اقامت گاہ تو صرف آخرت ہے | دنیا میں قیام تو صرف میعادِ مقرر تک ہے |
| وَكُلُّ مَنْ حَلَّ فِی الدُّنْیَا فَمُرْتَحِلٌ | یَوْمًا لِمَنْزِلِهٖ فِیْ اِثْرِ مُرْتَحِلٍ |
| دنیا میں جتنے لوگ آئے انہیں یکے | بعد دیگرے اپنی منزل کی طرف کوچ کرنا ہے |
| هَلَّا اعْتَبَرْتَ فَكَمْ حَلُّوْا وَكَمْ رَحَلُوْا | وَاِنَّمَا النَّاسُ فِیْ حَلٍّ وَّمُرْتَحَلٍ |
| یہاں کتنے آئے اور کتنے چلے گئے مگر تجھ کو کچھ بھی | عبرت نہ ہوئی اور یہاں تو جو بھی آیا کوچ کرنے کو آیا |
| اِذَا تَجَهَّمَ اَمْرٌ لَا مَرَدَّ لَهٗ، | لَمْ یُغْنِ عَنْكَ اقْتِنَاءُ الْمَالِ وَالْخَوَلِ |

جب تجھے وہ حادثہ (موت) پیش آئیگا جس کو کوئی ٹال نہیں سکتا تو مال و دولت اور حشم و دولت تجھے کچھ بھی کام نہ آئیں گے

يَقُومُ عَنْكَ الْأَطِبَّاءُ وَالصَّدِيقُ إِذًا وَقَدْ طَوَوْا صُحُفَ التَّدْبِيرِ وَالْحِيَلِ

اس وقت حکیم ڈاکٹر اور دوست احباب (تجھ بچانے کی) ساری تدبیریں ختم کر کے تیرے پاس سے اُٹھ کھڑے ہوں گے

يُدْرِجُونَكَ فِي الْأَكْفَانِ مُنْتَزِعًا عَنْكَ الثِّيَابَ مِنَ الْأَبْرَادِ وَالْحُلَلِ

تیرے جسم سے لباسِ فاخرہ اُتار کر تجھے کفن کی چادروں میں لپیٹ دیں گے

وَيُودِعُونَكَ تَحْتَ الْأَرْضِ مُنْفَرِدًا وَيَتْرُكُونَكَ مَحْجُوبًا مِنَ الْمُقَلِ

تجھے زمین کی تہ میں تنہا چھوڑ دیں گے اور نظروں سے اوجھل کر دیں گے۔

وَقَائِلٍ مِنْهُمْ قَدْ كَانَ خَيْرَ أَبٍ وَقَائِلٍ مِنْهُمْ قَدْ كَانَ خَيْرَ وَلِي

کوئی کہے گا بڑا اچھا باپ تھا کوئی کہے گا بڑا اچھا دوست تھا

وَقَائِلٍ قَدْ حَبَاهُ اللّٰهُ مَغْفِرَةً وَقَائِلٍ طَابَ فِي الدُّنْيَا مِنَ الرَّجُلِ

کوئی کہے گا اللہ مغفرت فرمائے کوئی کہے گا دنیا میں بڑی اچھی زندگی گذار گیا

فَبَعْدَ ذٰلِكَ لَا يَدْرُونَ مَا فَقَدُوا وَهَمُّهُمْ فِي اقْتِسَامِ الْإِرْثِ بِالْجَدَلِ

اور اس لاف زنی مع خرچ) کے بعد انہیں یہ بھی خبر نہ ہوگی کہ کون چلا گیا، ان کی ساری توجہ میراث کی تقسیم میں لڑنے مرنے پر لگی ہوگی

وَبَعْضُهُمْ مَعَ بَعْضٍ فِي مُخَاصَمَةٍ وَإِنَّهُمْ كَبَيْنَ مَنْصُورٍ وَمُنْخَذِلِ

وہ ایک دوسرے سے خصومت اور مقدمہ بازی کریں گے اور پھر کوئی جیت گیا، کوئی ہار گیا

وَيَأْخُذُونَ قَرِيبًا فِي مَعَايِشِهِمْ لَا يَذْكُرُونَكَ فِي خَلْوٍ وَمُحْتَفَلِ

اور پھر بہت جلد پیٹ کے دھندے میں لگ جائیں گے، وہ تجھے خلوت وجلوت میں کبھی یاد نہیں کریں گے

يَا أَيُّهَا الْمَرْءُ لَا تَغْرُرْكَ صُحْبَتُهُمْ خَيْرُ الْمَصَاحِبِ عِنْدِي صَالِحُ الْعَمَلِ

اے دھوکے میں پڑے ہوئے! ان کی مصاحبت سے دھوکہ نہ کھا سب سے اچھا مصاحب نیک عمل ہے

فِيمَ التَّغَافُلُ وَالْأَيَّامُ دَائِرَةٌ فِيمَ ... التَّكَاسُلُ وَالْأَحْوَالُ فِي حَوَلِ

دن گذر رہے ہیں آخر یہ غفلت کیوں ہے۔ حالات بدل رہے ہیں یہ سستی اور کسلمندی کیسی؟

فِيمَ الْعَوِيلُ لَدَى دَارٍ خَلَتْ وَعَفَتْ فِيمَا الْبُكَاءُ عَلَى الْآثَارِ وَالطَّلَلِ

ایسے گھر پر کیا رونا اور فریاد کرنا جو خالی ہو گیا اور جس کے نشان مٹ گئے اور یادگاروں اور کھنڈروں پر رونا کیسا!

فِيمَ التَّصَابِي وَأَيَّامُ الصِّبَا غَبَرَتْ فِيمَ النَّسِيبُ وَلَا إِبَّانَ لِلْغَزَلِ

بچپن کا وقت گذر چکا پھر یہ بچپنا کیسا! غزل گوئی کا وقت بیت گیا پھر یہ شعروشاعری کیسی!

وَكَيْفَ تَلْعَبُ وَالْخَمْسُونَ قَدْ كَمُلَتْ وَكَيْفَ تَلْهُو وَنَارُ الشَّيْبِ فِي شُعَلِ

پچاس کی عمر ہو چکی پھر کھیل کود کا کیا مطلب؟ بڑھاپے کی آگ بھڑک گئی پھر لہو لعب تماشے کا کیا معنی!

فَدَعْ ذِكْرَ لَيْلَى وَلُبْنَى وَازْدِيَارَهُمَا ثُمَّ ازْدِيَالَهُمَا مِنْ هٰذِهِ الْجُمَلِ

لیلیٰ، لُبنیٰ اور ان کے وصال اور ہجر و فراق کے تذکروں کو اب جانے دے

تِلْكَ الْغَوَانِي وَإِنْ أَخْلَصْنَ خُلَّتَهَا وَاللّٰهِ لَسْنَ بَرِيئَاتٍ مِنَ الدَّخَلِ

یہ بُتانِ بے وفا خواہ کتنا ہی خلوص ومحبت جتائیں، مگر واللہ یہ کھوٹ سے خالی نہیں۔

حُبُّ الْحَبَائِبِ حِرْمَانٌ وَمَنْدَمَةٌ فَالْغَوْلُ عَاقِبَةٌ لِلشَّارِبِ الثَّمِلِ

ان نازنینوں کی محبت سراپا بدنصیبی وندامت ہے نشۂ شراب کا انجام بدمستی و مدہوشی کے سوا اور کیا ہے

إِبْرَأْ إِلَى كُلِّ حُبٍّ مِنْ مَحَبَّتِهِ وَثِقْ بِحُبِّ رَسُولِ اللّٰهِ وَاتَّكِلِ

ہر محبوب کی محبت سے دستبردار ہو کر حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رشتۂ الفت استوار کر اور اسی پر بھروسہ کر

هُوَ الَّذِي حُبُّهُ فَوْزٌ وَمَكْرُمَةٌ وَحُبُّهُ آيَةُ الْإِيمَانِ فَاكْتَمِلِ

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت کامیابی، عزت وکرامت اور علامتِ ایمان ہے اس کی تکمیل کر

وَحُبُّهُ الْعُرْوَةُ الْوُثْقَى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَلَا انْفِصَامَ لِحَبْلٍ مِنْهُ مُتَّصِلِ

اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت وہ مضبوط رسی ہے جو ٹوٹ نہیں سکتی اور جو رشتہ آپ سے وابستہ ہو وہ الگ نہیں ہو سکتا

يَا حَبَّذَا حُبُّهُ أُنْسٌ لِمُنْفَرِدٍ ذُخْرٌ لِمُدَّخِرٍ زَادٌ لِمُسْتَقِلِ

سبحان اللہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت انسان کے لئے سامانِ انسیت ہے، ذخیرہ اندوز کے لئے بہترین ذخیرہ اور عازمِ سفر کے لئے توشہ ہے

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ اشْكُرْ لِقَائِلِهِ      وَذَاكَ وَعْدٌ بِلَا خُلْفٍ وَلَا خَطَلٍ

اس فرمان عالی کا احسان مجھ پر جس نے فرمایا: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کی۔ یہ تعلیم و وعدہ ہے جس میں کوئی دھوکہ نہیں

اُحِبُّهٗ وَلِذَا اَرْجُوْ شَفَاعَتَهٗ      اِنَّ الْمُحِبَّ مِنَ الْمَحْبُوْبِ فِيْ اَمَلٍ

مجھے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے محبت ہے اسی بنا پر آپ کی شفاعت کا امیدوار ہوں، محب کو محبوب سے امید ہوتی ہے

سِنُّ السَّلَامِ لَهَا الْاِنْسَانُ بَاسِمَةٌ      فَاَنْعَمَ اللّٰهُ سِنَّ السِّيْنِ بِالْقُبَلِ

سین سلام منہ کے دانت کھل رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سین کے دانتوں کو ہمیشہ مسکراتا رکھے

شُغُلُ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَالسَّلَامِ كَفٰى      فَبَارَكَ اللّٰهُ لِيْ فِيْ ذٰلِكَ الشُّغُلِ

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام بھیجنے کا شغل کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ میرے اس شغل میں برکت دے۔

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا      عَلٰى نَبِيِّكَ طٰهٰ سَيِّدِ الرُّسُلِ

اے اللہ! ہمیشہ ہمیشہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما      اپنے نبی طٰہٰ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر

## قصیدہ ۲

لَيْسَ الْغَرِيْبُ غَرِيْبَ الشَّامِ وَالْيَمَنِ      اِنَّ الْغَرِيْبَ غَرِيْبُ اللَّحْدِ وَالْكَفَنِ

شام و یمن کا مسافر درحقیقت مسافر نہیں      البتہ گور و کفن کا مسافر واقعۃً مسافر ہے

لَا تَنْهَرَنَّ غَرِيْبًا حَالَ غُرْبَتِهِ      اَلدَّهْرُ يَنْهَرُهٗ بِالذُّلِّ وَالْمِحَنِ

کسی اجنبی کو بحالتِ غربت ہرگز نہ جھڑکو      زمانہ نے اُسے ذلت و مشقت کے ساتھ خود ہی جھڑک رکھا ہے

اِنَّ الْغَرِيْبَ لَهٗ حَقٌّ لِغُرْبَتِهِ      عَلَى الْمُقِيْمِيْنَ فِي الْاَوْطَانِ وَالسَّكَنِ

اجنبی مسافر کا حق ہے ان لوگوں پر      جو اپنے گھر اور اوطان میں اقامت پذیر ہیں

سَفَرِيْ بَعِيْدٌ وَزَادِيْ لَنْ يُبَلِّغَنِيْ      وَقُوَّتِيْ ضَعُفَتْ وَالْمَوْتُ يَطْلُبُنِيْ

میرا سفر آن دیکھے راستوں کا ہے میرا زادِ سفر منزل تک پہنچنے کے لئے ناکافی ہے اور میری

قوت کمزور ہو چکی ہے اور موت میری تلاش میں ہے

وَلِيْ بَقَايَا ذُنُوْبٍ لَسْتُ اَعْلَمُهَا      اَللّٰهُ يَعْلَمُهَا فِي السِّرِّ وَالْعَلَنِ

اور میرے پاس گناہوں کا انبار ہے جو خود میرے علم میں بھی نہیں، مگر اللہ تعالیٰ

اُن کے پوشیدہ اور ظاہر کو خوب جانتے ہیں۔

مَا اَحْلَمَ اللّٰهَ عَنِّيْ حَيْثُ اَمْهَلَنِيْ      وَقَدْ تَمَادَيْتُ فِيْ ذَنْبِيْ وَيَسْتُرُنِيْ

اللہ تعالیٰ کا حلم دیکھو کہ ان گناہوں کے باوجود مجھے مہلت دے رہا ہے اور

میں گناہ کئے جا رہا ہوں اور وہ میری پردہ پوشی فرما رہا ہے

تَمُرُّ سَاعَاتُ اَيَّامِيْ بِلَا نَدَمٍ      وَلَا بُكَاءٍ وَلَا خَوْفٍ وَلَا حَزَنِ

میرے زندگی کے لمحات ندامت و گریہ اور خوف و حُزن کے بغیر گذر رہے ہیں۔

اَنَا الَّذِيْ يُغْلِقُ الْاَبْوَابَ مُجْتَهِدًا      عَلَى الْمَعَاصِيْ وَعَيْنُ اللّٰهِ تَنْظُرُنِيْ

میں وہی ہوں کہ گناہ کرتے ہوئے مکان کے دروازے اچھی طرح بند کر لیتا ہوں

حالانکہ اللہ کی آنکھ مجھے تب بھی دیکھ رہی ہوتی ہے

يَا زَلَّةً كُتِبَتْ فِيْ غَفْلَةٍ ذَهَبَتْ      يَا حَسْرَةً بَقِيَتْ فِي الْقَلْبِ تُحْرِقُنِيْ

آہ! کتنی لغزشیں غفلت میں سرزد ہو کر داستانِ ماضی بن گئیں اور کتنی حسرتیں

دل میں اٹک کر میرے لئے آتشِ سوزاں بن گئیں۔

دَعْنِيْ اَنُوْحُ عَلٰى نَفْسِيْ وَاَنْدُبُهَا      وَاَقْطَعُ الدَّهْرَ بِالتَّفْكِيْرِ وَالْحَزَنِ

مجھے چھوڑ دو کہ میں اپنے نفس پر نوحہ کروں      اور زندگی فکر و غم میں بسر کردوں

كَاَنَّنِيْ بَيْنَ تِلْكَ الْاَهْلِ مُنْطَرِحٌ      عَلَى الْفِرَاشِ وَاَيْدِيْهِمْ تُقَلِّبُنِيْ

وہ منظر گویا میری آنکھوں کے سامنے ہے کہ میں بسترِ مرگ پر اہل و عیال کے

درمیان بے جان پڑا ہوں اور اُن کے ہاتھ مجھے کروٹیں دلاتے ہیں

كَأَنَّنِيْ وَحَوْلِيْ مَنْ يَنُوْحُ وَمَنْ     يَبْكِيْ عَلَيَّ وَيَنْعَانِيْ وَيَنْدُبُنِيْ

ہاں وہ منظر بھی گویا میرے سامنے ہے کہ میرے گرد نوحہ گروں کی بھیڑ ہے،
میری موت کا اعلان ہو رہا ہے اور مجھے مردہ حالت میں پکارا جا رہا ہے۔

وَقَدْ أَتَوْا بِالطَّبِيْبِ كَيْ يُعَالِجَنِيْ     وَلَمْ أَرَ الطَّبِيْبَ الْيَوْمَ يَنْفَعُنِيْ

میرے علاج معالجہ کے لئے طبیب کو بلایا گیا     لیکن آج طبیب کی چارہ گری میرے کس کام آئیگی؟

سَيَخْرُجُ الرُّوْحُ مِنِّيْ فِيْ تَغَرْغُرِهَا     وَصَارَ رِيْقِيْ مُرًّا حِيْنَ غَرْغَرَنِيْ

نزع کے وقت میری روح نکل جائے گی     اور غرغرہ کے وقت لعابِ دہن تلخ ہو جائیگا

وَاشْتَدَّ نَزْعِيْ وَصَارَ الْمَوْتُ يَجْذِبُهَا     مِنْ كُلِّ عِرْقٍ بِلَا رِفْقٍ وَلَا هَوَنٍ

بوقتِ نزع مجھ پر شدت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے اور موت بغیر کسی رو رعایت کے
رگ و ریشہ سے روح کو کھینچنے لگی۔

وَسُلَّ رُوْحِيْ وَظَلَّ الْجِسْمُ مُنْطَرِحًا     بَيْنَ الْأَهَالِيْ وَأَيْدِيْهِمْ تُقَلِّبُنِيْ

لیجئے روح نکال لی گئی اور میرا جسم اہل و عیال کے درمیان بے حس و حرکت
پڑا ہے اور اُن کے ہاتھ مجھے اُلٹ پلٹ رہے ہیں

وَغَمَّضُوْنِيْ وَشَدُّوا الْحَلْقَ وَانْصَرَفُوْا     بَعْدَ الْإِيَاسِ وَجَدُّوْا فِيْ شِرَى الْكَفَنِ

تھک کر لوگوں نے میری آنکھیں بند کر دیں، جبڑوں پر کپڑا باندھ دیا اور مایوسی
کے بعد جاکر فوراً کفن خریدنے لگے

وَصَارَ مَنْ كَانَ أَحَبَّ النَّاسِ فِيْ عَجَلٍ     نَحْوَ الْمُغْتَسَلِ يَأْتِيْنِيْ لِيُغَسِّلَنِيْ

جو شخص مجھے سب سے زیادہ محبوب تھا وہ بڑی جلدی سے جائے غسل کی طرف لپکا اور مجھے غسل دینے کی تیاری کرنے لگا

وَأَضْجَعُوْنِيْ عَلَى الْأَلْوَاحِ مُنْطَرِحًا     وَقَامَ فِي الْحَالِ مِنْهُمْ مَنْ يُغَسِّلُنِيْ

مجھے تختۂ میت پر لٹا کر کچھ لوگ مجھے فوراً غسل دینے لگے

وَأَسْكَبَ الْمَاءَ مِنْ فَوْقِيْ وَغَسَّلَنِيْ     غُسْلًا ثَلَاثًا وَنَادَى الْقَوْمَ بِالْكَفَنِ

میرے اوپر پانی ڈالا، تین بار غسل دیا۔ اور لوگوں کو آواز دی: کفن لاؤ

وَأَلْبَسُوْنِيْ ثِيَابًا لَا كِمَامَ لَهَا     وَصَارَ زَادِيْ حَنُوْطِيْ حِيْنَ حَنَّطَنِيْ

اور مجھے بغیر آستینوں کے چند کپڑے پہنا دیئے اور کافور لگا دیا، لیجئے یہی کافور میرا توشۂ سفر ٹھیرا

وَأَخْرَجُوْنِيْ مِنَ الدُّنْيَا فَوَا أَسَفًا     عَلَى رَحِيْلٍ بِلَا زَادٍ يُبَلِّغُنِيْ

اور اب انہوں نے مجھے دنیا سے نکال دیا ہائے افسوس! سفر پر جا رہا ہوں مگر نہ توشہ ہے نہ زادِ راہ

وَحَمَّلُوْنِيْ عَلَى الْأَكْتَافِ أَرْبَعَةٌ     مِنَ الرِّجَالِ وَخَلْفِيْ مَنْ يُشَيِّعُنِيْ

اور چار آدمیوں نے مجھے کندھوں پر اٹھایا     باقی لوگ رخصت کرنے کے لئے پیچھے ہوئے

وَقَدَّمُوْنِيْ إِلَى الْمِحْرَابِ وَانْصَرَفُوْا     خَلْفَ الْإِمَامِ وَصَلّٰى ثُمَّ وَدَّعَنِيْ

مجھے جنازہ گاہ میں لائے لوگ امام کے پیچھے صف آرا ہوئے اور اس نے جنازہ پڑھ کر مجھے رخصت کر دیا

صَلَّوْا عَلَيَّ صَلَاةً لَا رُكُوْعَ لَهَا     وَلَا سُجُوْدَ لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْحَمُنِيْ

مجھ پر ایسی نماز پڑھی جس میں نہ رکوع ہے نہ سجود۔ شاید کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر رحمت فرمائے

وَأَنْزَلُوْنِيْ إِلَى قَبْرِيْ عَلَى مَهَلٍ     وَقَدَّمُوْا وَاحِدًا مِنْهُمْ يُلَحِّدُنِيْ

اور آہستہ سے مجھے قبر میں اتار دیا     اور ایک شخص نے مجھے لحد میں اتار دیا

وَكَشَّفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِيْ لِيَنْظُرَنِيْ     وَأَسْبَلَ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنِيْ وَقَبَّلَنِيْ

اس نے آخری دیدار کے لئے میرا منہ کھولا     آنکھوں سے آنسو بہائے اور مجھے چوما

فِيْ ظُلُمَاتِ قَبْرِيْ لَا أُمِّيْ وَلَا أَحَدٌ     وَلَا أَبِيْ وَلَا أَخٌ مَنْ يُؤْنِسُنِيْ

اور میری تاریک قبر میں نہ میری ماں ہے نہ باپ، نہ بھائی، نہ کوئی اور جو میرا دل بہلا دا کرے

وَهَالَنِيْ إِذْ رَأَتْ عَيْنَايَ إِذْ نَظَرَتْ     مِنْ هَوْلِ مُطَّلَعٍ إِذْ كَانَ أَفْزَعَنِيْ

یہ تنہائی یہ تاریکی اور یہ وحشت ہی کیا کم آفت تھی کہ اچانک میری آنکھوں نے ایک ہولناک منظر دیکھا

مِنْ مُنْكَرٍ وَنَكِيْرٍ مَا اَقُوْلُ لَهُمْ          قَدْ هَالَنِيْ اَمْرُهُمْ جِدًّا فَاَفْزَعَنِيْ

یعنی منکر نکیر جیسے تم شکل ہیں خوفناک ہیں ہائے افسوس ان کو کیا کہوں ان کی ہولناکی نے تو میرے ہوش و حواس گم کر دیئے

وَاَقْعَدُوْنِیْ وَجَدُّوْا فِیْ سُؤَالِهِمْ .          مَالِیْ سِوَاكَ اِلٰهِیْ مَنْ یُّخَلِّصُنِیْ

انہوں نے مجھے بٹھلا لیا اور سختی سے جواب طلبی کرنے لگے          بار الہا تیرے سوا کوئی میرا نہیں جو مجھے اس مصیبت سے نجات دلائے

فَامْنُنْ عَلَیَّ بِعَفْوٍ مِّنْكَ یَا اَمَلِیْ ،          اُمْنُنْ عَلٰی تَارِكِ الْاَوْلَادِ وَالْوَطَنِ

اے میری امید! عفو و در گذر کے ساتھ مجھ پر احسان فرما، اس غریب الوطن پر احسان فرما جو اہل و عیال اور وطن سب کچھ پیچھے چھوڑ آیا

تَقَاسَمُوْا اَهْلِ الْمِیْرَاثَ وَانْصَرَفُوْا          وَصَارَ وِزْرِیْ عَلٰی ظَهْرِیْ یُثْقِلُنِیْ

گھر کے لوگ واپس جا کر میری میراث بانٹنے لگے اور گناہوں کے بوجھ کی گراں باری میری پشت پر آ پڑی

اِسْتَبْدَلَتْ زَوْجَتِیْ بَعْدًا لَهَا بَدَلِیْ          وَحَكَّمَتْهُ فِی الْاَمْوَالِ وَالسَّكَنِ

میری بیوی نے نیا شوہر کر لیا          اور گھر بار کا حکمراں اسے بنا دیا

